محمد بن احمد بن قريش البزاز ، قالا ، حدثنا محمد بن يحيى المروزي أخبرنا أبو عبيد حدثنا حجاج عن شعبة عن عمرو بن أبي وهب الخزاعى عن موسى بن ثوران البجلى عن طلحة بن عبيد الله بن كريز الخزاعى عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا توضأ يخلل لحيته وأما حديث عبيد الله بن عمر فاخبر ناه احمد بن عمر بن روح النهر وانى وعلى بن أبي على البصرى ، قالا أخبرنا الحسين بن محمد بن عبيد العسكرى حدثنا محمد بن يحيى المروزى حدثنا أبو عبيد حدثنا يحيى بن سعيد عن عبيد الله من عمر بن عن سعيد بن أبى سعيد عن أبى سلمة بن عبد الرحمن.

قال رأت عائشة عبد الرحمن توضأفقالت ، يا عبد الرحمن اسبغ الوضوء ، فانى سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ، ويل للاعقاب من النار ، أخبرنا أبو بكر عبد الله بن على بن حمويه بن ابزك الهمدانى .

قال ابراهيم أبي طالب، سألت أبا قدامة عن الشافعي وأحمد بن حنبل واسحاق وأبي عبيد ، فقال ، أما أفهمهم فالشافعي إلاأنه قليل الحديث ، وأما أورعهم فأحمد بن حنبل وأما أحفظيم فاسحاق ، وأما أعلمهم بلغات العرب فأبو عبيد .

قال اسحاق بن ابراهيم ، أبو عبيد أوسعنا علماء وأكثرنا أدبا ، وأجمعنا جمعاء إنا نحتاج إلى عبيد ، وأبو عبيد لا يحتاج الينا.(٨١)

قال ابراهيم الحربي ، أدركت ثلاثه أن يرى مثلهم أبداء تعجز النساء أن مثلهم ، رأيت أبا عبيد القاسم بن سلام ما مثلته إلا بجبل نفخ فيه روح ، ورأيت بشر بن الحارث فما شبهته إلا برجل عجن من قرنه إلى قدمه عقلا ، ورأيت أحمد بن حنبل قرأيت كَانَ اللّٰه جمع له علم الاولين من كل صنف ، يقول، ماشاء ويمسك ماشاء ، قال حمدان بن سهل سألت يحيى معين عن الكتابة عن أبي عبيد والسماع منه فتبسم وقال ، مثلى يسأل عن أبي عبيد ، أبو عبيد يسأل عن الناس ، لقد كنت عند الا صمعي يوماً إذا قبل أبو عبيد فشق إليه بصره حتى اقترب منه فقال ، أترون هذا المقبل ؟ قالو انعم ! قال لن تضيع الدنيا او ان يضيع الناس ماحي هذا المقبل (٧٢)

ماأخذ عليه !

رغـم غزارة علمه وسعة معرفته في العلوم والفنون فانه لم يسلم عن النقدو الجرح، قـد أخـذ عـليـه بـعـض الـعـلـمـاء في ضعفه في الاعراب والأ خطأ الكتابية اذ يختلط عليه الاعجام والإ همال فيقع في التصحيف والخطيب البغدادي يذكر في تاريخه، انصرف أبو عبيـد يوما من الصلاة فمر بدار اسحاق الموصلى ، فقالو ا له يا أباعبيد صاحب هذه الدار يـقـول إن فـي كتابك غريب المصنف الف حرف خطأء فقال أبو عبيد ، كتاب فيه اكثر من مـائة الف يقع فيه الف ليس بكثير ، ولعل اسحاق عنده رواية وعندنا رواية وعندنا رواية فـلـم فـعلم فخطّأنا، والروايتان صواب ولعله أخطأفي حروف وأخطأنا في حروف قيبقي الـخـطـأشئ يسير ، وكتاب غريب الحديث فيه أقل من مائتيي حرف سمعت ، والباقي قال الاصمعى ، وقال أبو عمرو وفيه خمسة وأربعون حديثا أصل لها ، أوتى فيها أبو عبيد من أبي عبيده معمر بن المثنى.(٧٣)

قـال عـلـي بـن عبـد الـعزيز قال عبد الرحمن اللحنة صاحب أبي عُبَيد ، قيل لأ بي عبيـد وقد اجتاز على دار رجل من أهل الحديث كان يكتب عنه الناس وكان يزن بشرًّ إن صاحب هذه الدّار يقول أخطأ أبو عبيد في مائتى حرف في المصنف ، فقال أبو عبيد ولم يـقـع في الرجل شئ مما كان يُعرف به في المصنف مائة ألف حرف فلم أخطئ في كل ألف حـرف إلا حـرفين ، ما هذا بكثير مما استدر ك علينا ، ولعل صاجبنا هذا لو بدا لنا فناظر ناه في هاتين الماتين بزعمه لوُ جَدنَا لها مخرجا.(٧٣)

وحـدث مـن عباس الخياط قال ، كنت مع أبي عبيد فاجتاز بدار إسحاق الموصلى فـقـال ، ماأكثر علِمِهُ بالحديث والفقه والشعر مع عناية بالعلوم ! فقلت له إنه يذكرك بضدً هـذا ، قـال ، ومـا ذالك ؟ قـلـت ، إنـه يزعم أنك صحّقت في المصنف نيّفا وعشرين حرفا ، فـقال ، ماهذا بكثير في الكتاب عشرة آلاف حرف مسموعة يٍغلطُ فيها بهذا لَيَسِرٌ ، لعلى تو نـاظـرت فيهـا لا حتـججتُ عنها ، ولم يذكر اسحاق إلا بخير ، قال الذبيدي، ولما اختلفت هـاتـان الـروايتان في العدد امتحنت ذلك في المصنف فوجدت فيه سبعة عشر ألف حرف

وتسع مائة وسبعين حرفا.

قال أبو عمرو بن الطوسى ، قال قال لى أبي ، غدوت إلى ألى عبيد ذات يوم ، فاستقبلى يعقوب بن المسكيت فقال إلى أن ؟ فقلت إلى ألى عبيد ، فقال لى ، الرجل غضبان قال قلت من أيِ شئ؟ فقال جاء ني منذ أيام فقال لي إقرأ عليَّ غريب المصنف ، فقلت لا ولكن تجيئ مع العامة فغضب (٧٥)

وقال أبو الطيب عبد الواحد بن على اللغوي في كتاب مراتب النحويين ، وأما أبو عبيد القاسم بن سلام فانه مصنف حَسَنُ التاليف إلا أنه قليل الرواية ، يقتطعه عن اللغة علوم أفَتَن فيها.

وأما كتابه المترجم بالغريب المصنف فإنه اعتمد فيه على كتاب عمله رجل من بنى هاشم جمعه لنفسه ، وكان مع هذا ثقة ورعا لا بأس به ولا بعلمه ، سمع من أبي زيد شيا وقد اخذت عليه مواضع في غريب المصنف ، وكان ناقص العلم بالإعراب (٧٧)

المصادر والمراجع

١- تاريخ الأدب العربى ١٢٠.

٢- وفيات الأعيان ٦٠/٤ وبغية الوعاة ٢٥٥/٢ ودائرة معارف اسلامية ٣٤/١٦ وهدية العارفين ١٢٥/١.

٣- الأعلام ٦٧١/٥.

٤- تاريخ بغداد ٤٠٣/١٢ وتذكرة الحفّاظ ٤١٧/٢.

٥- تاريخ بغداد ٤٠٤/١٢.

٦- وفيات الأعيان ٦٠-٦٢/٤.

٧- الأعلام ١٧٦/٥ وشذرات الذهب ٥٥/٢.

٨- تاريخ بغداد ٤٠٣/١٢.

٩– الفهرست لابن نديم ١٠٦ وشذرات الذهب ٢/٥٥.

١٠– وفيات الأعيان ٦٠–٤.

١١– الأعلام ١٧٦/٥.

١٢– تاريخ بغداد ٤٠٣/١٢.

١٣– "طرسوس" بفتح الطاء المهملة والراء وضم. الين المهملة وسكون الواو وبعدهاس ثانيه، وهي مدينة بساحل الشام عند السين والمصيصة بناها المعدى ابن المنصور أبي جعفر في سنة ثمان وستين ومائة وفيات الأعيان ٦٢/٤.

١٤– الفهرست لابن نديم ١٠٦ ومعجم الادباء ٢٥٤/١٦.

١٥– بغية الوعاة ٢٥٣/٢.

١٦– تاريخ بغداد ٤٠٥– ٣٠٦/١٢.

١٧– معجم المؤلفين ٣٠٩/١٢.

١٨– معجم المؤلفين ٢٢/٤.

١٩– معجم المؤلفين ٨٤/٧.

٢٠– معجم المؤلفين ٢٣٨/١–٢.

٢١– الفهرست لابن نديم ٨٢.

٢٢– معجم المؤلفين ٢٢٠/١٣.

٢٣– معجم المؤلفين ١٩٨/١٣–١٤.

٢٤– معجم المؤلفين ٢٣٨/١٣.

٢٥– معجم المؤلفين ٤١/١٠.

٢٦– معجم المؤلفين ١١/١٠.

٢٧– تاريخ بغداد ٤٠٣/١٢ وثقات ابن حبان ١٧/٩.

٢٨– الفهرست لابن نديم ١٠٧.

٢٩– الحارث بن أبي أسامة: حارث بن محمد أبي أسامة التميمى البغدادى (أبومحمد) محدث توفي يوم عرفة له مسند ٢٨٢هـ معجم المؤلفين ١٧٥/ ٣.

٣٠– تاريخ بغداد ٤٠٣/١٢ على بن عبدالعزيز المرزبان البغوى (أبو الحسن) شيخ الحرم

من حفاظ الحديث كان ثقة مأمونا جاود بمكة له "مسند" توفي ٢٨٢هـ معجم المؤلفين ٣٠٠/٤.

٣١- معجم الأدباء ٢٥٤/١٥-١٦.

٣٢- الفهرست لابن نديم ١٠٦.

٣٣- تاريخ بغداد ٤٠٤/١٢.

٣٤- معجم الأدباء ٢٦٠/١٥-١٦.

٣٥- تاريخ بغداد ٤٠٥- ٤٠٦-٤٠٧/١٢ ووفيات الأعيان ٦١/٣.

٣٦- شذرات الذهب ٥٥/٢.

٣٧- الأعلام ١٧٦/٥ وتاريخ بغداد ٤١٣-٤٠٤/١٢.

٣٨ عبدالله بن طاهر: عبدالله بن طاهر بن الحسين بن مصعب بن رذيق كان أمير المؤمنين المأمون ولّاه الشام حربا وخراج فخرج من بغداد إليها واحتوي عليها، وبلغ إلى مصر ثم عاد فولاه المأمون أمادة خرامان فخرج إليها وأقام بها حتى مات تاريخ بغداد ٤٨٣/٩ قال احسان الزبادى: سنة ثلاثين ومأتين فيها مات عبدالله بن طاهر (أبا العباس) بمر وفي شهر ربيع الاول لإحدى عشرة خلت منه وتوفي وهو والى خراسان وجرجان والري وطبرستان تاريخ بغداد ٤٨٨/٩.

٣٩- معجم الادباء ٢٥٥-٢٥٦/١٦ وشذرات الذهب ٥٥/٢.

٤٠- معجم الادباء ٢٥٧/١٦.

٤١- معجم الادباء ٢٦١/١٦.

٤٢- المأمون: ولد عبدالله أبوالعباس المأمون بن الرشيد سنة ١٧٠هـ في ليلة التي مات فيها عمه الخليفة الهادى وقد ولاه أبوه العهد وهو في الثالثة عشرة من عمره بعد أخيه الأمين وأسند إليه ولاية خراسان وما يتصل بها إلى همذان، وتوفي المأمون فقد أصابته الحمى وهو في شمال مدينة طوس سنة الثامنة والأربعين من عمره. تاريخ الإسلام السياسى ٦٦-٧٤/٢.

٤٣- تاريخ بغداد ٤٠٧-٤٠٨/١٢.

٤٤- خراسان: بلاد واسعة أول حدودها ممّايلي العراق أزاد دار قصبة جو بن وبيهق وآخر

حـدودهـا مـمـايلي الهند طخارستان وغزنه وسجستان وكرمان وليس ذالك منها إنها هو أطـراف حـدودهـا، وتشتـمـل على أمهات من البلاد منها نيسابور وهراة ومرو وهي كانت قصبتها وبلخ وطالقات وسرخسى وما يتحلل ذلك من المدن التي دون نهر جيحون معجم البلدان ٣٥٠/٢.

٤٥– تاريخ بغداد ٣٠٦/١٢.

٤٦– وفيات الأعيان ٦٠/٤.

٤٧– شذرات الذهب ٥٥/٢.

٤٨– وفيات الأعيان ٦٢٠/٤ وشذرات الذهب ٥٥/٢ ومعجم الادباء ٢٥٧/١٢.

٤٩– تاريخ بغداد ٣١٢/١٢.

٥٠– تاريخ بغداد ٤١٢/١٢ ومعجم الادباء ٢٥٧/١٦.

٥١– وفيات الأعيان ٦٠/٤.

٥٢– تاريخ بغداد ٤١٥/١٢.

٥٣– تاريخ بغداد ٤٠٦/١٢.

٥٤– تاريخ بغداد ٤٠٩/١٢.

٥٥– معجم الادباء ٢٥٩/١٦.

٥٦– ثقات ابن حبان ١٧/٩.

٥٧– شذرات الذهب ٥٤/٢.

٥٨– تذكرة الحفاظ ٤١٧/٢.

٥٩– الثغور: بالفتح ثم الضم: حصن باليمن لحمير معجم البلدان ٨١/٢.

٦٠– تاريخ بغداد ٤١٣/١٢.

٦١– تاريخ بغداد ٤١٠– ٤١١/١٢.

٦٢– تاريخ بغداد ٤١٤/١٢.

٦٣– تاريخ بغداد ٤١٣/١٢.

٦٤– معجم الادباء ٢٥٨/١٦ وبغية الوعاة ٢٥٨/٢.

٦٥– تاريخ بغداد ٤٠٨/١٢.

٦٦– معجم الادباء ٢٥٤–٥٥/١٥–١٦ وبغية الوعاة ٣٥٣/٢.

عربی اور اردو عروض کا مختصر تقابلی جائزہ

حافظ محمد سرور*

Abstract

The knowledge of prosody has great importance for every type of poetry. The great Arabic scholar named Khalil Bin Ahmad founded it. In Urdu Language it has come via Arabic. So far as the knowledge of prosody in Urdu is concerned, it has got its foundations in Arabic language. Some prosodic characteristics are common and others are distinct between them. In this brief article, the researcher has tried to highlight and bring out the similarities and differences between Urdu and Arabic.

عروض عربی زبان کا لفظ ہے اس کا مادہ ''ع رض'' ہے اور جمع اعاریض ہے اور اس کے مندرجہ ذیل معانی ہیں۔ ۱۔ علم اوزان شعر ۲۔ کنارہ ۳۔ دامنِ کوہ میں واقع کسی آبنائے سے گزرنے والا راستہ ۴۔ چلتے وقت سامنے سے رکاوٹ بننے والی جگہ ۵۔ ضرورت کے ہیں (۱)

عروض وہ علم ہے جس کی وجہ سے شعر کا صحیح وزن غیر موزوں سے ممتاز ہو جاتا ہے اور اس کی رعایت انسان کو وزنِ شعر میں فساد سے بچاتی ہے۔ علم عروض کو بھی دوسرے علوم کی طرح زبان میں مسلّم حقیقت مانا گیا ہے کیونکہ نظم بھی نثر کی مانند زبان کا جزو خاص ہے اگر نثر قواعد کے بغیر ممکن نہیں تو نظم بھی عروض کے بغیر محال ہے اس علم کو عرب ماہر لغت ابو عبدالرحمٰن خلیل بن احمد فراہیدی (متوفی ۱۷۴ھ۔ ۷۹۱م) نے ایجاد کیا روایت ہے کہ خلیل نے شہر مکہ میں علم عروض کو اس طرح ایجاد کیا کہ ایک دن وہ بازار صفارین یعنی ٹھٹھیری بازار میں جاتا ہے کسی نے طشت پر ہتھوڑا مارا چونکہ فن موسیقی سے ماہر تھا جھنکار کے ساتھ خوشی کے مارے اچھل پڑا اور بے اختیار منہ سے نکل پڑا کہ ''وَاللّٰہِ یَظْہَرُ مِنْ ہَذَا شَیٔ'' یعنی بخدا اس سے کوئی چیز معلوم ہوتی ہے پھر تو ایک موزونیت وہمی کا خیال اپنے دماغ میں گانٹھنے لگا چونکہ وزن صرفی فعل مشہور تھے اسلیے خلیل فا 'عین اور لام کے موافق انہیں فقرات متتابع اور سکنات متناسب سے اوزان عروضی تراش لیے۔ (۲) خلیل نے اس علم کو مکہ اور طائف کے درمیان عروض نامی جگہ میں ایجاد کیا اور اس علم کا نام بھی اسی جگہ کے نام پر رکھ دیا (۳) پھر یہ علم برصغیر میں داخل ہوا اور اردو شاعری پر گہرے اثرات

* ایم۔ فل۔ شعبہ عربی، بہاالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

چھوڑے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ عربی علم عروض کو اردو علم عروض کے لئے ماں کی سی حیثیت حاصل ہے ہم اس مضمون میں پہلے مختصراً علم عروض کا برصغیر میں منتقل ہونے کا تاریخی پس منظر رقم کرتے ہیں پھر عربی اور اردو مسائل عروض کا تقابل تحریر کریں گے۔

برصغیر اور جزیرہ نمائے عرب میں تجارتی تعلقات صدیوں سے استوار تھے اگرچہ دونوں خطوں کے درمیان سمندر حائل تھا لیکن پھر بھی عرب اور اہلِ ہند سیکڑوں سالوں سے ایک دوسرے کے ساحل تک رسائی رکھتے تھے۔

بعض مؤلفین نے ذکر کیا ہے کہ وہ برصغیر سے بہت سی چیزیں مثلاً فلفل (مرچ) زنجبیل (ادرک) اور عود ہند (خوشبودار لکڑی) خریدتے تھے (۴) ڈاکٹر محمد شفقت اللہ ان روابط کو یوں بیان کرتے ہیں کہ عربوں کی آمدورفت یکطرفہ نہیں تھی بلکہ مختلف ہندوستانی قبائل واقوام کے لوگ بھی سرزمینِ عرب کے شہروں میں آتے جاتے رہتے تھے پہلی صدی ہجری کے آخری عشرے یعنی ۹۱ھ میں سندھ پر عربوں کے فوجی حملے سے برصغیر میں مسلمانوں کے باقاعدہ سیاسی دور کا آغاز ہوا (۵) اس کے بعد اسلامی فتوحات کا سلسلہ شروع ہوگیا پھر برصغیر کے سیاسی، ثقافتی اور ادبی پہلوؤں پر عربی زبان نے گہرے اثرات مرتب کیے جس کی وجہ سے عربی شاعری کے اصول اردو شاعری میں داخل ہوگئے برصغیر کے اردو اور عربی گو شعراء نے بے ضابطہ شاعری نہیں کی بلکہ قوانینِ عروض کی پاسداری کرتے ہوئے بعض عرب شعراء پر تفوّق حاصل کیا مثلاً۔

ابوعطا افلح بن یسار السندی (متوفی بعد ۱۸۰ھ) کے اشعار کو ابوتمام حبیب بن اوس الطائی (متوفی ۲۳۱ھ) نے حماسہ (۶) اور ابوالفرج علی بن حسین اصفہانی (متوفی ۳۵۶ھ) نے الاغانی میں ذکر کیا (۷) اس کے علاوہ بھی بہت سے اردو شعراء ہیں جو اردو اور عربی قوانینِ شاعری میں یدِطولیٰ رکھتے ہیں۔

مندرجہ بالا حقائق کی بنا پر یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ عربی علم عروض کے اردو علم عروض پر گہرے اثرات ہیں اب ہم عربی اور اردو مسائل عروض کا تقابل پیش کرتے ہیں۔

حرکات وسکنات کے لحاظ سے عروض کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ان کو عناصر کہا جاتا ہے۔

(i)	سبب	جمع	اسباب
(ii)	وتد	جمع	اوتاد
(iii)	فاصلہ	جمع	فواصل

ان میں سے ہر کوئی دو دو حصوں میں منقسم ہوجاتا ہے۔

سبب: (i) سبب خفیف (ii) سبب ثقیل

وتد: (i) وتد مجموع (ii) وتد مفروق

فاصلہ: (i) فاصلہ صغریٰ (ii) فاصلہ کبریٰ (۸)

بعض ان میں سے عربی اور اردو عروض میں مشترک ہیں اور بعض منفرد ہیں؛۔

مشترک عناصر

سبب خفیف: سبب خفیف ایسا عنصر جس میں دو حروف پائے جائیں پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو۔

عربی میں مثالیں: لَمْ ،بَلْ، مِنْ

اردو میں مثالیں: ہَم ،تُم ،جِس

سبب ثقیل: ایسا عنصر جس میں دو حروف پائے جائیں پہلا متحرک اور دوسرا بھی متحرک ہو۔

عربی میں مثالیں: لَکَ، بِکَ، لِمَ.

اردو میں مثالیں: رُخِ انور، یدِ طولی، یدِ بیضاء

وتد مجموع: ایسا عنصر جس میں تین حروف ہوں پہلے دو متحرک اور تیسرا ساکن ہو۔

عربی میں مثالیں: سَعَی ، طَوَ ی، خلاَ ،عَدَا

اردو میں مثالیں: مگر، اگر، اسے، جسے

وتد مفروق: ایسا عنصر جس میں تین حروف پائے جائیں پہلا اور تیسرا حرف متحرک اور درمیانہ ساکن ہو۔

عربی میں مثالیں: قال ، قا د ، شدَّ

اردو میں مثالیں: صبرِ جمیل، اجرِ عظیم

فاصلہ صغریٰ: ایسا عنصر جس میں چار حروف ہوں تین متحرک چوتھا ساکن ہو۔

عربی میں مثالیں: ضَرَبَتْ ، کَرَم''، جَبَل''

اردو میں مثالیں: مَدَنی، نَظَری، سُخَنے، نہ رہا

فاصلہ کبریٰ: ایسا عنصر جس میں پانچ حروف ہوں چار متحرک اور پانچواں ساکن ہو۔(۹)

عربی میں مثالیں: جَمَعَهُمْ، سَمَكَة''

اردو میں مثالیں: بکفِ غم، رخِ صنم

منفرد عناصر: (اردو کیلئے)

وتد کثرت: ایسا عنصر جس میں چار حروف ہوں پہلے دو متحرک دوسرے دو ساکن ہوں۔
مثلاً، جہان، جہاز، نماز، جمال، خیال،

فاصلہ عظمیٰ: ایسا عنصر جس میں چھ حروف ہوں پہلے پانچ متحرک اور چھٹا ساکن ہو۔ (۱۰)
مثلاً۔ بَرُخِ صنم حَرَکتِ گُل بَرَکتِ دَم

تفاعیل:۔

مذکورہ بالا عناصر مل کر تفاعیل بناتے ہیں

ڈاکٹر ممدوح حقی اور ابراہیم انیس کہتے ہیں کہ محققین کے نزدیک بحور کیلئے تفاعیل کی تعداد آٹھ ہے (۱۱) اسی طرح اردو عروض کے بارے میں مولوی عبدالحق بیان کرتے ہیں کہ تفاعیل کی تفصیل آٹھ بتائی جاتی ہے (۱۲)

ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

1۔	فَعُوْلُنْ:	فعو وتد مجموع	لن سبب خفیف	
2۔	فَاعِلُنْ:	فا سبب خفیف	علن وتد مجموع	
3۔	مَفَاعِیْلُنْ:	مفا وتد مجموع	عی سبب خفیف	لن سبب خفیف
4۔	مُسْتَفْعِلُنْ:	مُس سبب خفیف	تف سبب خفیف	علن وتد مجموع
5۔	مَفَاعَلَتُنْ:	مفا وتد مجموع	علتن فاصلہ صغرٰی	یا سبب ثقیل اور سبب خفیف
6۔	مُتَفَاعِلُنْ:	متفا فاصلہ صغرٰی	یا سبب ثقیل اور سبب خفیف	علن وتد مجموع
7۔	فَاعِلَاتُنْ:	فا سبب خفیف	علا وتد مجموع	تن سبب خفیف
8۔	مَفْعُوْلَاتُ:	مف سبب خفیف	عو سبب خفیف	لات وتد مفروق

اکثر علماء عروض نے ان میں مزید اضافہ کیا ہے۔

۹۔	فَاعِ لَاتُنْ:	فاع وتد مفروق	لا سبب خفیف	تن سبب خفیف
۱۰۔	مُسْتَفْعِ لُنْ:	مس سبب خفیف	تفع وتد مفروق	لن سبب خفیف (۱۳)

زحاف:۔ زحاف ایسی تبدیلی ہے جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف پر واقع ہوتی ہے۔ (۱۴)

علت:۔ علت ایسی تبدیلی ہے جو سبب خفیف یا ثقیل کے علاوہ اسباب پر بھی واقع ہوتی ہے۔ (۱۵)

ان کی دو دو اقسام ہیں:۔

زحافات: (i) زحاف مفرد

(ii) زحاف مرکب

علل: (i) علت نقص

(ii) علت زیادت (۱۶)

زحافات و علل میں سے بعض عربی اور اردو عروض میں مشترک ہیں اور بعض مخصوص ہیں

مشترک زحافات

زحاف مفرد:۔

۱۔ **خبن:** دوسرے ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''مستفعلن'' سے دوسرا ساکن ''س'' ساقط کیا تو ''متفعلن'' رہ گیا پھر اس کو ''مفاعلن'' میں تبدیل کر لیا۔

۲۔ **اضمار:** دوسرے متحرک کو ساکن کر دینا مثلاً ''متفاعلن'' سے دوسرا متحرک ''ت'' ساکن کیا تو ''متفاعلن'' ہو گیا پھر اس کو ''مستفعلن'' میں تبدیل کر لیا۔

۳۔ **طی:** چوتھے ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''مستفعلن'' سے چوتھا ساکن ''ف'' ساقط کیا تو ''مستعلن'' رہ گیا پھر اس کو ''مفتعلن'' میں تبدیل کر لیا۔

۴۔ **قبض:** پانچویں ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''مفاعیلن'' سے پانچواں ساکن ''ی'' ساقط کر دیا تو ''مفاعلن'' بنا۔

۵۔ **کف:** ساتویں ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''مفاعیلن'' سے ساتواں ساکن ''ن'' ساقط کر دیا تو مفاعیل بنا (۱۷)

زحات مرکب:۔

۱۔ **خبل:** خبن اور طی پر مشتمل ہے یعنی دوسرے ساکن کو ساقط کر دینا پھر بقیہ میں سے چوتھے ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''مستفعلن'' سے دوسر ساکن ''س'' اور چوتھا ساکن ''ف'' ساقط کر دیا تو ''متعلن'' بنا۔

۲۔ **شکل:** خبن اور کف پر مشتمل ہے یعنی دوسرے ساکن کو ساقط کر دینا پھر بقیہ میں سے ساتواں

ساکن ساقط کر دینا مثلاً ''مستفعلن'' سے دوسرا ساکن ''س'' اور ساتواں ساکن ''ن'' ساقط کر دیا تو ''متفعل'' بنا (۱۸)

مخصوص زحافات (عربی کے ساتھ)

زحاف مفرد:۔

۱۔ **وقص:** دوسرے متحرک کو ساقط کر دینا مثلاً ''متفاعلن'' سے دوسرا متحرک ''ت'' ساقط کر دیا تو ''مفاعلن'' بنا۔

۲۔ **عقل:** پانچواں متحرک ساقط کر دینا مثلاً ''مفاعلتن'' سے پانچواں متحرک ''ت'' ساقط کر دیا تو ''مفاعلن'' بنا۔

۳۔ **عصب:** پانچواں متحرک ساکن کر دینا مثلاً ''مفاعلتن'' سے پانچوں متحرک ''ل'' ساکن کر دیا تو ''مفاعلتن'' ہوا پھر اس کو ''مفاعیلن'' میں تبدیل کر لیا۔(۱۹)

زحاف مرکب:۔

۱۔ **خزل:** اضمار اور طی پر مشتمل ہے یعنی دوسرے متحرک کو ساکن کر دینا پھر چوتھے ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''متفاعلن'' سے دوسرے متحرک ''ت'' کو ساکن کیا پھر چوتھے ساکن ''الف'' کو ساقط کیا تو ''متفعلن'' ہو گیا پھر ''مفتعلن'' بنا لیا۔

۲۔ **نقص:** عصب اور کف پر مشتمل ہے یعنی پانچویں متحرک کو ساکن کر دینا پھر ساتویں ساکن کو ساقط کر دینا مثلاً ''مفاعلتن'' سے پانچواں متحرک ''ل'' ساکن کر دیا پھر ساتواں ساکن ''ن'' ساقط کر دیا تو ''مفاعلت'' بنا پھر اس کو ''مفاعیل'' میں تبدیل کر لیا۔(۲۰)

مخصوص زحافات (اردو کے ساتھ)

مفرد اور مرکب:۔

۱۔ **تسکین:** جب تین متحرک متوالی ایک یا دو رکن میں ہوں تو درمیانے کو ساکن کر دینا مثلاً ''مفتعلن'' سے درمیانہ متحرک ''ع'' ساکن کیا تو ''مفتعلن'' بنا پھر اس کو ''مفعولن'' میں تبدیل کر لیا۔

۲۔ **رفع:** جب دو سبب خفیف متوالی کسی رکن کے شروع میں واقع ہوں تو ان دونوں میں سے ایک سبب خفیف کو ساقط کر دینا مثلاً ''مستفعلن'' سے ایک سبب خفیف نکال دیا تو ''تفعلن'' یا ''مسعلن'' رہ گیا پھر اس کو

''فاعلن''میں تبدیل کرلیا۔

۳۔ زلل: اس میں ہتم اور تحبیق یا خرم اور ہتم جمع ہوئے ہیں مثلاً''مفاعیلن''سے فاع

۴۔جدع: جب دوسبب خفیف کسی رکن میں جمع ہوں تو ان دونوں اسباب کو ساقط کر دینا اور آخری حرف کو ساکن کر دینا مثلاً''مفعولات''سے دونوں اسباب خفیفہ''مفعو'' کو ساقط کر دیا پھر آخری حرف کو ساکن کر دیا تو ''لات'' باقی بچا پھر اس کو''فاع''میں تبدیل کر دیا۔

۵۔ خلع: دوسرے ساکن کو ساقط کر دینا اور وتد مجموع کا آخری حرف ساقط کر کے پہلے کو ساکن کر دینا مثلاً''فاعلن'' سے دوسرا ساکن''الف'' ساقط کر دیا پھر وتد مجموع کے آخری حرف''ن''کو ساقط کیا اس سے پہلے''ل'' متحرک کو ساکن کیا تو''فعل''بن گیا۔

۶۔جبّ: اگر کسی رکن کے آخر میں دوسبب خفیف واقع ہوں تو ان دونوں کو گرا دینا مثلاً''مفاعیلن'' سے آخری دونوں سبب خفیف کو گرا دیا تو''مفا''بن گیا۔

۷۔بتر آخری سبب خفیف کو ساقط کر دینا پھر وتد مجموع کے آخری حرف کو ساقط کر کے اس سے پہلے کو ساکن کر دینا مثلاً''فاعلاتن'' سے آخری سبب خفیف''تن'' ساقط کیا تو''فاعلا'' رہ گیا پھر وتد مجموع کا آخری حرف ساقط کیا اور اس سے پہلے والے کو ساکن کر دیا تو''فاعل''بن گیا۔

۸۔تحبیق و تحنیق: جب وتد مجموع کسی رکن کے شروع میں ہو اور وہ رکن صدر یا ابتداء میں نہ ہو حشو یا عروض وضرب میں واقع ہو اور اس رکن کے ماقبل ایک متحرک ہو جس سے تین متحرک متوالی ہو جائیں تو اس وتد کے آخری حرف کو ساکن کرنا ہے۔

۹۔ہتم : آخری سبب خفیف کو ساقط کر دیا جائے اور بقیہ سبب خفیف کے آخری حرف کو بھی ساقط اور پہلے کو ساکن کر دیا جائے مثلاً''مفاعیلن'' سے آخری سب خفیف''لن''کو ساقط کر دیا پھر بقیہ سبب خفیف کے آخری حرف''ی'' کو بھی ساقط کر کے اس سے پہلے حرف''ع'' کو ساکن کر دیا تو''مفاع''بن گیا پھر اس کو ''فعول''میں تبدیل کر دیا۔

۱۰۔جحف: آخری سبب خفیف کو ساقط کر کے آخری وتد مجموع کو بھی ساقط کر دینا مثلاً''فاعلاتن'' سے آخری سبب خفیف''تن'' کو ساقط کر دیا تو''فاعلا'' بچ گیا پھر وتد مجموع کو ساقط کیا تو''فا'' بچا پھر اس کو''فع''میں تبدیل کرلیا۔(۲۱)

علل نقص وزیادت:۔

عربی میں شامل تمام علل اردو علل کے ساتھ مشترک ہیں:۔(۲۲)

بحور

تعداد:۔ خلیل بن احمد فراہیدی نے پندرہ بحور کو تشکیل دیا اس کے بعد ان کے تلمیذ رشید ابوالحسن اخفش الاوسط (متوفی ۲۲۱ھ) نے ایک بحر متدارک کا اضافہ کر دیا یعنی عربی بحور کی تعداد سولہ تک پہنچ گئی پھر ان میں دوائر کا اضافہ بھی ہوا۔ بعد ازاں یہ فن فارسی میں داخل ہوا تو انہوں نے تین بحور قریب، جدید اور مشاکل کا اضافہ کیا بعد میں یہ تینوں بحور مع عربی بحور اردو میں سرایت کر گئیں (۲۳)

بعض کے نزدیک پہلی بحر کا اضافہ مولوی یوسف نیشاپوری نے کیا اور دوسری کا اضافہ مرزا یاس عظیم آبادی نے کیا (۲۴)

تیسری بحر کے بارے میں بھی مولوی یوسف کا تذکرہ ملتا ہے (۲۵) سید غلام حسنین قدر بلگرامی نے مختلف اقسام کی چالیس بحور گنوائی ہیں (۲۶) لیکن ہم طوالت کے خوف سے اپنے اس مختصر مضمون میں چند بحور کا ذکر کریں گے تاکہ تقابلی مطالعہ کا مفہوم واضح ہو جائے۔

مشترک بحور

۱۔ ہزج

اوزان: مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

اعاریض واضرب:

عربی

تعداد	عروض	تعداد	ضرب
۱	صحیحہ	۲	(i) صحیح (ii) محذوف (۲۷)

اردو: عروض ۴: سالم، مکفوف، محذوف اور محبق مجبوب

ضرب ۴: سالم، مقبوض، محذوف اور محبق مجبوب۔(۲۸)

عربی شعر: هز جــنـا فی اغــانـیــکــم

و شــاقــتــنـا معــانـیــکـم (۲۹)

تقطیع: عروض صحیحہ ''مفاعیلن''، مع ضرب صحیح ''مفاعیلن''

هزجنافی / اغا نیکم	**وشا قتنا / معا نیکم**
مفا عیلن/ مفا عیلن	**مفا عیلن / مفا عیلن**
سالم / سالم	**سالم / سالم**

اردو شعر: محبت ایک نعمت ہے اگر جانو

کدورت سخت آفت ہے اگر جانو (۳۰)

تقطیع: عروض سالم ''مفاعیلن''، مع ضرب سالم ''مفاعیلن''

محب بت ای / ک نع مت ہے /اگر جانو	کدورت سخ / ت آفت ہے / اگر جانو
مفاعیلن / مفاعیلن /مفاعیلن	مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن
سالم / سالم /سالم	سالم / سالم / سالم

۲۔رجز

اوزان: مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

اعاریض واضرب

عربی:

تعداد	عروض	تعداد	ضرب
۱	صحیحہ	۲	(i)سالم (ii)مقطوع
۲	مجزوءہ صحیحہ	۱	مجزوء صحیح
۳	مشطورہ	۱	مشطور
۴	منہوکہ	۱	منہوک (۳۱)

اردو

عروض۶: سالم،مخبون،مقطوع مخبون،مطوی،مخبول اور مذال

ضرب ۷: مقطوع،سالم،مقطوع مخبون،مخبون،مطوی،مخبول اور مذال (۳۲)

عربی شعر: ار جزلنا یا صاحبی ان زرتنا

لا تنتحل من شعر نا مختا ریا (۳۳)

تقطیع: عروض صحیحہ ''مستفعلن'' مع ضرب صحیح ''مستفعلن''

ارجز لنا / یا صا حبی / ان زرتنا	لاتنتحل / من شعر نا / مختا ریا
مستفعلن / مستفعلن / مستفعلن	مستفعلن / مستفعلن / مستفعلن
سالم / سالم / سالم	سالم / سالم / سالم

اردو شعر: اس عشق نے رسوا کیا

میں کیا بتاؤں کیا کیا (۳۴)

تقطیع: عروض سالم ''مستفعلن'' مع ضرب سالم ''مستفعلن''

اس عشق نے / رسوا کیا	میں کیا بتا / ؤں کیا کیا
مستفعلن / مستفعلن	مستفعلن / مستفعلن
سالم / سالم	سالم / سالم

۳۔ رمل

اوزان: فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

اعاریض واضرب:

عربی

تعداد	عروض	تعداد	ضرب
۱	صحیحہ محذوفہ	۳	(i) صحیح (ii) مقصور (iii) محذوف
۲	مجزوءہ صحیحہ	۳	(i) صحیح (ii) مجزوء مسبغ (iii) مجزوء محذوف
۳	مجزوءہ محذوفہ	۱	(i) مجزوء محذوف (۳۵)

اردو

عروض۳: سالم، محذوف اور مخبون مخدوف

ضرب۸: سالم، مخبون، مقصور، مخدوف، مخبون مقصور، مخبون مخدوف، مسبغ اور مخبون مسبغ (۳۶)

عربی شعر: کلما ا بصر ت ر بعا

خالیا فا ضت عیو نی (۳۷)

تقطیع: عروض مجزوءہ صحیحہ ''فاعلاتن'' مع ضرب مجزوء صحیح ''فاعلاتن''

کل لما اب / صر ت رب عن خا لین فا / ضت عیو نی

فا علا تن / فا علا تن فا علا تن / فا علا تن

سالم / سالم سالم / سالم

اردو شعر: درد دل اپنا صنم

کیوں نہ ہم تم سے کہیں (۳۸)

تقطیع: عروض سالم ''فاعلاتن'' مع ضرب محذوف ''فاعلن''

درد دل اپ / نا صنم کیوں نہ ہم تم / سے کہیں

فاعلاتن / فاعلن فاعلاتن / فاعلن

سالم / محذوف سالم / محذوف

۴۔ خفیف

اوزان: فاعلاتن مستفع لن فاعلاتن فاعلاتن مستفع لن فاعلاتن

اعاریض واضرب:

عربی:

تعداد	عروض	تعداد	ضرب
۱	صحیحہ	۲	(i) صحیح (ii) محذوف
۲	محذوفہ	۱	محذوف
۳	مجزوءہ صحیحہ	۲	(i) مجزوء صحیح (ii) مجزوء مخبون مقصور (۳۹)

اردو:

عروض ۷: سالم، مخبون، مخبون مقصور، مکفوف، مشعث، مشکول اور محذوف۔

ضرب ۶: سالم، مخبون، مخبون مقصور، مشعث، مخبون محذوف اور محذوف۔ (۴۰)

عربی شعر: نضجته عشر ین یو ما و نیلت

حین نیلت یعا رۃ فی عراض (۴۱)

تقطیع: عروض صحیحہ ''فاعلاتن'' مع ضرب صحیح ''فاعلاتن''

نض ضجته / عشرین یو/ من و نیلت	حین نیلت / یعا رتن / فی عراضی
فا علا تن / مستفع لن / فا علا تن	فا علا تن /مفا علن / فا علا تن
سالم /سالم /سالم	سالم / مخبون / سالم

اردو شعر: خاک میں بھی مجھے قرار نہیں

کانِ سیماب ہے مزا رنہیں (۴۲)

تقطیع: عروض مخبون مقصور ''فعلات'' مع ضرب مخبون مقصور ''فعلات''

خاک میں بھی / مجھے قرا / رنہیں	کانِ سیما / ب ہے مزا / رنہیں
فاعلاتن / مفاعلن / فعلات	فاعلاتن /مفاعلن / فعلات
سالم / مخبون / مخبون مقصور	سالم /مخبون /مخبون مقصور

۵۔ مضارع

اوزان: مفا عیلن فا ع لا تن مفا عیلن　　مفا عیلن فا ع فاتن مفا عیلن

اعاریض واضرب:۔

عربی:۔

تعداد	عروض1	تعداد	ضرب1
۱	صحیحہ	۱	صحیح (۴۳)

اردو:

عروض۲: سالم مکفوف

ضرب۱: سالم (۴۴)

عربی شعر: دعــا نــی إلی سعا د

دواعــی هو ی سُعا دا (۴۵)

تقطیع: عروض صحیحہ ''فاع لاتن''مع ضرب صحیح ''فاع لاتن''

دعا نی إ	/	لی سعا دن	وواعی ھ	/	وی سعا دا
مفا عیل	/	فا ع لا تن	مفا عیل	/	فا ع لا تن
مکفوف	/	سالم	مکفوف	/	سالم

اردو شعر: ہم کو اگر مٹایا تو نے تو کیا بنایا

ناحق بگاڑتا ہے نقشہ بنا بنایا (۴۶)

تقطیع: عروض سالم ''فاع لاتن''مع ضرب سالم ''فاع لاتن''

ہم کواَ / گر مٹایا / تو نےتو / کیابنایا ناحق ب / گاڑ تا ہے / نقشہ ب / نابنایا

مفعول/ فاع لاتن /مفعول / فاع لاتن مفعول / فاع لاتن / مفعول / فاع لاتن

مخرب / سالم / مخرب / سالم مخرب /سالم / مخرب /سالم

۶۔بسیط

اوزان: مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن

اعاریض واضرب:

عربی:

تعداد	عروض	تعداد	ضرب
۱	مخبونہ	۲	(i) مخبون(ii)مقطوع
۲	مجزوءہ صحیحہ	۳	(i)مجزوء صحیح(ii)مجزوء مذال(iii)مجزوء مقطوع
۳	مجزوءہ مقطوعہ	۱	(i)مجزوء مقطوع (۴۷)

اردو:۔

عروض۵: سالم، مخبون، مقطوع، مقطوع مخبون، مخبون احذ

ضرب۹: سالم، مذال، مخبون، مقطوع، مخبون مذال، احذّ مسبغ، مطوی مذال، مخبون مقطوع، مخبول مذال (۴۸)

عربی شعر: ذاک القر ی لا قر ی قو م را یتھمُ

یقر ون ضیفھم الملو یۃ الجددا (۴۹)

تقطیع: عروض مخبونہ ''فعلن'' مع ضرب مخبون ''فعلن''

ذاکلقری / لا قر ی / قو من رای / تھمو   یقر ون ضیی / فھمل / ملو ییتل / جددا

مستفعلن / فاعلن / مستفعلن / فعلن   مستفعلن / فعلن / مستفعلن / فعلن

سالم / سالم / سالم / مخبون   سالم / مخبون / سالم / مخبون

اردو شعر: میں نے کہا آ صنم اپنے نہ گھر جا صنم

تو ہے خفا کیا صنم میری قسم کھا صنم (۵۰)

تقطیع: عروض سالم ''فاعلن'' مع ضرب سالم ''فاعلن''

میں نے کہا / آ صنم / اپنے نہ گھر / جا صنم   تو ہے خفا / کیا صنم / میری قسم / کھا صنم

مستفعلن / فاعلن / مستفعلن / فاعلن   مستفعلن / فاعلن / مستفعلن / فاعلن

سالم / سالم / سالم / سالم   سالم / سالم / سالم / سالم

صرف چھ بحور کا ذکر اس لیے کیا ہے تا کہ بات طول اختیار کر کے بدمزہ نہ بن جائے عربی عروض کی تمام بحور اردو عروض کے ساتھ مشترک ہے لیکن اردو عروض کی بہت سی بحور ایسی ہیں جو عربی عروض میں موجود نہیں ان میں سے ہم صرف چار کا ذکر کرتے ہیں۔

اردو کے ساتھ مخصوص بحور

ا۔جدید

اوزان: فاعلاتن فاعلاتن مستفعلن   فاعلاتن فاعلاتن مستفعلن

قول شاعر: لے گیا وہ بے مروت آرام دل

کچھ نہیں باقی رہا اب جز نامِ دل (۵۱)

تقطیع: عروض سالم ''مستفعلن''، مع ضرب سالم ''مستفعلن''

لے گیا وہ / بے مروت / آرام دل　　کچھ نہیں با / قی رہا ب / جز نامِ دل
فاعلاتن / فاعلاتن / مستفعلن　　فاعلاتن / فاعلاتن / مستفعلن
سالم / سالم / سالم　　سالم / سالم / سالم

۲۔قریب

اوزان: مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن　　مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن

قول شاعر: تیرے غم میں پیاری نکل گیا دل
شراری سی ہے فرقت کی جل گیا دل (۵۲)

تقطیع: عروض سالم ''فاعلاتن''، مع ضرب سالم ''فاعلاتن''

تیرے غم میں/ پیاری نک / کل گیا دل　　شراری سی / ہے فرقت کی / جل گیا دل
مفاعیلن / مفاعیلن / فاعلاتن　　مفاعیلن / مفاعیلن / فاعلاتن
سالم / سالم / سالم　　سالم / سالم / سالم

۳۔ مختص

اوزان: متفاعلن متفاعلن متفاعلن　　متفاعلن متفاعلن متفاعلن

قول شاعر: مدت ہوئی نہیں دیکھا دلدار کو قیامت ہے
تدبیر کچھ نہیں بنتی کیا موت سے ندامت ہے (۵۳)

تقطیع: عروض مضمر ''مستفعلن''، مع ضرب معصوب ''مفاعیلن''

مدت ہوئی / نہیں دیکھا / دلدار کو /قیامت ہے
مستفعلن / مفاعیلن / مستفعلن/ مفاعیلن
مضمر / معصوب /مضمر / معصوب

تدبیر کچھ / نہیں بنتی / کیا موت سے/ندامت ہے
مستفعلن / مفاعیلن / مستفعلن / مفاعیلن
مضمر / معصوب / مضمر / معصوب

۴۔ مشاکل

اوزان: فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن

قول شاعر: بارِغم کو اٹھانا ہے بار آہ

داغ ہجر کو کھانا ہے برا آہ (۵۴)

تقطیع: عروض مقصور ''مفاعیل'' مع ضرب مقصور ''مفاعیل''

بارِغم کو / اٹھاناھ / ے بارآہ داغ ہجر / کوکھاناہے / برا آہ

فاعلات / مفاعیل / مفاعیل فاعلات / مفاعیل / مفاعیل

مکفوف / مکفوف / مقصور مقصور / مکفوف / مقصور

حواشی

۱۔ المعجم الوسیط ص ۵۹۴، مادہ ع ر ض

۲۔ قواعد العروض ص ۱۵۔

۳۔ (i) میزان الذھب فی صناعۃ شعر العرب ص ۴،

(ii) الموجز فی البلاغۃ والعروض ص ۹۹

۴۔ (i) التاریخ والحضارہ الاسلامیہ فی الباکستان والسند والبنجاب إلی آخر فترۃ الحکم العربی

(ii) موسوعہ التاریخ الاسلامی والحضارۃ الاسلامیہ لبلاد السند والبنجاب ج ۱ الفصل الرابع الباب الثانی

(iii) حکایت تاریخ اردو ص ۸

(iv) ماءِ کوثر ص ۱۹

(v) عرب و ہند عہد رسالت میں ص ۲۷

(vi) اسلامی جمہوریہ پاکستان ص ۵

۵۔ خدابخش لائبریری جرنل (بھارت) مضمون، خواجہ الطاف حسین حالی کی عربی شاعری از ڈاکٹر محمد شفقت اللہ، ص ۵۳

۶۔ دیوان الحماسہ ص ۲۲

۷۔ الاغانی: ۱۷/ ۳۲۷

۸۔ العروض الواضح ص،۳۳

۹۔ المعیار فی اوزان الاشعار ص۱۰، ۱۱، ۱۲

اس حاشیہ کے تحت جو مثالیں بیان کی گئی ہیں وہ مختلف عربی وارد و کتب سے ماخوذ ہیں۔

۱۰۔ قواعد العروض ص۲۰

مثالیں دوسری کتب سے حاصل کی گئی ہیں۔

۱۱۔ (i) العروض الواضح ص۳۰

(ii) موسیقی الشعر، ص۵۳

۱۲۔ قواعد اردو ص۳۳۰

۱۳۔ (i) میزان الذهب فی صناعة شعر العرب ص۶، ۷

(ii) الشعر العربی ص۲۰

۱۴۔ الشعر العربی ص۱۴

۱۵۔ الشعر العربی ص۱۴

۱۶۔ الموجز فی البلاغة والعروض ص۱۲۷

۱۷۔ (i) الشعر العربی ص۱۶

(ii) قواعد العروض ص۴۴ تا ۵۱

۱۸۔ (i) الشعر العربی ص۱۷

(ii) قواعد العروض ص۵۲ تا ۵۷

۱۹۔ (i) میزان الذهب ص۱۱

(ii) مجلة القسم العربی ص۱۰۳

۲۰۔ (i) میزان الذهب ص۱۲

(ii) مجلة القسم العربی ص۱۰۴

۲۱۔ قواعد العروض ص۴۴ تا ۵۷

۲۲۔ (i) قواعد العروض ص۴۴ تا ۵۷

(ii) الشعر العربی ص۱۸

۲۳۔ فارسی پاکستان و مطالب پاکستان شناسی ۲/۲۵۰

۲۴۔ ترجمہ سہل حدائق البلاغہ ص ۱۳۹

۲۵۔ امیر العروض ص ۲

۲۶۔ قواعد العروض ص ۱۱۹ تا ۳۳۳

۲۷۔ الشعر العربی ص ۷۹

۲۸۔ قواعد العروض ص ۱۱۹

۲۹۔ الموجز فی البلاغۃ والعروض ص ۱۱۶

۳۰۔ اردو کا اپنا عروض ص ۴۷

۳۱۔ الشعر العربی ص ۷۹

۳۲۔ قواعد العروض ص ۱۴۶

۳۳۔ الموجز فی البلاغۃ والعروض ص ۱۲۱

۳۴۔ اردو کا اپنا عروض ص ۸۲

۳۵۔ العروض الواضح ص ۹۰

۳۶۔ قواعد العروض ص ۱۶۴

۳۷۔ الموجز فی البلاغۃ والعروض ص ۱۲۰

۳۸۔ اردو کا اپنا عروض ص ۸۴

۳۹۔ العروض الواضح ص ۹۱

۴۰۔ قواعد العروض ص ۲۸۷

۴۱۔ الشعر العربی ص ۶۱

۴۲۔ اردو کا اپنا عروض ص ۸۶

۴۳۔ اللباب ص ۱۹۶

۴۴۔ قواعد العروض ص ۲۹۶

۴۵۔ الشعر العربی ص ۶۳

۴۶۔ قواعد العروض ص ۲۹۸

۴۷۔ الشعر العربی ص ۷۸

۴۸۔ قواعد العروض ص ۲۵۰

۴۹۔ الکامل فی اللغۃ والادب ص:۱/۲۵۲
۵۰۔ قواعد العروض ص۲۵۸
۵۱۔ مجلۃ القسم العربی ص۹۹
۵۲۔ مجلۃ القسم العربی ص۱۰۰
۵۳۔ قواعد العروض ص۲۲۴
۵۴۔ مجلۃ القسم العربی ص۱۰۰

مصادر ومراجع

۱۔ ابوتمام، حبیب بن اوس الطائی، ''دیوان الحماسہ''، المکتبہ السّلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور۔
۲۔ اصفہانی، علی بن حسین اموی، ابوالفرج ''الاغانی''، تحقیق علی محمد البجاوی، موسستہ جمال، بیروت لبنان۔
۳۔ اکرم، محمد، شیخ، ماءکوثر، فیروز سنز لاہور
۴۔ انصاری، محمد ضیاءالدین، ڈاکٹر (ایڈیٹر)، ''خدابخش لائبریری جرنل''، پٹنہ (بھارت) جولائی، ستمبر ۲۰۰۱ء
۵۔ انیس، ابراہیم، ''موسیقی الشعر''، مکتبہ انگلومصریہ
۶۔ بزی انصاری، ''امیر العروض''، مطبع شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور
۷۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور، ''مجلۃ القسم العربی ۲۰۰۰ء'' العدد السابع
۸۔ تسبیحی، محمد حسین، ڈاکٹر ''فارسی پاکستان ومطالب شناسی'' (مطبع معدوم)
۹۔ حقی، ممدوح، ڈاکٹر، ''العروض الواضح''، دار مکتبہ الحیاہ بیروت ۱۹۸۱ء
۱۰۔ خدیجہ شجاعت علی، ''ترجمہ سہل حدائق البلاغۃ''، مطبع ۱۹۶۶ء
۱۱۔ خفاجی، محمد عبدالمنعم، ''الشعر العربی''، طبع اول ۱۹۴۸ء مصر
۱۲۔ سراج، محمد علی، ''اللباب'' تحقیق خیر الدین شمسی باشا، دار الفکر، بیروت
۱۳۔ صابونی، محمد ضیاء الدین، ''الموجز فی البلاغۃ والعروض''، مطبع رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ، طبع سوئم ۱۴۱۳ھ
۱۴۔ طرازی، مبشر، ڈاکٹر، ''موسوعۃ التاریخ الاسلامی والحضارۃ الاسلامیۃ لبلاد السند والبنجاب''، طبع اول ۱۹۸۳ء
۱۵۔ عبداللہ، محمد جمال الدین، ''التاریخ والحضارۃ الاسلامیۃ فی الباکستان والسند والبنجاب إلی آخر فترۃ الحکم العربی''،

مطبع عالم معرفت، جدہ

۱۶۔ عبدالحق، مولوی، ''قواعد اردو''، مطبع لاہور اکیڈمی سرکلر روڈ لاہور

۱۷۔ غلام حسنین، قدر، سید، بلگرامی، ''قواعد العروض''، مقبول اکیڈمی، لاہور

۱۸۔ قادری، حامد حسن، ''حکایت اردو''، مطبع ادارہ اکادمی سندھ

۱۹۔ گیان چند جین، ڈاکٹر، ''اردو کا اپنا عروض''، مغربی پاکستان اردو اکیڈمی لاہور، طبع اول ۱۹۹۱ء

۲۰۔ لجنۃ المعجم الوسیط، ''المعجم الوسیط'' المکتبہ الاسلامیہ استنبول، ترکی

۲۱۔ مبارکپوری، اطہر، قاضی، ''عرب و ہند عہد رسالت میں'' مکتبہ عارفین کراچی

۲۲۔ المبرد، محمد بن یزید، ''الکامل فی اللغۃ والادب''، تحقیق ڈاکٹر عبدالحمید ہنداوی، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان، ۱۹۹۹ء

۲۳۔ المجلس الفید رالی للافلام، ''اسلامی جمہوریہ پاکستان''، وزارۃ الاعلام الباکستانیہ

۲۴۔ محمد بن عبدالملک، ابوبکر، اندلسی، ''المعیار فی اوزان الاشعار''، تحقیق ڈاکٹر محمد رضوان، دار الملاح للطباعۃ والنشر طبع سوئم ۱۹۷۹ء

۲۵۔ ہاشمی، احمد، سید، ''میزان الذھب فی صناعۃ شعر العرب''، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان

ملتان میں فلسفے کی روایت

ڈاکٹر روبینہ ترین*

Abstract:
It is an established fact that Multan is one of the oldest cities of the world, which has a reputation of a living city for the last five thousand years. It has a great tradition of institution and thought which reflects its centres of worship, variety of religions and beliefs, compilation of holy book of "Rig Veda' and philosophical attainments and pursuits of the scholars. Great Muslim philosopher, historians, travelers and Sufies have visited this city, one way or the other. Nasir Khusrau (philosopher and a preacher), Al-Beruni (historian and scholar), Fakhar-ud-din Razi (interpreter and philosopher), Samauddin Multani, Abdullah Multani, Maulana Fateh-ullah and Bahauddin Zakariya Multani have become the major source of philosophical tradition in Multan. Atiq Fikri, Qazi Javed and Shabbir Ahmad Ghauri has traced this tradition and the author of this paper has utilized the sources as well as the cultural heritage of Sufi poets of this area.

ملتان میں فلسفے کی روایت زمانہ قدیم سے موجود تھی۔ ہندوؤں کی کتاب رگ وید کا بیشتر حصہ ملتان کے اردگرد کے علاقوں میں تصنیف ہوا۔ اسی طرح ہندی فلسفہ ویدانت میں گیتا کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ علامہ عتیق فکری کے مطابق ملتان کے مندروں اور عام گھروں میں گیتا کا پاٹ ہوتا تھا اور جو اپدیش ارجن کو کرشن نے مہابھارت کی جنگ کے موقع پر دیا تھا۔ وہ پورا فلسفہ حیات اور اخلاقیات پر مبنی ہے[۱] لیکن اسلامی علوم کا آغاز یہاں ابنِ قاسم کے ہاتھوں ملتان کی فتح کے بعد اس وقت ہوا جب مسلمانوں نے سندھ اور ملتان میں آباد ہونا شروع کیا۔ بنومنبہ کے دور میں ملتان نے تہذیبی اور علمی سطح پر بڑی ترقی کی جب جلم بن شیبان کے ہاتھوں ۳۷۳ھ (۹۷۷ء) میں بنومنبہ (بنوسامہ) کے اقتدار کا خاتمہ ہوا تو یہاں اسماعیلی عقائد کی توجیہہ فلسفے کے اصولوں پر ہونے لگی۔ علامہ عتیق فکری لکھتے ہیں کہ ان اصولوں کو ''ارسطو اور نوفلاطینین کے نظریات سے تطبیق دے کر قابلِ فہم بنایا گیا تھا۔۔۔ اور یوں نئے فلسفے نے ملتان میں اپنے قدم جما لیے۔''[۲]

ملتان میں اس دَور کی فلسفیانہ سرگرمیوں کے بارے میں شبیر احمد غوری اپنے ایک مضمون ''اسلامی ہند کے

* صدر نشین/ پروفیسر، شعبہ اُردو، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

نصف اوّل میں علوم عقلیہ کا رواج' ص ۲۵۳، مطبوعہ رسالہ معارف، اپریل ۱۹۶۳ میں لکھتے ہیں:

''جہاں تک علوم فلسفہ کا تعلق ہے یہ باور کرنے کی وجوہ ہیں کہ سندھ اور بالخصوص ملتان میں خفیہ طور پر ان علوم کی بڑی تیزی سے اشاعت ہو رہی تھ، چوتھی صدی کی ابتداء سے اسماعیلی دعاء عالم اسلام میں انقلاب کے لیے زمین ہموار کرتے پھر رہے تھے۔''

ملتان میں فلسفے کی روایت کے تسلسل میں جو بہت سے عوامل ہیں ان میں ایک مشہور فلسفی اور شاعر ناصر خسرو کی ملتان میں آمد بھی ہے۔ حکیم ناصر خسرو کی پیدائش ۳۹۴ھ/۱۰۰۳ء اور وفات ۴۸۱ھ بتائی جاتی ہے [۳]۔ سفر نامہ خسرو سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ملتان سے لاہور گیا اور پھر واپس چلا گیا۔

معقولات و فلسفہ پر ناصر خسرو کو دوسرا ابو علی سینا کہا جاتا ہے، وہ ملتان میں مصر کے فاطمی حکومت کا داعی بن کر آیا تھا اور ظاہر ہے ملتان میں فلسفے کی روایت کے سلسلے میں اس کا نام آنا چاہیے۔ پھر محمود غزنوی کے عہد میں البیرونی نے برسوں ملتان میں قیام کیا اور ''کتاب الہند'' لکھی۔ البیرونی ایک طرف تو سنسکرت سیکھ کر ہندی فلسفے سے متعارف ہوئے اور دوسری طرف یونانی فلسفے سے ملتان کے لوگوں کو بھی آگاہ کیا۔ شبیر احمد غوری کے مطابق

''اس نے یہاں آکر ہندو فلسفہ و ہیئت ہی نہیں سیکھا بلکہ ہندوؤں کو بھی مسلم ریاضی و ہیئت سکھائی۔'' [۴]

محمود غزنوی کے بعد حضرت شاہ گردیز ملتان تشریف لائے اور درس و تبلیغ کے ذریعے اسلامی علوم کی ترویج کی کوششیں کیں۔ ادھر بوعلی سینا کا فلسفہ چھٹی صدی ہجری میں ملتان میں پہنچ چکا تھا۔ امام فخر الدین رازی جیسا مفسر اور فلسفی بھی سرزمین ملتان میں اپنی تقریروں کے ذریعے اسلامی فلسفے کی وضاحت کر چکا تھا۔ ملتان کے جیّد علما فضلی اور اثیر خراساں جا کر امام رازی سے فیض یاب ہوئے تھے اور پھر ناصر الدین قباچہ کے دربار میں انہیں ندیم خاص کا مقام حاصل ہوا تھا۔ [۵]

۶۰۵ھ میں غوث بہاؤ الحق زکریا ملتانی کی علمی درس گاہ نے مختلف علوم و فنون کی اشاعت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ یہ وہ دَور ہے جب ناصر الدین قباچہ کا دربار علماء اور فنکاروں کی سرپرستی میں پیش پیش تھا اور ملتان علوم و فنون کا مرکز بن چکا فضلی ملتانی جو بخارا میں عوفی کے ہم مکتب اور ہم درس رہے اور وہیں دونوں نے امام فخر الدین رازی کی

جامع الصغیر حفظ کی، قباچہ کے دربار کے ساتھ وابستہ رہے۔ فلسفی ہونے کے ساتھ ساتھ وہ بہت اچھے شاعر بھی تھے اور قباچہ ان کی شاعری کا قدردان تھا۔

ساتویں صدی کے وسط سے آٹھویں صدی ہجری کے آخر تک کے عرصے میں ملتان کے بے شمار علماء برصغیر میں پھیل گے۔ مولانا بہاء الدین ملتانی نے دہلی میں سکونت اختیار کر کے تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ مولانا حجۃ الدین نے بھی علاؤ الدین خلجی کے زمانے میں دلّی میں درس گاہ قائم کی۔ قطب الدین کاشانی کے فرزند علی گڑھ میں عہدہ قضا پر بھی فائز رہے اور تدریس بھی کرتے رہے۔ ملتان کے ایک اور صوفی عالم شیخ صدرالدین ظفر آبادی ملتانی، حضرت رکن الدین عالم سے خرقہ خلافت حاصل کر کے ظفر آباد میں مقیم ہوے اور علم و فضل سے لوگوں کو فیض یاب کیا۔ شیخ عثمان داؤد ملتانی کو فقہ اور تصوف کے علوم پر کامل دسترس حاصل تھی انہوں نے شیخ نظام الدین اولیاء کے حکم سے گجرات میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ قاضی ابراہیم بن فتح اللہ ملتانی نے دکن کے شہر بیدر میں علم پھیلایا۔[٦]

اس ابتدائی دَور کے بعد وہ دَور آیا جب ملتان کے علمی وتہذیبی اثرات ہمہ گیر طور پر پورے برصغیر میں پھیلنا شروع ہوئے۔ ملتان میں صوفیاء کے اثرات کی بدولت نہ صرف روحانی فیوض اور اثرات عام ہوئے بلکہ سوچ اور فکر کے دھارے بھی بدلے اور ایک لحاظ سے اسلامی فلسفے کا احیاء بھی ہوا۔ ملتان میں تصوف کے ساتھ ساتھ فلسفے کی بھی ایک بھرپور روایت ملتی ہے۔ فقہ، حدیث، تفسیر، تصوف کے علاوہ فلسفہ، کلام، اخلاق اور منطق کے میدان میں بڑے بڑے جیّد علماء پیدا ہوئے۔

ان کے علاوہ بھی چند اہم لوگ ایسے ہیں جن کی بدولت فلسفے کی روایت عام ہوئی۔ ان علماء میں مولانا ثناء الدین ملتانی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے قطب الدین رازی کے مشہور شاگرد تفتازانی (متوفی ۷۹۲ء) سے تعلیم پائی تھی۔ وہ علامہ تفتا کے علم و فضل کی شہرت سن کر ان سے کسب فیض کے لیے ایران گئے۔ حصول علم کے بعد واپس آئے تو معقولات کی تعلیم پر خصوصی توجہ صرف کی اور مولانا سماء الدین ملتانی اور مولانا فتح اللہ ملتانی کو تعلیم دی۔ مولانا سماء الدین ملتانی دہلوی (متوفی ۹۰۱ھ) ملتان کے قدیم باشندے تھے۔ آپ کا تعلق کنبوہ خاندان سے تھا جس کے ایک بزرگ حاجی جمال کنبوہ نے سب سے پہلے حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ مولانا سماء الدین ملتانی اور ان کے بھائی مولانا اسحاق دونوں علم و فضل اور فلسفے میں شغف رکھتے تھے۔ مولانا سماء الدین حضرت راجو قتال کے مرید تھے۔ لنگاہوں کے زمانے میں دہلی منتقل ہوئے اور دہلوی کہلوائے۔

آپ نے اپنی پوری زندگی درس و تدریس میں گزاری اس دَور کے بڑے بڑے علماء آپ کے شاگرد تھے۔ ''سیر العارفین'' کے مصنف مولانا حامد بن فضل اللہ جمالی نے آپ کو'حقائق کے مخزن' وقائق کے معنی، ذاتِ اقدس کے جلوے کے سمندر، آسمان ہدایت کے روشن آفتاب اور جہاں تمکین کے آسمان بھی کہہ کر پکارا ہے۔[۷]

مولانا عبداللہ ملتانی جو عبداللہ تلنمبوی بھی کہلاتے ہیں تلمبہ میں پیدا ہوئے لیکن تعلیم ملتان میں پائی بعد میں فلسفہ و منطق کی تعلیم کی تکمیل کی خاطر عراق تشریف لے گئے اور علامہ عبداللہ نیروی سے حصول علم کیا۔ ملتان واپس آ کر فلسفہ و منطق کا درس دینے لگے۔ پروفیسر محمد امین کے مطابق:

> ''آپ کے دور میں منطق کی کتاب شرح شمسیہ اور کلام میں شرح صحائف پڑھائی جاتی تھیں مگر آپ نے بہت سی نئی کتابیں بھی شامل نصاب کیں۔ آپ کو منطق و فلسفہ میں یدطولیٰ حاصل تھا اور انہی مضامین کی تدریس میں آپ نے عمر گزار دی۔''[۸]

آپ بھی سماء الدین ملتانی کی طرح دہلی میں منتقل ہو گے اس وقت دہلی میں سکندر لودھی کی حکومت تھی۔ اس نے آپ کو ملک العلماء کا اعزاز عطا کیا اور گزر اوقات کے لیے جاگیر بھی مقرر کی [۹ اور ان کے سپرد ایک بہت بڑا مدرسہ کر دیا جہاں وہ فقہ اور معقولات کی تعلیم دیتے تھے۔ علامہ عتیق فکری کے مطابق بدیع المسی انہوں نے لکھی تھی[۱۰] ان کے شاگردوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ نور احمد فریدی کے مطابق:

> ''مولانا کے ویسے تو سینکڑوں شاگرد تھے لیکن چالیس باکمال عالم بنے جن میں مفتی جمال الدین اور ان کے بھائی عبدالغفور میں نصیر الدین دہلوی، میاں شیخ گوالیاری اور میراں جمال الدین بدایوں کا بڑا درجہ ہے۔''[۱۱]

مولانا عبداللہ کے دوست اور ساتھی مولانا عزیز اللہ (متوفی ۹۳۲ھ) بھی اپنے وقت کے جیّد علماء میں شمار ہوتے تے۔ وہ بھی تلمبہ میں پیدا ہوئے لیکن معقولات کی تعلیم ملتان میں حاصل کی۔ آپ کو علوم متداولہ یعنی اول، کلام، منطق اور حکمت میں بڑا عبور حاصل تھا سب سے پہلے دہلی میں مولانا عبداللہ کے مدرسے میں تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ بعد میں بدایوں سے ہوتے ہوئے سنبھل چلے گے اور وہیں مستقل سکونت اختیار کی۔ سکندر لودھی نے آپ کی قدر دانی کی۔ مولانا عزیز اللہ کے بارے میں علامہ عتیق فکری لکھتے ہیں کہ

> ''مولانا کا حافظہ بلا کا تیز تھا اور مشکل مسائل حل کرنے میں یدطولیٰ رکھتے تھے

بغیر مطالعہ کیے کتاب پڑھاتے تھے اکثر لوگ مشکل اور پیچیدہ سوالات بطور
امتحان پیش کرتے اور مولانا چٹکیوں میں حل کر دیتے تھے۔"[۱۲]

شبیر احمد غوری مولانا ابومحفوظ الکریم کے ایک مضمون "صدرالدین الشیر ازی حیاتہ و آثرہ" مطبوعہ انڈوایرانیکا کے حوالے سے عبداللہ ملتانی اور عزیز اللہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

"۔۔۔کہ یہ دونوں بادشاہ (سکندر لودھی) کی خدمت میں حاضر ہوئے تو وہ
بڑے اعزاز و اکرام سے پیش آیا اور انہیں انعامات و تحائف سے نوازا۔ ان
دونوں کی علمی کوششیں بارآور ہوئیں اور شمالی ہند میں فلسفہ کی تعلیم کی اشاعت
میں وہ نہایت نمایاں اور ممتاز سمجھے جاتے ہیں۔"[۱۳]

مولانا عزیز اللہ کے استاد مولانا فتح اللہ بھی کوئی کم اہم شخصیت نہیں ہیں انہوں نے قطب الدین رازی کے مشہور شاگرد تفتازانی (متوفی ۷۹۲ھ) کے شاگرد مولانا موسی الجبری سے دہلی میں تعلیم حاصل کی تھی ان کے علاوہ ثنا الدین ملتانی سے بھی اکتساب علم کیا[۱۴]۔ وہ ملتان کے بہت بڑے فلسفی، معلم، خطاط اور دانشور تھے۔ ان کے شاگردوں کی تعداد بہت زیادہ تھی[۱۵]۔ ان شخصیتوں کے ساتھ ساتھ ایک بہت بڑی علمی اور قدآور شخصیت حافظ عبدالعزیز پرہاروی کی ہے۔ آپ تحصیل کوٹ ادّو ضلع مظفر گڑھ کے قصبہ پیر یار میں حافظ احمد بن، حافظ محمود کے گھر ۱۲۰۹ھ میں پیدا ہوئے۔ چھ سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا۔ بارہ سال کی عمر میں تمام علوم حاصل کر لیے۔ حضرت حافظ جمال اللہ ملتانی سے فیض حاصل کیا۔ علم الکلام اور فلسفے پر عبور حاصل تھا۔ مصر کے علماء بالخصص ابوزہرو جیسا فقیہہ اور محدث اپنی کتابوں میں خصوصیت سے عبدالعزیز پرہاروی کے حوالے دیتا ہے[۱۶]۔ فلسفہ، تصوف، تفسیر، حدیث، فقہ، طب، حکمت، ریاضی اور علم جفر کا یہ ماہر سو سے زیادہ کتابوں کا مصنف تھا۔ آپ نے بہت کم عم پائی صرف ۳۳، ۳۴ سال کی عمر میں ۱۲۳۹ھ میں وفات پائی۔

غرض سرزمین ملتان علوم فلسفہ کی ترویج کے سلسلے میں پیش پیش رہا۔ شبیر احمد غوری لکھتے ہیں:

"۔۔۔یہ علاقہ نویں صدی تک معقولات کی تعلیم کا گڑھ بنا رہا۔ یہیں (ملتان)
سے مولانا عبداللہ تبنی اور عزیز اللہ ملتانی نے دہلی پہنچ کر معقولات کی گرم بازاری
کو مزید رونق دی۔"[۱۷]

ان علماء کی کاوشوں سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ ملتان کے صوفیاء اور علماء کو حدیث تفسیر، فقہ کے علاوہ منطق

اور فلسفے سے بھی گہرا لگاؤ تھا۔ علمی اور عملی تصوف کی ترویج کے علاوہ فلسفے اور منطق کی تدریس اور اشاعت کے لیے بھی ان علما نے اہم کردار ادا کیا البتہ ملتان میں جس فکر کو زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی وہ صوفیانہ فکر تھی کیونکہ ملتان صوفیاء کے ایک بہت بڑے سلسلے کا مرکز رہا یہ سلسلہ سہروردیہ تھا جو ملتان سے شروع ہو کر پورے برصغیر میں پھیل گیا۔ اس سلسلے کے صوفیاء اپنے مخصوص اصول و اشغال رکھتے تھے جو انہیں دوسرے صوفیانہ سلسلوں سے ممیّز کرتے ہیں۔ قاضی جاوید اپنی کتاب ''برصغیر میں مسلم فکر کا ارتقاء'' میں لکھتے ہیں:

> ''برصغیر میں سہروردی کے سلسلے کا فروغ زیادہ تر ملتان کے مرکز کے حوالے سے ہوا۔ شیخ بہاء الدین زکریا برصغیر ہی کے باشندے تھے اور تعلیم کے حصول کی خاطر بغداد میں شیخ شہاب الدین سہروردی کی خدمت میں پہنچے تھے۔ داراشکوہ نے انہیں شیخ شہاب الدین سہروردی کا کامل ترین خلیفہ قرار دیا ہے۔ بغداد سے واپسی کے بعد ان کی زندگی ملتان ہی میں بسر ہوئی تھی۔۔۔۔ سہروردی مکتبۂ فکر تیرہویں و چودھویں صدیوں کے مسلم برصغیر میں راسخ الاعتقادی کی نمائندگی کرتی ہے تاہم اس بات کو ایک عام اصول کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا۔ اس مکتبہ فکر سے منسوب بہت سے دانشوروں نے برصغیر میں مسلم روحانی بغاوت میں اہم کردار ادا کیا تھا۔''[۱۸]

سلسلہ سہروردیہ سلاطین وقت کے ساتھ روابط رکھتا تھا۔ سیاست میں باقاعدہ حصہ لیتا تھا اور جاگیریں اور نذرانے بھی قبول کرتا تھا۔ سہروردی سلسلے میں اہم ترین کتاب شیخ شہاب الدین سہروردی کی عوارف المعارف ہے۔ اس کی صوفیانہ فکر اور آداب و اشغال کا سارا خزانہ اسی کتاب میں بند ہے۔ سہروردیہ نے ابن العربی کے فلسفہ وحدت الوجود کو رد نہیں کیا بلکہ اختیار کیا۔ ملتان میں یہ فلسفہ فخر الدین عراقی کی وساطت سے متعارف ہوا۔ عراقی کی خط و کتابت حضرت بہاء الدین زکریا کے فرزند اور جانشین حضرت صدر الدین عارف سے تھی۔ عراقی نے انہیں شیخ اکبر بن عربی کے خیالات سے روشناس کرایا۔ کہا جاتا ہے کہ کتاب ''لمعات'' انہوں نے ''فصوص الحکم'' سے متاثر ہو کر لکھی تھی۔ ''سیر العارفین'' کے مطابق:

> ''کتاب لمعات اس طرح تصنیف ہوئی کہ حضرت شیخ الاسلام (بہاء الدین زکریا) کی وفات کے بعد جب انہوں نے ملتان سے بیت اللہ کا ارادہ کیا اور

وہاں سے روم پہنچے اور شہر قونیہ میں آئے تو وہاں شیخ محی الدین ابنِ عربی کے خلیفہ شیخ صدرالدین قونوی تھے کچھ عرصے تک ان کی صحبت میں رہے اور کتاب لمعات قونیہ میں تصنیف فرمائی اور وہاں سے انہوں نے ایک خط شیخ الاسلام صدرالدین عارف کو لکھا کہ جس میں عارفانہ کلمات ونکات تھے اور اس میں تحریر تھا کہ اب ہم کو ایک ایسے صوفی کی صحبت ملی ہے کہ جس کے یہ کلمات ہیں۔'' [۱۹]

چنانچہ ظاہر ہے کہ عراقی فصوص الحکم سے بہت متاثر تھے۔ انہوں نے ایک نسخہ شیخ صدرالدین عارف کو بھجوایا جس کی بہت سی نقول آگے گجرات اور کاٹھیاوار تک بھیجی گئیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کتاب کے ذریعے ملتان اور برصغیر کے صوفیاء ابن عربی کے خیالات سے متعارف ہوئے اور پھر یہ نظریہ مسلم برصغیر میں بہت مقبول ہوا۔ وحدت الوجودی فکر سے محبت اور انسان دوستی کا وہ رویہ پروان چڑھا یا جو ملتان کی صوفیانہ شاعری سے بھی منعکس ہوتا ہے۔ بابا فرید گنج شکر اور خواجہ غلام فرید کی شاعری اسی انسان دوستی کے رویے کی بہترین مثال ہے۔

حوالہ جات

۱،۲۔ مضمون ''ملتان میں فلسفہ اور اس کے اثرات برصغیر پر'' از علامہ عتیق فکری، ص۲ (یہ غیر مطبوعہ مضمون فل سکیپ کے چھ صفحوں پر ان کے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے اور میری تحویل میں ہے۔)

۳۔ بحوالہ سفرنامہ حکیم ناصر خسرو مترجم مولوی محمد عبدالرزاق کانپوری، ص۱۰۹، مطبوعہ انجمن ترقی اُردو ہند، دہلی، ۱۹۴۱ء۔

۴۔ مضمون ''اسلامی ہند کے نصف اول میں علوم عقلیہ کا رواج'' (قسط دوم)، ص۱۰۶، مطبوعہ معارف، فروری ۶۳ء، جلد ۹۱۔

۵۔ مضمون ''ملتان میں فلسفہ اور اس کے اثرات برصغیر پر'' از علامہ عتیق فکری، ص۳۔

۶۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیے: (۱) برصغیر پر ملتان کے علمی اثرات از عتیق فکری مطبوعہ امروز ملتان نمبر، ۲۸ جون ۱۹۷۸ء (۲) مسلم فلسفے میں ملتان کی اہمیت، از پروفیسر محمد امین، مطبوعہ ماہ نو، جولائی ۱۹۸۳ء ص ۳۴ (۳) ''بزم مملوکیہ''، ص ۳۷۔

۷۔ بحوالہ ''سیر العارفین'' از فضل اللہ جمالی مترجم محمد ایوب قادری، ص۲۵۱، مرکزی اُردو بورڈ، لاہور، بار اول، اپریل

۱۹۷۶ء۔

۸۔ بحوالہ ''مسلم فلسفے میں ملتان کی خدمات''، از پروفیسر محمد امین، مطبوعہ ماہ نو، جولائی ۱۹۸۳ء، ص ۳۵۔

۹۔ بحوالہ ''تاریخ ملتان'' (جلد اول) از نور احمد فریدی، ص ۲۹۵، مطبوعہ قصر الادب، ملتان، بار اول۔

۱۰۔ بحوالہ ''ملتان میں فلسفہ اور اس کے اثرات برصغیر پر''، ص ۶۔

۱۱۔ بحوالہ ''تاریخ ملتان'' (جلد اول) از نور احمد فریدی، ص ۲۹۶۔

۱۲۔ بحوالہ ''برصغیر پر ملتان کے علمی اثرات''، مطبوعہ امروز ملتان نمبر، ص ۵۔

۱۳۔ بحوالہ ''اسلامی ہند کے نصف اول میں علوم عقلیہ کا رواج'' (چوتھی قسط) معارف-۱، جلد ۹۱، جنوری ۶۳ء، ص ۲۵۔

۱۴۔ بحوالہ ''اسلامی ہند کے نصف اول میں علوم عقلیہ کا رواج'' (دوسری قسط) معارف، فروری ۶۳ء، ص ۱۵۔

۱۵۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے: علامہ عتیق فکری کا مضمون ''برصغیر پر ملتان کے علمی اثرات''، امروز، ملتان نمبر، ص ۵۔

۱۶۔ بحوالہ ''ملتان میں فلسفہ اور اس کے اثرات برصغیر پر''، از علامہ عتیق فکری، ص ۶۔

۱۷۔ ''اسلامی ہند کے نصف اول میں علوم عقلیہ کا رواج'' مطبوعہ معارف، اپریل ۱۹۶۳ء، ص ۲۰۷۔

۱۷۔ بحوالہ ''برصغیر میں مسلم فکر کا ارتقاء'' از قاضی جاوید، ص ۵۴-۵۵، مطبوعہ ادارہ ثقافت پاکستان طبع اول ۱۹۷۷ء۔

۱۹۔ بحوالہ ''سیر العارفین''، ص ۱۵۲۔

’آبِ حیات‘ میں محولہ ’نکات الشعرا‘ کے مطالب
تحقیقی وتنقیدی مطالعہ

تحریر: ابرار عبدالسلام*

Abstract

Azad's Aab-e-Hayat is the first recorded history of Urdu poetry. Besides being a significant literary document, the book is also an interpretation of literary history. There are recounts, which do not measure up to the yardstick of truth. Azad has just not replicated the material extracted from secondary sources: the blend of creative imagination with authentic materials has rendered a literary composition which cannot be classified as authentic (literary) history.

Hence, this paper attempts to show how Azad ignores facts and mixes primary and secondary sources while narrating the first recount of Urdu poetry in Nakat-e-Shoraa.

’آبِ حیات‘ میں منقول ’نکات الشعرا‘ کے حوالے سے آزاد کے بیانات کو تحقیق کی کسوٹی پر پرکھا جائے تو یہ دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ آبِ حیات کے سلسلے میں ’نکات الشعرا‘ آزاد کا مآخذ نہیں۔ آزاد نے ’فہرست اشپرنگر‘، ’تذکرۂ فائق‘ اور ’مجموعۂ نغز‘ میں منقول ’نکات الشعرا‘ کے حوالے سے مذکور بیانات کو کچھ اس طور پر بیان کیا ہے کہ جیسے انھوں نے ’نکات الشعرا‘ سے استفادہ کیا ہو۔ حالانکہ حقیقت میں ایسا نہیں۔ آزاد نے ثانوی مآخذ کو بنیادی مآخذ بنا کر پیش کر دیا ہے۔ جو کہ اخلاقیات تحقیق کے منافی ہے۔

آزاد نے ’آبِ حیات‘ میں میر کے حالات میں لکھا ہے کہ ”نکات الشعرا شائق شعر کے لیے بہت مفید ہے۔ اس میں شعرائے اردو کی بہت سی باتیں اس زمانہ کے لوگوں کے لیے دیکھنے کے قابل ہیں مگر وہاں بھی اپنا انداز قائم ہے۔ دیباچہ میں فرماتے ہیں کہ یہ اردو کا پہلا تذکرہ ہے اس میں ایک ہزار شاعر کا حال لکھوں گا مگر ان کو نہ لوں گا جن کے کلام سے دماغ پریشان ہو۔ ان ہزار میں ایک بیچارہ بھی طعنوں اور ملامتوں سے نہیں بچا۔“[۱] آزاد کے مذکورہ بالا بیان میں کئی باتیں اصلاح طلب ہیں۔ سب سے پہلی یہ کہ آزاد نے ’نکات الشعرا‘ کے حوالے سے لکھا ہے کہ میر نے اس تذکرے میں ایک ہزار شعرا کے حالات لکھنے کا عندیہ دیا ہے، ایسا ہرگز نہیں۔ آزاد کا مذکورہ بیان صحت سے خالی ہے۔ میر نے ’نکات الشعرا‘ میں ایک ہزار شعرا کے نہ حالات لکھے ہیں اور نہ ہی کوئی ایسی بات لکھی ہے۔

* لیکچرر، شعبہ اُردو، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، خانیوال۔

'نکات الشعرا' کے جو خطی نسخے دستیاب ہوئے ہیں ان میں سے کسی نسخے میں بھی اتنی بڑی تعداد میں شعرا کے تراجم شامل نہیں۔ 'نکات الشعرا' کا پہلا مطبوعہ ایڈیشن ۱۹۲۲ء میں نواب صدر یار جنگ حبیب الرحمٰن خان شروانی کے مقدمے کے ساتھ نظامی پریس بدایوں سے شائع ہوا۔ دوسرا ایڈیشن ۱۹۳۵ء میں بابائے اردو مولوی عبدالحق نے ترتیب دیا تھا جس کی طباعت غالباً انجمن ترقی اردو کے ذاتی پریس میں ہی عمل میں آئی۔[۲] اس ایڈیشن کی بنیاد جس قلمی نسخے پر رکھی گئی ہے، ترقیمے کے مطابق اس کی کتابت سید عبدالولی عزلت سورتی کی فرمائش پر سید عبدالنبی ابن سید محمود نے ۱۱۷۲ھ (۱۷۵۹ء) میں اورنگ آباد میں مکمل کی تھی۔[۳] ڈاکٹر حنیف نقوی نے نشاندہی کی ہے کہ یہ نسخہ انجمن ترقی اردو ہند نئی دہلی کے کتب خانے میں محفوظ ہے اور مذکورہ بالا دونوں نسخوں کے مرتبین نے دو علیحدہ علیحدہ نسخوں کو اپنے متن کی بنیاد بنایا ہے۔[۴] کیونکہ دونوں نسخوں میں منقول اشعار کی تعداد میں کمی بیشی اور بعض مقامات پر مذکور متن میں اختلاف اس بات کی تائید کرتا ہے۔

'نکات الشعرا' کا تیسرا ایڈیشن جنوری ۱۹۷۲ء میں ڈاکٹر محمود الٰہی صدر شعبہ اردو گورکھپور یونیورسٹی نے مرتب کر کے شائع کیا۔ یہ ایڈیشن بھی پیرس کے کتب خانے میں موجود خطی نسخے پر مبنی ہے، جو بندر سورت میں نقل کیا گیا اور ۱۷ ماہِ شوال ۱۱۷۸ھ (۱۷۶۵ء) کو مکمل ہوا۔ اس نسخے کے کاتب نے چوبیس شعرا کے تراجم، ان کے اشعار کو پوچ ولایعنی قرار دیتے ہوئے قلم انداز کر دیے ہیں۔[۵]

'نکات الشعرا' کے دستیاب خطی نسخوں سے جو تذکرے مرتب ہوئے ان میں کسی میں بھی ایک ہزار تو کیا اس کی نصف تعداد کے برابر بھی شعرا کے تراجم شامل نہیں۔ مذکورہ بالا نسخے میر کی زندگی ہی میں 'نکات الشعرا' کی تکمیل (۱۱۶۵ھ) کے چند سال بعد نقل ہوئے۔ ان نسخوں میں موجود شعرا کی تعداد کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ نہ میر نے 'نکات الشعرا' میں اتنی بڑی تعداد (ایک ہزار) میں شعرا کے تراجم لکھے اور نہ ہی 'نکات الشعرا' کے کسی نسخے میں اس طرح کا کوئی بیان موجود ہے۔

میر سے منسوب ایک ہزار شعرا کے حوالے سے آزاد کے بیان کے متعلق ڈاکٹر حنیف نقوی کا خیال ہے کہ ''مولانا محمد حسین آزاد نے آبِ حیات میں میر سے یہ بیان منسوب کیا ہے کہ میں اس کتاب میں ایک ہزار شعرا کا حال لکھوں گا لیکن اس انتساب کی صحت پر یقین نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۲ء) تک شعرائے اردو کی تعداد کا ایک ہزار تک پہنچ جانا بعید از قیاس ہے۔[۶] بفرض محال اگر اردو شعرا کی تعداد ایک ہزار تک پہنچ بھی گئی ہو تب بھی میر اس طرح کا بیان نہیں لکھ سکتے۔ چونکہ میر کا دل دکن کے شعرا کے حوالے سے صاف نہیں تھا۔ اس لیے وہ دکنی شعرا کو اپنے

تذکرے میں شامل نہیں کرنا چاہتے تھے۔اگر چہ وہ اردو شاعری کی ابتدا کا سہرا دکن کے سر باندھتے ہیں لیکن وہاں کے شعرا کو مربوط گو شعرا میں شامل نہیں کرتے، اس لیے انھوں نے 'نکات الشعرا' کی تمہید ہی میں لکھ دیا ہے کہ ''اگر چہ ریختہ کی ابتدا سرزمین دکن سے ہوئی لیکن چونکہ وہاں سے ایک بھی مربوط گو شاعر پیدا نہیں ہوا، اس لیے ان لوگوں کے نام سے ابتدا نہیں کی جارہی اور میری طبع ناقص کی رو سے ایسا کرنا اس وجہ سے بھی مناسب نہیں معلوم ہوتا کیونکہ ان میں سے اکثر کے حالات رنج وملال کا باعث ہوں گے لیکن ان میں سے بعضوں کے حالات لکھے جائیں گے۔'' [۷]

میر کے مذکورہ بالا بیان سے یہ بات عیاں ہورہی ہے کہ وہ 'نکات الشعرا' میں دکنی شعرا کو بادلِ نخواستہ شامل کر رہے ہیں۔ میر کی تمام تر توجہ شمالی ہند کے شعرا پر مرکوز ہے اور شمالی ہند میں اتنی بڑی تعداد میں شعرا کا دستیاب ہونا ناممکن تھا۔ میر نے 'نکات الشعرا' تقریباً ۲۹ سال کی عمر میں لکھا۔[۸] اس وقت تک میر نہ اپنی شاعری کا لوہا منوا سکے تھے اور نہ ہی وہ دہلی کے بااثر حلقوں تک رسائی رکھتے تھے۔ اس دور میں میر اتنی بڑی شخصیت نہیں تھے کہ وہ دہلی میں بیٹھے بیٹھے اتنی بڑی تعداد میں شعرا کے حالات وکلام حاصل کر سکتے۔

میر سے منسوب آزاد کے مذکورہ بیان کے حوالے سے قاضی عبدالودود کا یہ بیان مزید روشنی ڈالتا ہے۔ قاضی صاحب لکھتے ہیں ''نکات الشعرا کے موجودہ نسخوں میں کم وبیش سو شاعروں کا ذکر ہے لیکن آزاد ہزار لکھتے ہیں۔ حالانکہ میر نے کوئی ایسی بات سپردِ قلم نہیں کی۔ میرا خیال ہے کہ آزاد نے یہ بات کہ نکات میں سو شاعروں کا ذکر ہے۔ فہرست اشپرنگر میں دیکھی اور اس پر قناعت نہ کر کے سو کو دس سے ضرب دے کر حاصل ضرب پیش کر دیا۔ یہ بات انھیں نہ سوجھی کہ احمد شاہی عہد میں (زمانہ تصنیف نکات) اردو کے ہزار شاعر کہاں سے آئے۔[۹] لیکن مسعود حسن رضوی ادیب قاضی عبدالودود کی مذکورہ بالا رائے سے متفق نہیں۔ ان کے خیال میں ''آزاد کے اس بیان کی کوئی نہ کوئی سند ضرور ہوگی جو فی الحال ہمارے علم میں نہیں۔[۱۰] مسعود صاحب کے مذکورہ بیان سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے اس بیان سے صاف طور پر آزاد کی بے جا حمایت اور طرفداری مترشح ہورہی ہے۔ اگر مسعود صاحب کو آزاد کے بیان کو سچ ثابت کرنا تھا تو انھیں کوئی ٹھوس دلیل لانا چاہیے تھی۔ اگر آزاد آبِ حیات میں مختلف بیانات کے سلسلے میں مبالغے اور ترامیم واضافوں سے کام نہ لیتے تو مسعود صاحب کے مذکورہ بیان کو محتاط بیان کے زمرے میں رکھا جا سکتا تھا لیکن چونکہ آزاد نے آبِ حیات میں بہت سے واقعات کی پیش کش اور مختلف تذکروں سے ماخوذ بیانات کو نقل کرنے میں دانستہً خود ساختہ تبدیلیاں کی ہیں۔[۱۱] اس لیے مسعود صاحب کے مذکورہ بالا بیان سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔

جہاں تک آزاد کے اس بیان کا تعلق ہے کہ ''ان ایک ہزار میں سے ایک بیچارہ بھی طعنوں اور ملامتوں سے نہیں بچا۔'' [۱۲] یہ بھی درست نہیں۔ اگر آزاد کے پیشِ نظر 'نکات الشعرا' کا کوئی نسخہ ہوتا تو وہ نہ ہزار شاعروں والی بات لکھتے اور نہ ہی مذکورہ بیان دیتے۔ کیونکہ میر نے نکات الشعرا میں مذکور تمام شاعروں کی تنقیص نہیں کی۔ میر نے 'نکات الشعرا' میں صرف ان شعرا کی تنقیص کی ہے جن کو وہ ذاتی طور پر ناپسند کرتے تھے۔ یا وہ ان کے مخالف گروہ سے تعلق رکھتے تھے۔ اس ضمن میں ڈاکٹر جمیل جالبی کا بیان ہے ''میر نے ان شعرا کے ذکر میں جانبداری برتی ہے۔ جو ان کے گروہ سے تعلق رکھتے ہیں اس میں وہ شعرا شامل ہیں جو آرزو سے وابستہ ہیں یا میر سے جن کے تعلقات اچھے ہیں یا جو میر کے محسن اور رشتہ دار ہیں۔ ان شاعروں کو گرایا ہے جو مرزا مظہر سے تعلق رکھتے ہیں''۔ [۱۳]

میر نے جن شعرا کی تنقیص کی ہے ان میں انعام اللہ خان یقینؔ، میر محمد باقر حزیںؔ، محمد فقیہہ دردمندؔ، محمد یار خاکسارؔ، قدرت اللہ قدرتؔ، مصطفیٰ خان یک رنگؔ، میاں احسن اللہؔ، میاں صلاح الدین عرف مکھن پاکبازؔ، میر سجادؔ، محمد علی حشمتؔ، میاں کمترینؔ، عارف علی خان عاجزؔ، بندرا بن راقمؔ، شیخ محمد حاتم حاتمؔ اور میاں شہاب الدین ثاقبؔ وغیرہ شامل ہیں۔ ان شعرا سے میر کی ذاتی پرخاش تھی یا وہ مرزا مظہر کے گروہ سے تعلق رکھنے کی وجہ سے موردِ عتاب ہوئے۔ میر نے اِن شعرا کو اچھے الفاظ میں یاد نہیں کیا۔ لیکن چند شعرا ایسے بھی ہیں جن کو میر دلی طور پر ناپسند کرتے تھے لیکن اس کے باوجود ان کی دل کھول کر تعریف کی ہے، ان میں آرزو، سودا اور تاباں کا نام لیا جا سکتا ہے۔ [۱۴]

لالہ ٹیک چند بہارؔ، میاں حسن علی شوقؔ، محمد حسین کلیمؔ، محمد محسن محسنؔ، عبدالرسول نثارؔ، میاں جگنؔ، میر دردؔ، ہدایت اللہ ہدایتؔ، اسد یار خان انسانؔ، سعادت علی سعادتؔ، شرف الدین پیامؔ، نجم الدین سلامؔ، کرم اللہ دادؔ، اشرف علی فغاںؔ، میر حسنؔ اور محمد عارف عارفؔ وغیرہ وہ شعرا ہیں جن کو میر نے اچھے الفاظ میں یاد کیا ہے۔ مخلصؔ، بہارؔ اور شوقؔ، خان آرزو کے شاگرد، کلیمؔ اور محسنؔ میر کے رشتہ دار، نثارؔ اور میاں جگنؔ میر کے شاگرد، فغاںؔ، میر حسن، میرؔ گھاسی اور عارفؔ وغیرہ سے میر کی راہ و رسم اور انساںؔ، سعادتؔ، پیامؔ اور سلامؔ میر کے محسنوں میں سے تھے۔ اس لیے میر نے ان سب کی تعریف کی ہے۔ ان کی شاعری کو سراہا ہے اور ان سے ہمدردانہ رویہ رکھا ہے۔

مذکورہ بالا حقائق کی روشنی میں یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ میر سے منسوب آزاد کا مذکورہ بالا بیان حقیقت پر مبنی نہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آزاد نے میر سے منسوب مذکورہ بیان کیوں نقل کیا۔ کیا یہ بیان آزاد کے زائدۂ فکر سے ہے یا اس کا کوئی ماخذ بھی ہے۔ دراصل قاسم نے اپنے تذکرے میں نکات الشعرا کے حوالے سے لکھا ہے کہ ''در تذکرۂ خود ہمہ کس بہ بدی یاد کردہ'' [۱۵] آزاد نے قاسم کے مذکورہ بیان کو بنیاد بنا کر یہ عبارت لکھ دی کہ میر نے اپنے

تذکرے میں مذکور ایک ہزار شاعروں میں سے کسی کو بھی نہیں بخشا، قاسم کے مذکورہ بالا بیان سے یہ کہیں مترشح نہیں ہوتا کہ میر نے ہزار شاعروں کو طعنوں اور ملامتوں سے سرفراز فرمایا۔ قاسم نے صرف یہ لکھا ہے کہ ’’میر نے اپنے تذکرے میں ہر شخص کو بدی سے یاد کیا ہے۔‘‘ آزاد نے قاسم کے بیان کو بڑھا چڑھا کر مذکورہ صورت دے دی۔

قاسم ذاتی طور پر میر کو ناپسند کرتے تھے۔ اس لیے انھوں نے مبالغہ سے کام لیتے ہوئے اکثر شعرا کی تنقیص کو تمام شعرا کی تنقیص پر محمول کر دیا۔ قاسم کا مذکورہ بالا بیان میر سے متعلق ان کے اندر چھپے ہوئے غصے کو آشکار کر رہا ہے۔ چونکہ میر نے بہت سے مستند اور قابلِ عزت شعرا کے ساتھ ناانصافی کی تھی۔ اس لیے میر کے اس طرزِ عمل کو کئی تذکرہ نگاروں نے ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا اور ان کے اس رویے کے خلاف اپنے تذکروں میں آواز بلند کی اور میر کو آڑے ہاتھوں لے کر اپنے دل کا غبار نکالا۔ قاسم بھی ان میں سے ایک ہیں۔[۱۶]

اِن سب تذکرہ نگاروں نے اُن شعرا کی دل کھول کر تعریف کی ہے جن کو میر نے گرایا تھا یا جن کے کلام کو ’’پوچ، ذائقہ شعر فہمی ندارد، غنا ندارد اور سفلگی‘‘ وغیرہ جیسے الفاظ سے یاد کیا ہے۔ ان تذکرہ نگاروں میں پہل گردیزی نے کی کیونکہ ’’بعض اور اصحاب کی طرح گردیزی کو بھی یہ بات ناگوار گزری کہ اس کے بعض دوستوں پر میر صاحب نے بے باکی سے نکتہ چینی کی یا ان کی طرف سے بے التفاتی کی۔ لہٰذا حق دوستی ادا کرنے کے لیے اس نے خود ایک تذکرہ لکھا۔‘‘[۱۷] چنانچہ اس تذکرے میں گردیزی نے اُن شعرا کی دل کھول کر تعریف کی جن کو میر ناپسند کرتے تھے یا جنھیں میر نے اچھے الفاظ میں یاد نہیں کیا۔ گردیزی نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ انھوں نے اپنے جلے دل کے پھپھولے پھوڑنے کے لیے میر کے حالات میں صرف پانچ سطریں لکھیں اور اُن کا ایک معمولی شعر نقل کیا اِس کے مقابلے میں میر کے معتوب شعرا کے حالات و کلام کو میر کی بہ نسبت کہیں زیادہ نقل کیا۔ انعام اللہ خاں یقیںؔ اور میر محمد باقر حزیںؔ کے حالات میر سے زیادہ لکھے ہیں اور ان کے اشعار کا انتخاب بالترتیب تقریباً ۱۸۹ اور ۱۲۴ کی تعداد میں نقل کیا ہے۔

قاسم بھی گردیزی کی طرح میر کی مخالفت میں پیش پیش رہے۔ قاسم نے میر کے حوالے سے جو دل کا غبار نکالا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ قاسم کا سلسلۂ تلمذ و تتبع (شاعری میں بھی اور مسلک میں بھی) مظہر جانِ جاناں سے ملتا ہے۔ خود گردیزی سے قاسم کا تعلق بڑا گہرا رہا ہے۔ یہ خیال حقیقت سے قریب ہے کہ میر کے خلاف جو غبار گردیزی نکالنا چاہتے تھے وہ قاسم نے نکالا۔[۱۸]

آزاد نے میر کے حالات میں ان کا یہ بیان نقل کیا ہے ’’مگر اُن کو نہ لوں گا جن کے کلام سے دماغ پریشان

ہو۔''[۱۹] آزاد کی یہ منقولہ عبارت میر کے اُس بیان کا ترجمہ ہے جو انھوں نے 'نکات الشعرا' کی تمہید میں لکھی ہے۔ میر کا بیان ہے ''وطبع ناقص معروف اینہم نیست کہ احوال اکثر آنہا ملال اندوز گردد۔''[۲۰] جیسا کہ آغاز میں بیان کیا گیا ہے کہ آزاد کے پیش نظر نکات الشعرا کا کوئی نسخہ نہیں رہا۔ آزاد نے میر کا یہ بیان 'نکات الشعرا' سے نہیں 'فہرست اشپرنگر' میں منقول 'نکات الشعرا' کی تمہید سے اخذ کیا ہے۔[۲۱]

آزاد 'نکات الشعرا' کے حوالے سے لکھتے ہیں ''ولی کہ بنی نوعِ شعرا کا آدم ہے۔ اُس کے حق میں فرماتے ہیں 'وے شاعریست از شیطان مشہورتر' میر خان کمترین اُسی زمانہ میں ایک قدیمی شاعر دلّی کے تھے اُنھیں اس فقرہ پر بڑا غصہ آیا۔ ایک نظم میں اوّل بہت کچھ کہا۔ آخر میں آکر کہتے ہیں ع ولی پر جو سخن لاوے اسے شیطان کہتے ہیں[۲۲]۔ 'نکات الشعرا' کے دستیاب خطی اور مطبوعہ نسخوں میں میر سے منسوب اس طرح کا کوئی بیان مذکور نہیں۔ آزاد کی اس روایت پر صفیر بلگرامی تعجب کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں ''تعجب ہے حضرت آزاد نے تذکرہ آبِ حیات میں جہاں میر تقی صاحب کا ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ ولی بنی نوع شعرا کا آدم ہے اوس کے حق میں میر صاحب فرماتے ہیں (وے شاعرے است از شیطان مشہورتر) میر صاحب پر ولی کی درشت گوئی کا الزام کچھ عجب بات ہے۔ میرے سامنے اس وقت تذکرہ نکات الشعرا میر تقی صاحب کا موجود ہے، جو ۱۲۴۰ھ کا لکھا ہوا ہے اور میر صاحب کا انتقال ۱۲۲۵ھ میں ہوا تو یہ کتابت اون کے انتقال کے پندرہ (۱۵) برس بعد کی ہے۔ پھر یہ فقرہ کہ (وے شاعرے است از شیطان مشہورتر) کس تذکرہ سے لکھا گیا ہے۔ میر صاحب تو ایسا نہیں لکھتے۔''[۲۳] صفیر بلگرامی کا مذکورہ بیان بھی نکات الشعرا کے حوالے سے آزاد کی روایت کی تکذیب کر رہا ہے۔ دراصل آزاد کا مذکورہ بیان 'نکات الشعرا' سے نہیں 'مجموعۂ نغز' سے ماخوذ ہے۔ قاسم کا بیان ہے ''درحق شاعران جلی المتخلص بہ ولی نوشتہ کہ وے شاعرے است از شیطان مشہورتر و سزائے ایں کردار ناہنجار از کمترین شاعر بواجبی یافتہ کہ وے ہجوہائے متعددہ او کردہ کہ بعضے ازاں بغایت رکیک و پردہ در افتادہ[۲۴] اور ولی کے ترجمہ میں لکھتے ہیں ''پیر خان کمترین کہ خدایش بیامرزد بموقع و بجا گفتہ کہ ع ولی پر جو سخن لاوے اوسے شیطان کہتے ہیں۔[۲۵]

سوال یہ ہے کہ کیا میر نے 'نکات الشعرا' میں اس طرح کی کوئی بات لکھی تھی۔ اس سلسلے میں قیاس سے کام لینا پڑے گا۔ 'نکات الشعرا' کی تمہید میں دکنی شعرا سے متعلق میر کی اس رائے ''اگرچہ ریختہ از دکن است، چوں از آنجا یک شاعر مربوط برنخواستہ لہٰذا شروع بنام آنہا نکردہ وطبع ناقص معروف اینہم نیست کہ احوال اکثر آنہا ملال اندوز گردد''[۲۶] کو سامنے رکھتے ہوئے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ممکن ہے میر نے 'نکات الشعرا' میں ابتداً اس طرح

کی کوئی بات لکھی ہو یا کسی مجلس میں میر نے اس طرح کی کوئی بات کہی ہو اور اس نے شہرت حاصل کر لی ہو اور اس بنا پر پیر خان کمترین نے میر کی ہجو کہی ہو اور میر نے دوراندیشی سے کام لیتے ہوئے اس طرح کی بات کو 'نکات الشعرا' میں نقل کرنے سے احتراز کیا ہو یا 'نکات الشعرا' میں لکھے ہوئے اس بیان کو قلم زد کر دیا ہو۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر حنیف نقوی کا بیان مزید روشنی ڈالتا ہے ''ولی کے متعلق میر سے منسوب یہ مشہور قول بھی کہ ''وے شاعریست از شیطان مشہورتر'' متداول نسخوں میں شامل نہیں۔ حالانکہ میر سے اس کے انتساب پر شبہے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ کیونکہ قدرت اللہ قاسم کی معاصرانہ شہادت کے علاوہ پیر خان کمترین کا یہ مصرع بھی کہ 'ولی پر جو سخن لاوے اسے شیطان کہتے ہیں' واقعے کی شہادت پر دلالت کرتا ہے۔ اس سلسلے میں مصحفی کا یہ شعر بھی غور طلب ہے۔

ہونا بہت آسان ہے شیطان سے مشہور   پر ہو تو لے اول کوئی دنیا میں ولی سا

اور اس کی اہمیت اس اعتبار سے اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے کہ یہ باتیں میر صاحب کی زندگی میں کہی گئی ہیں اور ان کی یا ان کے کسی ارادت مند کی جانب سے کسی جوابی مدافعانہ کارروائی کا کوئی ثبوت موجود نہیں [۲۷] مذکورہ بالا بیان کے پیش نظر قاسم کے مذکورہ بیان کو قبول کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ پیر خان کمترین کے مصرع اور واقعہ کی شہادت 'مخزن شعرا' سے بھی ہوتی ہے فائق نے اپنے تذکرے میں یہی واقعہ ذرا مختلف مگر مختصر انداز میں نقل کیا ہے۔[۲۸]

آزاد نے ولی کے حالات میں 'ولی' کو احمد آباد گجرات کا باشندہ بتایا ہے [۲۹] اور اس کے حاشیے پر یہ عبارت لکھی ہے ''دیکھو تذکرہ قدرت خان قاسم، مگر تعجب ہے کہ میر تقی نے اپنے تذکرہ میں اورنگ آبادی لکھا ہے۔'' آزاد کے مذکورہ بیان سے یہ مترشح ہوتا ہے گویا انھوں نے مجموعۂ نغز کے ساتھ ساتھ 'نکات الشعرا' سے بھی استفادہ کیا تھا۔ حالانکہ یہ مکمل حقیقت نہیں۔ آزاد نے 'مجموعۂ نغز' سے تو بھرپور استفادہ کیا ہے۔ لیکن 'نکات الشعرا' ان کی نظر سے نہیں گزرا۔ ولی کے حالات لکھتے ہوئے آزاد کے پیش نظر 'تذکرۂ فائق' بھی رہا ہے۔ اس کا ذکر آزاد نے ولی کے ترجمے میں کیا ہے۔[۳۰] آزاد نے ولی کے وطن احمد آباد گجرات کے حوالے سے تذکرہ قدرت اللہ خان قاسم سے رجوع کرنے کا کہا ہے۔ لیکن 'مجموعۂ نغز' میں قاسم نے اس طرح کی کوئی بات نہیں لکھی۔ قاسم نے ولی کو احمد آباد گجرات کا نہیں بلکہ دکن کا باشندہ لکھا ہے۔ اس حوالے سے قاسم کا بیان ہے ''وے عزیزے بود از سکنہ دیار دکن''[۳۱]

دراصل غلطی آزاد سے یہ ہوئی کہ اُنھوں نے 'تذکرۂ فائق' کی بجائے 'مجموعۂ نغز' سے رجوع کرنے کی بات لکھ دی۔ قاسم کی بجائے فائق نے 'مخزن شعرا' میں ولی کو احمد آباد گجرات کا رہنے والا بتایا ہے۔ چونکہ فائق خود گجرات

کے رہنے والے تھے اور ان کا خاندان علم و فضل کی وجہ سے اس علاقے میں بڑی عزت و احترام سے دیکھا جاتا تھا۔ فائق کے بیان سے متاثر ہو کر ہی آزاد نے قاسم کے بیان کو قبول نہیں کیا۔ فائق نے ولی کے ترجمے میں لکھا ہے کہ احمد آباد کے ثقہ لوگوں سے یہی سننے میں آیا ہے کہ ولی گجرات کا باشندہ تھا۔ ولی کی تعلیم اور اس کی عمر کا ایک کثیر حصہ احمد آباد میں گزرا، حتیٰ کہ اس کا مدفن بھی احمد آباد میں ہے۔ اس لیے اکثر لوگوں نے اسے گجراتی قرار دیا ہے۔ فائق خود بھی اسی خیال کے حامی ہیں۔ فائق نے ولی کے حالات میں نشاندہی کی ہے کہ اس زمانے (تصنیف مخزن شعرا) سے بھی پہلے یہ بحث چل پڑی تھی کہ ولی کا تعلق گجرات سے ہے یا دکھن سے؟ فائق لکھتے ہیں ''ولی تخلص، محمد ولی نام، مولدش احمد آباد و مدفنش ہم ہماں بلدۂ خجستہ بنیاد۔۔۔۔ برضمائرِ انجم نظائرِ ناظران، ہوشمند مخفی و محتجب نماند کہ محققان، ایں فن را در حالِ او اختلاف است کہ آیا ولی از گجرات است و یا از دکھن۔ اما براقم آثم از بانی ثقاتِ بلدۂ احمد آباد بہ ثبوت چناں پیوستہ کہ شاعر مزبور از بلدۂ مسطور بودہ و سالہا بدکھن ہم گذرانید۔[۳۲]

فائق کے مذکورہ بالا بیان سے متاثر ہو کر ہی آزاد نے ولی کو احمد آباد گجرات کا باشندہ لکھا ہے اور جہاں تک آزاد کے اس بیان کا تعلق ہے ''مگر تعجب ہے کہ میر تقی نے اپنے تذکرہ میں اورنگ آبادی لکھا ہے'' آزاد نے 'تذکرۂ فائق' میں ہی یہ بات دیکھی تھی۔ فائق کا بیان ہے ''وخطا کرد میر تقی میر کہ در تذکرۂ خود او را از اورنگ آباد نوشت شاید بریں شعر او را از دکھن خیال کرد۔ فرد

ولی ایران و توراں میں ہے مشہور　　　اگرچہ شاعر ملکِ دکھن ہے [۳۳]

آزاد نے 'نکات الشعرا' سے استفادہ نہیں کیا۔ اگر وہ 'نکات الشعرا' سے استفادہ کرتے تو مذکورہ تذکرے میں مندرج اشعار کے متون 'آبِ حیات' میں منقول متون کے مطابق ہوتے۔ کیونکہ آزاد نے جن تذکروں کا حوالہ 'آبِ حیات' میں دیا ہے اُس میں 'نکات الشعرا' بھی ہے اگر آزاد نے مذکورہ تذکرے سے استفادہ کیا ہوتا تو وہ شعرا کے حالات و کلام دونوں کا انتخاب 'نکات الشعرا' میں سے ضرور دیتے لیکن جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ آزاد نے 'نکات الشعرا' کے حوالے سے جو کچھ بھی لکھا ہے وہ ثانوی مآخذ سے ماخوذ ہے۔ اِس لیے اُنھوں نے 'نکات الشعرا' کے حوالے سے میر کے بعض بیانات تو 'آبِ حیات' میں نقل کر دیے، لیکن 'آبِ حیات' میں مذکور اشعار کے متون، 'نکات الشعرا' میں منقول اشعار کے متون کے مطابق اِس لیے نہیں ہو سکے کہ وہ تمام اشعار آزاد نے 'نکات الشعرا' کی بجائے دوسرے تذکروں سے نقل کیے ہیں۔ مندرجہ ذیل سطور میں پیش کیے گئے موازنے میں ان شعرا کے کلام کا موازنہ پیش نہیں کیا جا رہا جن کے انتخاب میں آزاد نے ایک دو اشعار کی بجائے پوری غزلیں نقل کی ہیں۔ ان شعرا

میں وؔلی، فغاؔں، حاتؔم، تاباؔں، سوؔدا، میرؔ اور دؔرد شامل ہیں۔ آزاد نے ان شعرا کے کلام کا انتخاب ان شعرا کے دواوین سے پیش کیا ہوگا۔ لیکن بہت سے شعرا ایسے ہیں جن کے کلام کا انتخاب آزاد نے مختلف تذکروں سے نقل کیا ہے اور ان کے دو (۲) چار (۴) یا چند اشعار نقل کرنے پر ہی اکتفا کیا ہے۔ مزید یہ کہ ان شعرا کے دواوین آزاد کی دسترس میں نہیں تھے اور اس دور میں یہ ممکن بھی نہیں تھا۔ لہٰذا آزاد نے ان شعرا کے کلام کا انتخاب تذکروں سے حاصل کر کے ہی ’آبِ حیات‘ میں نقل کیا ہے۔ اگر آزاد کی دسترس میں ’نکات الشعرا‘ کا کوئی نسخہ ہوتا تو وہ نکات الشعرا میں سے انھیں کلام کا انتخاب ضرور پیش کرتے جن اشعار کو انھوں نے دوسرے تذکروں سے نقل کیا ہے۔ (ذیل میں آبِ حیات کے متن کا موازنہ نکات الشعرا کے تین ایڈیشنوں، نکات الشعرا مرتبہ حبیب الرحمٰن خان شروانی، نکات الشعرا مرتبہ مولوی عبدالحق اور نکات الشعرا مرتبہ ڈاکٹر محمود الٰہی سے کیا جا رہا ہے۔ مذکورہ اشعار کے سامنے ان کا حوالہ اور صفحہ نمبر دے دیا گیا ہے۔ حوالے کے لیے مخففات کا استعمال کیا گیا ہے۔ ’ع‘ سے مراد نسخۂ عبدالحق، ’ش‘ سے مراد نسخہ شروانی اور ’م‘ سے مراد نسخۂ محمود الٰہی ہے اور ’آب‘ سے مراد آبِ حیات ہے)

۱۔ رکھے سیپارۂ گل کھول آگے عندلیبوں کے چمن میں آج گویا پھول ہیں تیرے شہیدوں کے (آب ۱۲۴)	۱۔ رکھے سیپارۂ دل کھول آگے عندلیبوں کے چمن میں آج گویا پھول ہیں تیرے شہیدوں کے (ع۴، م۲۵ ش۴)
۲۔ آتا ہے ہر سحر اُٹھ تیری برابری کو کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو (ایضاً)	۲۔ ہر صبح آوتا ہے تیری برابری کو کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو (ع۴، م۲۶ ش۴)
۳۔ از زلف سیاہ تو بدل دوم پری ہے در خانہ آئینہ گتا جوم پری ہے (ایضاً)	۳۔ از زلف سیاہِ تو بدل دھوم پڑی ہے در خانۂ آئینہ گھٹا جھوم پڑی ہے (ع۴، م۲۶ ش۵)
۴۔ خدا کے واسطے اس کو نہ ٹوکو یہی ایک شہر میں قاتل رہا ہے (۱۴۹)	۴۔ خدا کے واسطے اس کوں نہ ٹوکو یہی ایک شہر میں قاتل رہا ہے (ع۵ م۲۷ ،ش۵)
۵۔ جواں مارا گیا خوباں کے بدلے میرزا مظہر بھلا تھا یا بُرا تھا، زور کچھ تھا خوب کام آیا (ایضاً)	۵۔ جواں مارا گیا خوبوں کے اوپر میرزا مظہر بھلا تھا یا برا تھا زور کچھ تھا خوب کام آیا (ع۵، م۲۷، ش۶)
۶۔ ہم نے کی ہے توبہ اور دھومیں مچاتی ہے بہار ہائے بس چلتا نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار (ایضاً)	۶۔ ہم نے کی ہے توبہ اور دھومیں مچاتی ہے بہار ہائے کچھ چلتا نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار (ع۶، م۲۸) توبہ کی ہے ہم نے اور دھومیں مچاتی ہے بہار ہائے کچھ چلتا نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار (ش۶)

۷۔ جدائی کے زمانہ کی سجن کیا زیادتی کہیے کہ اس ظالم کی جو ہم پر گھڑی گزری سو جگ بیتا (۹۹)	۷۔ جدائی کے زمانہ کی میاں کیا زیادتی کہیے کہ اس ظالم کی جو ہم پر گھڑی گزری سو جگ بیتا (ع۱۰،ش۱۰) جوانی کے زمانہ کی میاں کیا زیادتی کہیے کہ اس ظالم کی جو ہم پر گھڑی گزری سو جگ بیتا (م۳۰)
۸۔ اِس ناتواں کی حالت وہاں جا کہے ہے اُڑ کر میرا یہ رنگِ رو ہے گویا مکھی کبوتر (۱۰۲)	۸۔ مجھ ناتواں کی حالت وہاں جا کہے ہے اوڑ کر (ع۱۱،م۳۱، میرا یہ رنگ رو ہے گویا مکھی کبوتر ش۱۱)
۹۔ آبرو کے قتل کو حاضر ہوئے کس کے کمر خون کرنے کو چلے عاشق پہ تہمت باندھ کر (۱۰۱)	۹۔ آبرو کے قتل پر حاضر ہوا کس کر کمر (ع۱۲،م۳۲، خون کرنے کوں چلے عاشق پہ تہمت باندھ کر ش۱۲)
۱۰۔ کیوں چھپا ظلمت میں گر اُس لب سے شرمندہ نہ تھا جان کچھ پانی مرے ہے چشمۂ حیواں کے بیچ (ایضاً)	۱۰۔ کیوں چھپا ظلمت میں گر تجھ لب سے شرمندہ نہ تھا (ع۱۲،م۳۲، جان کچھ پانی مرے ہے چشمۂ حیواں کے بیچ ش۱۲)
۱۱۔ یوں آبرو بناوے دل میں ہزار باتاں جب تیرے آگے آوے گفتار بھول جاوے (ایضاً)	۱۱۔ یوں آبرو بناوے دل میں ہزار باتیں (ع۱۳،م۳۳، جب روبرو ہو تیرے گفتار بھول جاوے ش۱۴)
۱۲۔ جہاں اُس خو کی گرمی تھی، نہ تھی وہاں آگ کو عزت مقابل اُس کے ہو جاتی ،تو آتش لکڑیاں کھاتی (ایضاً)	۱۲۔ جہاں تجھ خو کی گرمی تھی نہ تھی کچھ آگ کو عزت (ع۱۴،م۳۳، مقابل اُس کے ہو جاتی تو آتش لکڑیاں کھاتی ش۱۵)
۱۳۔ کنجی اُس کی زبانِ شیریں ہے دل میرا قفل ہے بتاسے کا (۱۰۱)	۱۳۔ اُس کی کنجی زبانِ شیریں ہے دل میرا قفل ہے بتاسے کا (ع۱۴) اُس کی کنجی زبانِ شیریں ہے دل میرا قفل ہے بتاسہ کا (ش۱۵) اُس کی کنجی زبانِ شیریں ہے دل میرا قفل ہے بتاشے کا (م۳۴)
۱۴۔ ہم نے کیا کیا نہ ترے عشق میں محبوب کیا صبر ایوب کیا گریۂ یعقوب کیا (۱۰۴)	۱۴۔ ہم نے کیا کیا نہ ترے غم میں اے محبوب کیا صبر ایوب کیا گریۂ یعقوب کیا (ع۱۶،م۳۵)
۱۵۔ میکدہ میں گر سراپا فعل نامعقول ہے مدرسہ دیکھا تو وہاں بھی فاعل و مفعول ہے (ایضاً)	۱۵۔ میکدہ میں گر سراسر فعل نامعقول ہے (ع۱۶،م۳۵، مدرسہ دیکھا تو وہاں بھی فاعل و مفعول ہے ش۱۷)
۱۶۔ کرے ہے دار کو کامل بھی سرتاج ہوا منصور سے نکتہ یہ حل آج (ایضاً)	۱۶۔ کرے ہے دار بھی کامل کو سرتاج ہوا منصور سے نکتہ یہ حل آج (ع۱۷،م۳۶)

۱۷۔ خط آ گیا ہے اُس کے، مری ہے سفید ریش
کرتا ہے اب تلک بھی وہ ملنے میں شام صبح (ایضاً)

۱۷۔ خط آ گیا ہے اُس کے میری ہوئی سفید ریش
کرتا ہے اب تلک بھی وہ ملنے میں شام صبح (ع۱۷)
خط آ گیا ہے اُس کے میری ہوئی سفید ریش
کرتا ہے اب تلک بھی وہ ملنے میں شام وصبح (م۳۶)

۱۸۔ زبانِ شکوہ ہے مہدی کا ہر پات
کہ خوباں نے لگائے ہیں مجھے ہات (۱۰۸)

۱۸۔ زبان شکوہ ہے مہندی کا ہر پات
کہ خوبوں نیں لگائے ہیں مجھے ہات (ع۲۰،م۳۸)
زبان شکوہ ہے مہندی کا ہر پات
کہ خوباں نیں لگائے ہیں مجھے ہات (ش۲۰)

۱۹۔ اُس زلف کا یہ دل ہے گرفتار بال بال (۱۰۹)
یک رنگ کے سخن میں خلاف ایک مُونہیں

۱۹۔ تجھ زلف کا یہ دل ہے گرفتار بال بال (ع۲۱،م۳۸،
یک رنگ کے سخن میں خلاف ایک مُونہیں ش۲۲)

۲۰۔ جو کوئی توڑتا ہے غنچۂ دل
دلِ بلبل شکستہ کرتا ہے (ایضاً)

۲۰۔ جو کوئی توڑتا ہے غنچۂ دل (ع۲۲،م۳۹)
دل کو میرے شکستہ کرتا ہے
جو کوئی توڑتا ہے غنچۂ گل
دل کو میرے شکستہ کرتا ہے (ش۲۲)

۲۱۔ نہ کہو یہ کہ یار جاتا ہے
دل سے صبر و قرار جاتا ہے
گر خبر لینی ہے تو لے صیاد
ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہے (۱۰۹)

۲۱۔ نہ کہو یہ کہ یار جاتا ہے
میرا صبر و قرار جاتا ہے
گر خبر لینی ہے تو لے صیاد (ع۲۲،م۳۹،
ہاتھ سے یہ پھر شکار جاتا ہے ش۲۲)

۲۲۔ لگے ہیں خوب کانوں میں بتوں کے
سخن یک رنگ کے گویا گہر ہیں (ایضاً)

۲۲۔ لگے ہے جاکے کانوں میں بتوں کے (ع۲۲،م۳۹،
سخن یک رنگ کا گویا گُہر ہے ش۲۳)

۲۳۔ یک رنگ پاس اور سجن کچھ نہیں بساط
رکھتا ہوں دونین ، جو کہو تو نذر کروں (۱۰۸)

۲۳۔ یک رنگ پاس کیا ہے سجن اور کچھ بساط (ع۲۲،م۳۹،
رکھتا ہے دونین جو کہو تو نظر کرے ش۲۳)

۲۴۔ جس کے دردِ دل میں کچھ تاثیر ہے
گر جواں بھی ہے تو میرا پیر ہے (۱۰۹)

۲۴۔ جس کے درد دل میں کچھ تاثیر ہے (ع۲۲،م۳۹،
گر جواں بھی ہو تو میرا پیر ہے ش۲۳)

۲۵۔ جدائی سے تیری اے صندلی رنگ
مجھے یہ زندگانی دردِ سر ہے (ایضاً)

۲۵۔ جدائی میں تیری اے صندلی رنگ
--- میں زندگانی دردِ سر ہے (م۴۰)

۲۶۔ اِس کو مت جانو میاں اوروں کی طرح	۲۶۔ اِس کو مت بوجھو سجن اوروں کی طرح	(ع۲۲،م۳۹،
مصطفیٰ خاں آشنا یک رنگ ہے (ایضاً)	مصطفیٰ خاں آشنا یک رنگ ہے	ش۲۳)
۲۷۔ دیکھ ہم صحبت کی دولت سے نہ رکھ چشمِ امید	۲۷۔ دیکھ ہم صحبت کی دولت سے نہ رکھ چشمِ کرم	(ع۲۳،م۴۱)
لب صدف کے تر نہیں ہر چند گوہر میں ہے آب (۱۰۶)	لب صدف کے تر نہیں ہر چند ہے گوہر میں آب	ش۲۴)
۲۸۔ دیکھ موہن تیری کمر کی طرف	۲۸۔ دیکھ دلبر تیری کمر کی طرف	
پھر گیا مانی اپنے گھر کی طرف	پھر گیا مانی اپنے گھر کی طرف	
حشر میں پاکباز ہے ناجی	حشر میں پاک باز ہیں ناجی	(ع۲۵،م۴۲،
بدعمل جائیں گے سقر کی طرف (ایضاً)	بد عمل جائیں گے سقر کی طرف	ش۲۶)
۲۹۔ جہاں دل بند ہو ناصح وہاں آوے خلل کرنے	۲۹۔ جہاں دل بند ہو ناجی کا وہاں آوے خلل کرنے	(ع۲۶،م۴۳،
رقیب ناولد ناجی گویا لڑکوں کا بابا ہے (۱۰۷)	رقیب لاولد ناصح گویا لڑکوں کا باوا ہے	ش۲۷)
۳۰۔ مجھے درد والم گھیرے ہے نت میرے میاں صاحب	۳۰۔ مجھے درد والم رہتا ہے نت گھیرے میاں صاحب	(ع۸۰،م۸۲،
خبر لیتے نہیں کیسے ہو تم؟ میرے میاں صاحب (۹۹)	خبر لیتے نہیں کیسے ہو تم میرے میاں صاحب	ش۸۴)
۳۱۔ ہمنا تمھن کو دل دیا، تم دل لیا اور دُکھ دیا	۳۱۔ ہمنا تمن کو دل دیا تم نے لیا اور دکھ دیا	
ہم یہ کیا تم وہ کیا، ایسی بھلی یہ پیت ہے	تم یہ کیا ہم وہ کیا ایسی بھلی یہ ریت ہے	
سعدی کہ گفتہ ریختہ، دردریختہ دُرریختہ	سعدی غزل انگیختہ شیر و شکر آمیختہ	(ع۱۰۳،م۱۰۵
شیر وشکر ہم ریختہ، ہم ریختہ ہم گیت ہے (۷۹)	در ریختہ در ریختہ ہم شعر ہے ہم گیت ہے	ش۱۱۰)

مذکورہ بالا متون کے اختلاف یہ ظاہر کرتے ہیں کہ آزاد کے پیش ’نظر نکات الشعرا‘ کا کوئی نسخہ نہیں رہا۔ اگر ایسا ہوتا تو ’نکات الشعرا‘ میں مرقوم اشعار کے متون ’آبِ حیات‘ میں مندرج اشعار کے متون سے مختلف نہ ہوتے۔ کم از کم چند اشعار تو ایسے ہوتے جن کا متن ’آبِ حیات‘ کے متن کے مطابق ہوتا۔ چنانچہ مذکورہ بالا حقائق کے پیش نظر یہ کہنا نامناسب نہیں کہ ’نکات الشعرا‘ کے حوالے سے آزاد کے تمام بیانات ثانوی مآخذات سے ماخوذ ہیں۔ آزاد نے اشپرنگر، قاسم اور فائق کے بیانات کو ’آبِ حیات‘ میں نقل کرتے ہوئے ایسا انداز اپنایا ہے جس سے مترشح ہوتا ہے کہ ’آبِ حیات‘ کے سلسلے میں ’نکات الشعرا‘ بھی آزاد کا ایک مآخذ ہے حالانکہ ایسا ہرگز نہیں۔ آزاد مذکورہ تذکرہ نگاروں کے بیانات کو ’آبِ حیات‘ میں نقل کرنے سے پہلے یہ تحقیق کرنے کی کوشش نہیں کرتے کہ ان کے بیانات صحیح بھی ہیں یا نہیں۔

مزید یہ کہ اگر 'نکات الشعرا' آزاد کے پاس ہوتا تو یا وہ آزاد کلیکشن پنجاب یونیورسٹی لاہور میں ہوتا یا پھر ان کے گھرانے میں۔ اگر ان کے گھرانے میں ہوتا تو آغا باقر کو یہ لکھنے کی ضرورت پیش نہ آتی ''اصل مضمون (زبانِ اردو) اور حاشیے پر تذکرہ نکات الشعرا کا حوالہ موجود ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تذکرہ مولوی صاحب کے پاس تھا۔'' [۳۴]

حواشی وحوالہ جات

۱۔ آبِ حیات، ص۲۱۶۔

۲۔ شعرائے اردو کے تذکرے، ص۱۸۰۔

۳۔ ایضاً

۴۔ ایضاً

۵۔ ایضاً۔ نکات الشعرا کا یہ ایڈیشن اردو اکادمی، لکھنؤ سے ۱۹۸۴ء میں پہلے اکادمی ایڈیشن کے طور پر بھی شائع ہوا۔ ڈاکٹر معین الدین عقیل صاحب نے اسی نسخے (نسخۂ پیرس) کو مولوی عبدالحق کے مرتب کردہ نکات الشعرا کے ساتھ اختلاف متن کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔ یہ ایڈیشن انجمن ترقی اردو، کراچی سے ۱۹۷۹ء میں شائع ہوا۔

۶۔ شعرائے اردو کے تذکرے، ص۱۸۴۔

۷۔ ترجمہ تمہید نکات الشعرا مرتبہ عبدالحق، ص۱۔

۸۔ نکات الشعرا مرتبہ عبدالحق، ص ح۔

۹۔ آزاد بحیثیت محقق از قاضی عبدالودود، نوائے ادب، بمبئی، اکتوبر ۱۹۵۶ء، ص۲۶۔

۱۰۔ آبِ حیات کا تنقیدی مطالعہ از مسعود حسن رضوی ادیب، ص۱۴۰۔

۱۱۔ دیکھیے: تدوین آبِ حیات، ضمیمہ حواشی وتعلیقات۔

۱۲۔ آبِ حیات، ص۲۱۶۔

۱۳۔ محمد تقی میر از ڈاکٹر جمیل جالبی، ص۵۳، خان آرزو اور مرزا مظہر جانِ جاناں کے گروہی اختلافات اور ان سے وابستہ شعرا کے حوالے سے تفصیل کے لیے دیکھیے: معارضۂ مظہر وآرزو از خلیق انجم مشمولہ نقوش مئی ۱۹۶۱ء، ص۴۳-۵۷۔

۱۴۔ میر نے نکات الشعرا میں خان آرزو کی تنقیص اس لیے نہیں کی کہ وہ دہلی کی ایک با اثر شخصیت تھے۔ میر اس وقت اس پوزیشن میں نہیں تھے کہ وہ ان کی تنقیص کر کے اپنے خلاف ایک محاذ قائم کر لیتے۔ یہی وجہ ہے کہ جب خان آرزو کا انتقال ہو گیا اور میر کی ذاتی حیثیت کچھ مستحکم ہوئی تو انھوں نے ''ذکر میر'' میں ان کے خلاف اپنے دل کا غبار خوب نکالا۔ اسی طرح تاباں اور سودا کے خلاف بھی انھوں نے اشعار کہے ہیں۔ لیکن معلوم نہیں ان کو اچھے الفاظ میں کیوں یاد کیا ہے۔ ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ سودا چونکہ آرزو کے گروہ سے تعلق رکھتے تھے۔ اس لیے انھوں نے سودا کی تنقیص نہیں کی اور جہاں تک تاباں کو اچھے الفاظ میں یاد کرنے کا تعلق ہے اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ میر تاباں کے حسنِ عالم تاب کے گرفتاروں میں سے ایک ہوں۔ اور ان کی یہی خوبصورتی میر کو ان کی تنقیص سے باز رکھتی ہے۔ میر نے تاباں کی وفات پر جو شعر لکھا ہے اس سے اسی خیال کو تقویت ملتی ہے۔

داغ ہے تاباں علیہ لرحمہ کا چھاتی پہ میر   ہو نجات اس کو بچارا ہم سے بھی تھا آشنا

۱۵۔ مجموعہ نغز، جلد دوم، ص ۲۹۷۔

۱۶۔ دیکھیے: تذکرہ ریختہ گویاں، ص ۱-۱۷، چمنستان شعرا، ص ۱۶۱-۱۷۲، ۲۶۱-۲۶۳، مسرت افزا، ص ۲۱۷-۲۱۹، تذکرہ شورش معروف بہ رموز الشعرا، ص ۴۸۹-۴۹۰، ۵۴۵-۵۶۲، مجموعۂ نغز، جلد دوم، ص ۲۲۹-۲۳۰، ۳۵۵۔

۱۷۔ تذکرہ ریختہ گویاں مرتبہ عبدالحق، ص ۱۲۔

۱۸۔ نکات الشعرا مرتبہ ڈاکٹر محمود الٰہی، ص ۱۵۔

۱۹۔ آبِ حیات، ص ۲۱۶۔

۲۰۔ نکات الشعرا مرتبہ عبدالحق، ص ۱۔

۲۱۔ قاضی عبدالودود نے دلائل سے ثابت کیا ہے کہ آبِ حیات کے حوالے سے آزاد کا ایک اہم مآخذ فہرست اشپرنگر بھی ہے۔ آزاد نے فہرست اشپرنگر میں مذکورہ بہت سے بیانات کو من و عن نقل کر دیا ہے اور ایسے ظاہر کیا ہے جیسے وہ دواوین و تذکرے ان کی نظر سے گزرے ہیں۔ دیکھیے: آبِ حیات کے دو مآخذ مشمولہ شعرا کے تذکرے، ص ۳۶۳-۳۷۲۔ اشپرنگر نے فہرست میں میر کے حالات، نکات الشعرا کا مختصر تعارف اور نکات الشعرا کی تمہید کا مکمل فارسی متن نقل کیا ہے اور ساتھ ہی اس کا انگریزی ترجمہ بھی لکھا ہے۔ اشپرنگر کو یہ تذکرہ جے۔ بی۔ ایلیٹ نے فراہم کیا تھا جو ۱۲۱۲ھ میں لکھنؤ میں نقل کیا گیا۔ دیکھیے فہرست اشپرنگر، ص ۱۷۵-۱۷۸۔

۲۲۔ آبِ حیات، ص ۲۱۶-۲۱۷۔

۲۳۔ جلوۂ خضر، حصہ اوّل، ص ۶۸۔

۲۴۔ مجموعۂ نغز، جلد دوم، ص ۲۳۰۔

۲۵۔ ایضاً،ص ۲۹۷۔

۲۶۔ تمہید نکات الشعرا مرتبہ مولوی عبدالحق،ص ا۔

۲۷۔ شعرائے اردو کے تذکرے،ص ۱۸۵،۶۶۹۔

۲۸۔ دیکھیے :مخزن شعرا،ص ۱۱۱۔

۲۹۔ دیکھیے : آبِ حیات،ص ۹۰۔

۳۰۔ دیکھیے : حاشیہ آبِ حیات،ص ۹۴۔

۳۱۔ مجموعہ نغز، جلد دوم،ص ۲۹۶۔

۳۲۔ مخزن شعرا،ص ۱۱۰-۱۱۱۔

۳۳۔ مخزن شعرا،ص ۱۱۱۔

۳۴۔ دیکھیے : مقالات آزاد، حصہ اول، مرتبہ آغا محمد باقر،ص ۱۵۵۔

مآخذ ومصادر

ا۔ آزاد، محمد حسین، آبِ حیات، لاہور، وکٹوریہ پریس، طبع دوم، ۱۸۸۳ء۔

۲۔ ابرار عبدالسلام، تدوین آبِ حیات، غیر مطبوعہ مقالہ برائے ایم ۔فل، ملتان، بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ۲۰۰۵ء۔

۳۔ امراللہ الہ آبادی، ابوالحسن امیر الدین، مسرت افزا، مترجم ڈاکٹر مجیب قریشی، دہلی، علم مجلس کتب خانہ، ۱۹۶۸ء۔

۴۔ باقر، آغا محمد (مرتب)، مقالات آزاد حصہ اول، لاہور، مجلس ترقی ادب، س۔ن

۵۔ جمیل جالبی، ڈاکٹر، محمد تقی میر، دہلی، ایجوکیشنل ہاؤس، ۱۹۸۳ء۔

۶۔ حنیف نقوی، ڈاکٹر، شعرائے اردو کے تذکرے، اُتر پردیش اردو اکادمی، طبع دوم، ۱۹۹۸ء۔

۷۔ خلیق انجم، ڈاکٹر، معارضۂ مظہر وآرزو مشمولہ نقوش، لاہور، مئی ۱۹۶۱ء۔

۸۔ عبدالودود، قاضی، آزاد بحیثیت محقق، بمبئی، نوائے ادب، اکتوبر ۱۹۵۶ء۔

۹۔ // شعرا کے تذکرے، پٹنہ، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، ۱۹۹۵ء۔

۱۰۔ صفیر بلگرامی، سید فرزند احمد، جلوۂ خضر، حصہ اوّل، آرہ، مطبع نورالانوار، اول، ۱۸۸۵ء۔

۱۱۔ فائق، قاضی نورالدین، مخزن شعرا، مرتبہ مولوی عبدالحق، دہلی، جامع پریس،۱۹۳۳ء۔

۱۲۔ قاسم، میر قدرت اللہ، مجموعۂ نغز، اوّل ودوم، مرتبہ حافظ محمود شیرانی، دہلی، نیشنل اکادمی، اکتوبر۱۹۷۳ء۔

۱۳۔ گردیزی، سید فتح علی حسینی، تذکرہ ریختہ گویاں، مرتبہ مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن ترقی اردو دکن، اوّل،۱۹۳۳ء

۱۴۔ مسعود حسن رضوی ادیب، آبِ حیات کا تنقیدی مطالعہ لکھنؤ، کتاب نگر، دوم،۱۹۶۴ء۔

۱۵۔ میر، محمد تقی، نکات الشعرا، مرتبہ حبیب الرحمٰن خان شروانی، بدایوں، نظامی پریس،۱۹۲۲ء۔

۱۶۔ ایضاً مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن، ترقی اردو، دکن، ۱۹۳۵ء۔

۱۷۔ ایضاً مولوی عبدالحق، کراچی، انجمن، ترقی اردو، ۱۹۷۹ء۔

۱۸۔ ایضاً ڈاکٹر محمود الٰہی لکھنؤ، اُتر پردیش اردو کادمی، اوّل،۱۹۸۴ء۔

۱۹. Sprenger, A. Catalogue of the Arabic, Persian and Hindustani Manuscripts of The Kings of Audh, Vol.I, Baptist Mission Press, Calcutta, 1854.

پریس حکومت تعلقات۔ مارشلائی حکومتوں اور جمہوری دَور کا تقابلی جائزہ

شہزاد علی* ڈاکٹر ممتاز کلیانی**

Abstract:

In this research article, Press Govt. relations during dictatorial and democratic regimes of Field Martial General Ayub Khan (1958-69), General Yahya Khan (1969-1971) and Zulfiqar Ali Bhutto (1971-1977) have been analyzed in critical and objective manner. This article has briefly described various tactics i.e. legal, economic and social, used by these regimes for curtailing and curbing freedom of Press in Pakistan. Perceptions, versions and point of view of the rulers have also been mentioned by the researchers. The article concludes that both autocratic and democratic regimes have tried to fix up media practitioners and Press. The Press Govt. relations, on the whole had been deteriorated with each passing day during this specific era.

The findings of the research indicates that democratic Govt. of Zulfiqar Ali Bhutto had adopted same stern measures for curtailing the freedom of Press as used by his predecessor dictatorial regimes.

جمہوری معاشرے کی بنیاد چار عناصر سے مل کر ترتیب پاتی ہے: مقنّنہ، عدلیہ، انتظامیہ اور پریس، کسی بھی جمہوری مملکت کے چار اہم ستون سمجھے جاتے ہیں۔ مہذب معاشرے میں کوئی بھی حکومت پریس کو نظر انداز کر کے زیادہ عرصے تک قائم نہیں رہ سکتی، پریس ہر معاشرے میں مسلمہ اہمیت اختیار کر چکا ہے آج کے دَور کو ابلاغیات کے عہد(Age of Communication) کا نام دیا جا رہا ہے۔

جب سے جدید صحافت کا آغاز ہوا ہے اس وقت سے لے کر آج تک پریس اور حکومت کے روابط اور تعلقات مثالی نہیں رہے ہیں، فریقین ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں، کسی بھی ملک میں ہر حکومت کی یہ حتی الامکان سعی ہوتی ہے کہ پریس اس کی غلطیوں، مظالم اور بدعنوانیوں کی نشان دہی نہ کرے اور اس کی غلط کاریوں کا پردہ چاک نہ کرے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ پریس جب حکومت کو اس کے فرائض اور ذمہ داریاں یاد دلاتا ہے اور رائے

* لیکچرر، شعبہ ابلاغیات، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اُردو، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

عامہ کے سامنے حکومت کی کارکردگی کا پردہ چاک کرتا ہے تو حکومتیں مختلف حربے اختیار کرکے پریس کو بے بس کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ پریس کو پابند سلاسل کیا جاتا ہے، آزادی صحافت کا گلا گھونٹ دیا جاتا ہے، اخبارات کو معاشی لحاظ سے نقصان پہنچایا جاتا ہے، حکومتیں آزادی صحافت پر قدغنیں لگانے کے لیے مختلف حربے اختیار کرتی ہیں۔ ان حربوں میں (۱) اشتہارات کی بندش (۲) نیوز پرنٹ کوٹہ میں کمی (۳) قوانین نافذ کرکے (۴) صحافیوں کو ہراساں کرنا (۵) اخبار کے ڈیکلریشن کی منسوخی (۶) پریس ایڈوائس وغیرہ شامل ہیں۔ دوسری طرف اخبارات بھی بعض اوقات حکومتوں کو بلیک میل کرکے اپنے مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس سلسلہ میں حکومتوں کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، بے بنیاد افواہیں پھیلائی جاتی ہیں، مختلف معمولی واقعات کو بڑھا چڑھا کر (play up) پیش کیا جاتا ہے۔ اس مطالعے میں پریس حکومت تعلقات کا جائزہ غیر جمہوری اور جمہوری دَور کے حوالے سے لیا گیا ہے۔

بیسویں صدی کے آغاز میں آزادی کی تحریکیں اپنے عروج پر تھیں، ان تحریکوں کو پروان چڑھانے میں ہندو اور مسلمان پریس دونوں نے نمایاں خدمات سرانجام دیں، ہندو پریس کے ساتھ انگریز سرکار کے تعلقات بہتر نہیں تھے، برطانوی سامراجیت نے ہندو پریس کو کچلنے کے لیے مختلف حربے استعمال کیے، مہاشے کرشن نے ۳۰ مارچ ۱۹۱۹ء کو ''پرتاب'' لاہور سے جاری کیا، آزادی کی تحریک کے حوالے سے پرتاب کا کردار حکومت کے لیے کسی لحاظ سے بھی گوارا نہیں تھا۔ ۱۱/ اپریل کو اخبار پر سنسر شپ عائد کردی گئی، مہاشے کرشن نے اسے قبول کرنے سے انکار کردیا اور احتجاج کے طور پر اپنے اخبار کی اشاعت بند کردی۔ اس طرح مہاشے کرشن نے انیسویں صدی کے آزادی صحافت کے اولین مجاہد راجہ رام موہن رائے کی روایت تازہ کردی۔ راجہ رام موہن رائے نے ۱۸۲۳ء کے سرکاری قواعد Adam's Regulation کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اپنا فارسی اخبار 'مراۃ الاخبار' بند کردیا تھا، انہوں نے اپنے اداریے میں ایک فارسی شاعر کی زبان سے کہا تھا کہ جو عزت خون جگر کے سینکڑوں قطرے بہانے کے بعد ملی ہو اسے ایک دربان کے آگے اس امید پر نہیں بیچ دینا چاہیے کہ شاید مزید عزت مل جائے سنسر شپ منظور نہ کرنے کی پاداش میں پرتاب کے ایڈیٹر مہاشے کرشن کو جیل میں ڈال دیا گیا۔[۱]

ہندوستان میں جب سول نافرمانی کی تحریک زور پکڑنے لگی تو حکومت کو خطرہ لاحق ہوا کہ کہیں فساد اور ہنگاموں کا سلسلہ ایک بار پھر زور نہ پکڑ لے، چنانچہ احتیاط کے طور پر ۱۹۳۱ء میں نیا پریس ایکٹ جاری کیا گیا، اخبارات نے سول نافرمانی کی تحریک کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کیا، حکومت نے اخبارات کو سبق سکھانے

کے لیے ان کے خلاف انتقامی کارروائیاں کیں اور اخبارات کے ڈیکلریشن منسوخ کر کے نئی ضمانتیں طلب کرنا شروع کیں۔ احسن اختر ناز ''صحافتی قوانین'' میں رقم طراز ہیں کہ ۱۹۳۲ء میں کریمنل لاء ایمنڈمنٹ کے تحت ایسے جرائم کی ایک طویل فہرست مرتب کی گئی جس کی بناء پر دھڑا دھڑ ضمانتیں طلب اور ضبط کی جانے لگیں۔

ستمبر ۱۹۳۹ء میں حکومت نے اخبارات کو تنبیہ کی اگر کوئی اخبار جنگی کاوشوں کے منافی خبریں شائع کرے گا اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی[۲]۔ اخبارات اس فیصلہ پر سراپا احتجاج بن گئے اور ملک بھر کے مدیروں کی دہلی میں کانفرنس طلب کی گئی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر حکومت اس حکم کو واپس لے لے تو ہندوستانی اخبارات برطانوی اخبارات کی طرح رضا کارانہ سنسر شپ کی پابندی قبول کرنے کو تیار ہیں۔ حکومت نے پریس کی تجویز کا خیر مقدم کیا۔

۱۹۴۰ء میں گاندھی کی ستیہ گری کے نتیجہ میں حکومت اور اخبارات کے مدیروں میں طے پایا کہ حکومت جنگ کی مخالفت میں خبر کی اشاعت پر پابندی ختم کر دے گی اور اخبارات کی رہنمائی کے لیے پریس ایڈوائزر مقرر کرے گی لیکن یہ انتظامات اخبارات کے لیے مفید ثابت نہیں ہوئے۔ پریس ایڈوائزروں نے اپنی حدود سے تجاوز کیا، بعض خبروں کی اشاعت ایک صوبے میں جائز اور دوسرے میں ناجائز قرار پائی۔ مستند اور صحیح خبروں کی اتنی قطع و برید ہوتی کہ ان کا حلیہ ہی بگڑ جاتا، یہی نہیں اخباروں کو یہ بھی بتایا جانے لگا کہ فلاں خبر کہاں اور کس قسم کے عنوان کے تحت اور کس ٹائپ میں چھاپی جائے، سیاسی خبریں تو درکنار، سرکاری حکام پر نکتہ چینی بھی جنگی مفاد کے منافی قرار دی گئی۔[۳]

۸ اگست ۱۹۴۲ء کو 'ہندوستان چھوڑ دو' کی تحریک شروع ہوئی تو حکومت نے اخباروں پر ہنگامی قوانین کے تحت پابندی لگا دی کہ تحریک کے بارے میں غیر سرکاری ذرائع سے حاصل ہونے والی خبریں شائع نہیں کی جاسکتیں، چنانچہ 'سائیکلوسٹائل' میں چھپے ہوئے خفیہ اخبار بکنے لگے، خفیہ اخبار چھپنے کی صورت حال ۱۹۴۷ء کے آغاز میں پیدا ہوئی تھی جب ہندو مسلم فسادات کو روکنے کے لیے سنٹرل سپیشل پاورز ایکٹ اور پبلک سیفٹی قوانین جاری کیے گئے تھے۔[۴]

قرارداد لاہور کے منظور ہونے کے بعد انگریزی اور اُردو کے کئی ایسے اخبارات ہیں جنہوں نے ۱۹۴۰ء سے لے کر قیام پاکستان تک کے عرصے میں انگریز سامراج کو نکالنے میں اہم کردار ادا کیا، ان اخبارات نے بدیسی حکومت سے کوئی سمجھوتہ نہ کیا، انگریز کے کسی حربے کے آگے ہتھیار نہ پھینکے، ان میں دہلی سے 'ڈان' ڈھاکہ سے

'مارننگ نیوز' لاہور سے 'نوائے وقت' اور 'پاکستان ٹائمز' دہلی ہی سے 'جنگ'، 'انجام' اور 'منشور' کے نام قابل ذکر ہیں ان کے علاوہ روز نامہ 'انقلاب'، 'احسان'، 'شہباز' اور 'پاسبان' کے علاوہ مسلم آؤٹ لک نے نمایاں کردار سرانجام دیا۔[۵]

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی سے لے کر تقسیم ہند تک حکومت نے پریس کو پابند سلاسل کرنے کے لیے ہر طرح کے ہتھکنڈے اور حربے استعمال کیے، اس تمام عرصے کے دوران پریس اور حکومت کے مابین تعلقات و روابط کبھی بھی مکمل طور پر خوشگوار نہیں رہے کیونکہ دونوں کے مقاصد میں زمین آسمان کا فرق تھا، ہندو اور مسلم پریس دونوں کا مقصد سامراجیت کے خلاف رائے عامہ ہموار کرنا تھا اور ہر اس تحریک کو تقویت پہنچانا تھا جس کا مقصد انگریز حکمرانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کرنا تھا۔ تقسیم سے قبل پریس اور حکومت تعلقات بالخصوص مسلم اخبارات اور انگریزوں کے درمیان ناخوشگوار رہے ہیں، مسلمانوں نے ہندوؤں سے زیادہ تکالیف برداشت کی ہیں اور انگریز کی طرف سے ڈھائے جانے والے پریس مظالم کا مسلم صحافت نے بے جگری سے مقابلہ کیا، اگرچہ ہندوؤں نے بھی اس سلسلہ میں قربانیاں دی ہیں، گاندھی جی نے پریس ایکٹ کی تنسیخ کے خلاف اور اسے غیر موثر بنانے کے لیے قابل ذکر کردار ادا کیا۔ الختصر پریس نے مجموعی طور پر آزادی کو داؤ پر لگا کر انگریزوں سے کوئی سمجھوتہ نہ کیا۔

قیامِ پاکستان کے بعد، جب تک قائداعظم بقیدِ حیات رہے، پریس اور حکومت کے مابین تعلقات خوشگوار رہے۔ قائداعظم نے بطور گورنر جنرل ایسے تمام اقدامات کی توثیق کرنے سے انکار کر دیا جن کی وجہ سے آزادیٔ صحافت متاثر ہوتی تھی۔ قائداعظم اور قائد ملت جب دنیا سے رخصت ہو گئے تو جمہوریت بھی ان کے ساتھ ہی رخصت ہو گئی۔ ۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۸ء تک کی قلیل مدت میں اقتدار کی میوزیکل چیئر کا کھیل جاری رہا اور نوآبادیاتی دَور کے مظالم کی یاد تازہ کی گئی، اخبارات پر مختلف طرح کی قدغنیں لگائی گئیں۔ مثال کے طور پر ۲۸ / جون ۱۹۵۴ء کو قومی اسمبلی میں ایک سوال کے جواب میں سرکاری طور پر بتایا گیا کہ (۵۳-۱۹۵۲ء) کے دوران قابل اعتراض چیزیں چھاپنے یا پریس قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی بناء پر ۱۵۰ اخبارات کو Warning Notice دیئے گئے[۶] ان میں پنجاب کے ۱۲۹ اخبار، صوبہ سرحد کے ۲ اخبار، کراچی کے ۱۳ اخبار، صوبہ سندھ کا ایک اخبار، مشرقی پاکستان کے ۵ اخبار شامل تھے۔ بہرکیف اس عرصہ کے دوران ایک مثبت تبدیلی رونما ہوئی۔ اخبارات نے اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد شروع کی اور حکومت سے کچھ مراعات حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔

۱۹۵۴ء میں حکومت نے اخبارات میں شائع ہونے والے اشتہارات پر Advertisment ٹیکس ختم کر دیا، یہ ٹیکس حکومت نے ۱۹۵۰ء میں عائد کیا تھا اگرچہ یہ ٹیکس اشتہارات کی مالیت کے ۵ فیصد پر تھا اخبارات نے یہ

ٹیکس ختم کرانے کے لئے چار سال جدوجہد کی۔[۷] اس عرصہ کے دوران حکومت نے اپنی روش برقرار رکھی اور سیکورٹی ایکٹ کی مدد سے اخبارات کے گرد گھیرا تنگ کیا جب کہ صحافیوں کی طرف سے سیکورٹی ایکٹ کی پُرزور مخالفت کی گئی اور قرارداد مذمت میں کہا گیا تھا کہ اس کے ذریعے انتظامیہ کے اختیارات میں اتنا اضافہ کر دیا گیا ہے کہ مقدمہ چلائے بغیر یا انتظامی طور پر کسی بھی شخص کو پاکستان کے خارجی معاملات میں تعصب کے مبہم الزام اور نا قابل تشریح جرم کے تحت حراست میں لیا جا سکتا ہے یہ ایسا قانون ہے کہ غیر ملکی سامراجی حکومت کے دور میں بھی ایسے من مانے قوانین استعمال کرنے کی کوشش نہیں کی گئی، فرضی ہنگامی حالات کے نام پر اس قانون کے ذریعہ عوام کو آزادئ اجتماع اور آزادئ اظہار سے محروم کرنا ہے، ایسے ملک میں جہاں کی انتظامیہ اس قسم کی من مانے قوانین سے پوری طرح مسلح ہے آزاد پریس کے بغیر ملک میں حقیقی جمہوریت قائم نہیں ہو سکتی، اشتہارات کو بطور رشوت استعمال کرنے کے لئے اخبارات و جرائد کی سیاہ فہرست تیار کی گئی، حکومت کی پالیسیوں پر نکتہ چینی کو مملکت پر نکتہ چینی کے مترادف قرار دیا گیا۔

حکومت کی من مانی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سیکورٹی ایکٹ کے تحت نومبر ۱۹۵۷ء میں عبدالصمد خان اچکزئی نے تین جرائد کے اجراء کے لئے ڈیکلریشن کی درخواست پیش کی، حکومت پنجاب نے درخواست کو خلاف قانون قرار دے دیا، اچکزئی نے ہائی کورٹ میں حکومتی فیصلہ کے خلاف رٹ دائر کی فروری ۱۹۵۸ء میں ہائی کورٹ نے حکومت کے فیصلہ کو خلاف ضابطہ قرار دے دیا اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حکومتی فیصلہ غیر قانونی تھا۔[۸]

حکومت پریس سے کس قدر خائف تھی اور پریس کو پابند سلاسل کرنے کے لئے کس قدر بے چین تھی اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے جو ملک فیروز خان نون نے اپنی خودنوشت میں لکھا ہے ’’اگر مجھے تھوڑا سا بھی سکون مل جاتا تو میں صحافت کے بدترین مجرموں کے خلاف کچھ کرتا۔‘‘[۹]

خواجہ ناظم الدین کی کابینہ کے وزیر اطلاعات ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے ایک کتاب کے پیش لفظ میں لکھا ہے۔ صحافت پاکستان کے پہلے گیارہ برسوں میں، بعد کے کسی بھی دور کی نسبت زیادہ آزاد تھی اور یہ جمہوریت کے وسیع تجربے کے بعد ہی ممکن ہوگا کہ صحافت اپنی وہ آزادی دوبارہ حاصل کر سکے جس کا مظاہرہ اس نے ابتداء میں کیا تھا، خرابی حکومت کی جانب سے، کھلے یا پوشیدہ طور پر لگائی جانے والی پابندیوں اور اخباروں میں متانت اور ذمہ داری کی کمی دونوں ہی باتوں میں ہے۔[۱۰]

۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو جنرل محمد ایوب خان نے مارشل لاء نافذ کر دیا، قومی اسمبلی اور نون وزارت کو توڑ دیا گیا، آئین کو منسوخ کر دیا گیا، تمام سیاسی پارٹیوں اور سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی اور اپنی حکومت کے خلاف صحافتی تنقید کو ممنوع قرار دے دیا، ایوب خان ۲۴ اکتوبر ۱۹۵۸ء سے ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء تک وزارت عظمی پر بھی فائز رہے، اسکندر مرزا نے آئین منسوخ کر کے اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی ماردی تھی، اس لئے جنرل ایوب خان نے چند روز بعد اسکندر مرزا کو صدارت کے عہدے سے فارغ کر دیا اور اس طرح ایوب خان بلاشرکت غیرے پاکستان کے حکمران بن گئے۔

جب ایوب خان نے ملک میں مارشل لاء نافذ کر دیا تو مغربی پاکستان کے بیشتر دانشوروں، مفکروں اور ادیبوں نے ایوب خان کی تخت نشینی کو خوش آئند قرار دیا، اخبارات نے ایوب خان کی آمد کی خاطر خواہ حمایت کی، اس وقت پاکستان میں ملک گیر اشاعت کا حامل کوئی انگریزی اخبار نہ تھا، اسی طرح اُردو اور بنگالی اخبارات کی اشاعت بھی محدود اور علاقائی نوعیت کی تھی، جو اخبارات نسبتاً وسیع حلقہ اثر کے حامل تھے ان کے مالکان اور مدیر صوبائی سیاست میں عملی طور پر ملوث تھے، اپنے آقاؤں کی سیاست سے علیحدگی کے بعد اب ان کے سامنے ایک خلا تھا اور جب تک ۱۹۶۲ء میں مارشل لاء نہیں اُٹھا لیا گیا۔ کسی اخبار کو ایک لمحہ کے لئے اپنے فرائض کی یاد نہ آئی اور اس دوران میں انہوں نے سنسر شپ سمیت ہر پابندی کو بغیر کسی احتجاج کے قبول کئے رکھا۔''[۱۱] اسی طرح آئین کی منسوخی اور اسمبلیوں کو کالعدم قرار دینے پر بھی کسی اخبار نے کوئی احتجاجی اداریہ رقم نہ کیا، ایوب خان کا خیال تھا کہ بعض اخبارات کے مالکان بلیک میلنگ کے ذریعے روزی کماتے ہیں۔[۱۲]

ایوب خان کا یہ اعتقاد تھا کہ جمہوریت سے بہتر کوئی طرز حکومت نہیں ہے، مگر شرط یہ ہے کہ حکمرانوں کو اس کے چلانے کا طریقہ آتا ہو، انہوں نے ۲۲ مئی ۱۹۵۸ء کو اپنی ڈائری میں لکھا ''اگر آپ کو رائے عامہ جو آپ کی اصلاح کر سکے میسر نہ ہو اور آپ کی عوام ۸۵ فیصد ناخواندہ ہو تو جمہوری نظام کی کامیابی ممکن نہیں۔ ایوب خان رائے عامہ کی تشکیل میں شرح خواندگی کو بنیادی اہمیت دیتے تھے اور ان کے سیاسی نظام اور پریس کو قابو میں رکھنے کی پالیسی کے پیچھے یہی اصول کارفرما تھا۔''[۱۳]

ایوب خان کے ''نام نہاد انقلاب'' کے ایک ہفتے کے اندر اندر ہفت روزہ لیل و نہار کے ایڈیٹر سید سبط حسن کو سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا گیا، چار دن بعد ''امروز'' کے ایڈیٹر احمد ندیم قاسمی کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ ان دنوں پاکستان ٹائمز کے چیف ایڈیٹر فیض احمد فیض، حفیظ جالندھری کے ساتھ ایک ادبی کانفرس میں شرکت کے لئے تاشقند

گئے ہوئے تھے واپسی پر انہیں بھی گرفتار کرلیا گیا، ان تینوں کو سیکورٹی ایکٹ کے تحت قید رکھا گیا اور سی کلاس دی گئی۔ برہنہ آمریت، جبر اور تشدد کے ان دنوں میں واحد آواز جو قانون کی حکمرانی، آزادی اظہار اور شہری آزادیوں کے حق میں مسلسل بلند ہوتی رہی وہ نحیف و نزار جسٹس ایم آر کیانی کی تھی اس کے حکم پر گرفتار ایڈیٹروں کو فروری ۱۹۵۹ء میں رہا کر دیا گیا۔[۱۴]

مارشل لاء کے تحت اخبارات کی رہی سہی آزادی بھی ختم ہوگئی اور اخبارات کو بالکل نئی روش اختیار کرنا پڑی چنانچہ ۱۹۵۸ء میں ملک میں صحافت کے نئے رجحانات شروع ہوئے جن میں عورتوں کے صفحے، بچوں کے صفحے، فلمی صفحے، جرائم کی بڑی بڑی خبریں اور حکام کے بیانات من وعن شائع کرنے شامل تھے۔[۱۵]

شریف المجاہد اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں کہ ۱۹۵۳ء میں روزناموں کی تعداد ۵۵ تھی اور ایوب خان کے مارشل لاء سے قبل ۱۰۳ تھی اور ایوبی دور اقتدار کے ابتدائی چار سالوں میں آئین کی تشکیل سے قبل آرڈی نینس کے ذریعے اخبارات کے ڈیکلریشن کے حصول کو مشکل بنا دیا گیا اور ۱۹۶۲ء تک روزناموں کی تعداد صرف ۱۷ تھی جبکہ ۱۹۵۸ء میں مارشل لاء سے قبل ۱۰۳ تھی۔[۱۶]

اس وقت مارشل لاء کا زمانہ تھا مجموعی طور پر ملک بھر کے اخبارات احتیاط پسندی سے کام لے رہے تھے اور جہاں تک میرا اندازہ ہے کہیں بھی کوئی ایسے حالات رونما نہ ہوئے تھے جو اس سخت گیر کالے قانون کے نفاذ کو صحیح یا حق بجانب ثابت کر سکتے۔ صدر ایوب فوجی ہونے کی وجہ سے Yes Sir اور Yes Boss سننے کے عادی تھے ان کے نکتہ نظر پر معمولی سی تنقید یا انحراف ان کو چیں بہ چیں کرنے کے لئے کافی ہوتا تھا اس کے علاوہ صحافت سے متعلق چند ایسے تعصّبات بھی تھے جو زمانہ دراز سے ان کے رگ وپے میں سرایت کئے ہوئے تھے اپنے دوسرے اصلاحی منصوبوں کی طرح وہ جرنلزم کے پیشے کو بھی بزعم خود مثبت (اپنے انداز میں) خطوط پر منظّم کرنے اور استوار کرنے کے خواہش مند تھے۔[۱۷]

ایوب خان کے مارشل لاء دور حکومت میں ہر قسم کی تنقید کی ممانعت کے علاوہ ایوب کی پری سنسر شپ کے راج میں پی پی ایل کے اخبارات خصوصی سلوک کا نشانہ بنے، پری سنسر شپ کچھ دنوں کے بعد اُٹھالی گئی لیکن مظہر علی خان جو اُس وقت پاکستان ٹائمز کے ایڈیٹر تھے، کے مطابق پری سنسر شپ کی جگہ ایک مشاورتی نظام نے لے لی: ہم روزانہ حکومت کے مشیروں سے صلاح مشورہ کرتے تھے [۱۸]۔ ایوبی مارشل لاء کے دوران صحافیوں اور اخبارات کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا گیا اس کا اندازہ درج ذیل چند واقعاتی جھلکیوں سے لگایا جا سکتا ہے۔[۱۹]

☆ امروز کے نیوز ایڈیٹر حمید ہاشمی اور روزنامہ ''مجاہد'' لاہور کے مدیر عاصی نظامی کو مارشل لا کے نفاذ کے بعد سیفٹی ایکٹ کے تحت تین ماہ کے لئے نظر بند کر دیا گیا انہیں ۸ جنوری ۱۹۵۹ء کو رہا کیا گیا۔

☆ ہفتہ وار ''عالمگیر'' لاہور کا ڈیکلریشن صوبائی حکومت کی جانب سے منسوخ کر دیا گیا اس کے مدیر اے۔ آر۔ شبلی نے اس حکم کو عدالت میں چیلنج کیا۔ عدالت نے حکومت کے حکم کو منسوخ کر دیا۔

☆ ایسٹرن ایگزامنر ڈھاکہ کی ایڈیٹر اور پبلیشر بیگم علی خان اور جوائنٹ ایڈیٹر اے علی خان کو مارشل لاء کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔ (امروز، ۱۵ اکتوبر ۱۹۵۹ء)

☆ ''بلال پاکستان'' لاہور کے ایڈیٹر شیخ محمد سلیم اور ''اقدام'' کے مدیر کو مارشل لاء آرڈر ۲۴۰ اور ۵۱ کے تحت حکومت کے خلاف نفرت پھیلانے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا اور چھ ماہ کے لئے جیل بھیج دیا گیا (امروز ۱۱ اکتوبر ۱۹۵۹ء)

☆ ہفت روزہ ''جمالیات'' کو حکومت کے خلاف تنقید کرنے کے الزام میں مارشل لاء حکم کے تحت بند کر دیا گیا (صحافت وادی بولان میں، ص ۱۰۷)

☆ ہفتہ وار ''اتحاد'' کوئٹہ کے مدیر جاوید احمد شاہ دین کو ۱۹۵۹ء میں ایک فوجی افسر کے کوئٹہ تبادلے کی خبر چھاپنے کی بناء پر گرفتار کر لیا گیا (صحافت وادی بولان میں، صفحہ ۲۳۵)

☆ فروری ۱۹۶۰ء میں ہفتہ وار ''میثاق الحق'' کوئٹہ کو PPO کے تحت بند کر دیا گیا (صحافت وادی بولان میں صفحہ ۲۳۹)

☆ ۱۹۶۰ء میں ہفت روزہ ''ساربان'' کے ایڈیٹر ملک محمد رمضان کو قلات ڈویژن کے جاگیرداروں کے خلاف ایک سلسلۂ مضامین لکھنے کی بناء پر جیل بھیج دیا گیا۔ (صحافت وادی بولان میں صفحہ ۲۱۶)

☆ ۱۹۶۰ء میں ماہنامہ معلم کو PPO ۱۹۶۰ء کے نفاذ کے بعد نیا ڈیکلریشن حاصل کرنے کا حکم دیا گیا جسے حکام نے اس کمزور سبب کی بناء پر جاری کرنے سے انکار کر دیا کہ اخبار کی مالی حالت تسلی بخش نہیں ہے اخبار ۱۹۵۰ء میں جاری ہوا اور بارہ سال بعد بند ہو گیا۔ (صحافت وادی بولان میں صفحہ ۲۳۴)

مارشل لاء حکم کے تحت ''کائنات'' بہاولپور کے مدیر ولی اللہ احد اور رپورٹر شبیر انور کو بالترتیب پندرہ اور نو ماہ قید اور فی کس ۱۰۰۰۰ روپے جرمانے کی سزا سنائی ان پر حکومت کے خلاف نفرت اور بے اطمینانی پھیلانے کا الزام تھا پی ایف یو جے اور سی پی این ای کی جانب سے سخت احتجاج پر ایوب حکومت نے تین ماہ بعد ان دونوں کی رہائی کا

حکم جاری کیا (الزبیر سو سالہ صحافت نمبر ۱۹۸۴ء صفحہ ۱۹۳)۔

صدر ایوب نے اقتدار سنبھالنے کے بعد مختلف اصلاحات کا بیڑہ اُٹھایا چنانچہ صحافیوں اور اخبارات کا بھی تنقیدی جائزہ لیا جانے لگا۔ ایوب خان پریس کے متعلق کس قسم کی رائے رکھتے تھے اس کا اندازہ قدرت اللہ شہاب کی رائے سے لگایا جا سکتا ہے۔

صدارت کا عہدہ سنبھالنے سے پہلے اخبارات میں صدر ایوب کی دلچسپی کا مرکز سٹاک ایکسچینج والا صفحہ ہوا کرتا تھا۔ قدرت اللہ شہاب، ''شہاب نامہ'' میں لکھتے ہیں کہ صدر ایوب کے ذہن میں یہ بات پتھر کی لکیر کی طرح جمی ہوئی تھی کہ ہمارے معاشرے میں چھپے (Printed) ہوئے حروف کی بے انتہا قدر و قیمت ہے وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ بڑے سے بڑے جھوٹ کو پرنٹنگ پریس کی مشین سے گزار کر کاغذ پر پھیلا دیا جائے تو کئی لوگوں کی نظر میں وہ قابل قبول اور قابل اعتبار بن جاتا ہے اس لئے وہ مذاق سے پرنٹنگ پریس کو ذہنی جنگ کا اسلحہ کہا کرتے تھے۔ [۲۰]

صدر ایوب نے اقتدار سنبھالتے ہی وزارت اطلاعات کے سربراہ بریگیڈیئر ایف آر خان پر طرح طرح کے سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ سوالات کچھ اس قسم کے تھے۔

☆ اخبار کے مالکوں کے تعلیمی اور مالی وسائل کیا ہوتے ہیں؟ جرنلزم کا پیشہ اختیار کرنے کے لئے ایڈیٹروں اور صحافیوں کی تعلیم و تربیت اور علمی ٹریننگ کا کیا بندوبست ہے۔

☆ صحافیوں کی ملازمت کی شرائط اور اجرت مقرر کرنے کا کیا طریقہ کار ہے صدر ایوب اپنا یہ نظریہ دوٹوک انداز میں بیان کرتے تھے کہ معمولی سے معمولی ڈسپنسری میں مرہم پٹی کرنے اور ٹیکا لگانے کے لئے جو کمپاؤنڈر رکھے جاتے ہیں انہیں اس کام کی پہلے سے باقاعدہ تربیت دی جاتی ہے لیکن قوم کے ذہن میں صبح شام ٹیکا لگانے کے لئے جو لوگ صحافت کا پیشہ اختیار کرتے ہیں ان کے لئے کسی قسم کی تربیت حاصل کرنا بالکل لازمی نہیں۔ [۲۱]

> ''صدر ایوب کو شکایت تھی کہ پاکستان کا پریس بہت زیادہ زود حس ہے اس کے برعکس بریگیڈیئر ایف آر خان کے نزدیک قومی پریس بے حسی کا شکار ہے مارشل لاء حکومت کے چند دوسرے اراکین کا خیال تھا کہ پاکستانی پریس متلون مزاج ہے، موقع محل دیکھ کر زود حسی اور نازک مزاجی کا لبادہ اوڑھ لیتا ہے سرکاری عہدہ داروں کی اکثریت پریس کی روش اور معیار کو اپنے اپنے داخلی پیمانے سے ناپنے کے عادی ہو چکے تھے۔'' [۲۲]

ایوب خان کی تمام تر توجہ اس جنگلی گھوڑے کو سدھانے پر مرکوز ہو چکی تھی اور حکومت کی ساری مشینری سیاسی مخالفین کو دبانے کے لئے وقف کر دی گئی ایوب خان کو سب سے زیادہ غصہ پریس کے رویہ پر تھا ایوب خان کے بقول اخبارات کے خوشامدی مالکان اطاعت شعار ایڈیٹر اور ضمیر فروش صحافی جو ان کے اشارہ ابرو کے منتظر رہتے تھے مارشل لاء اٹھتے ہی عوامی حقوق اور آزادی اظہار کے چمپیئن بن بیٹھے۔[۲۳]

ایوب خان کے مارشل لاء کے دوران پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈی نینس کو پریس کو لگام ڈالنے کے لئے کافی سمجھا گیا لیکن جون ۱۹۶۲ء میں مارشل لاء اٹھائے جانے اور فرد واحد کے بنائے ہوئے آئین کے نفاذ کے بعد ایوب خان کو اپنی حکومت کے لئے سیاسی حمایت پیدا کرنے کا مرحلہ درپیش ہوا اور اس کے لئے مکمل طور پر مفتوح صحافت کی ضرورت محسوس ہوئی یوں صحافت کی آزادی کا دائرہ مزید تنگ کر دیا گیا یہ کام صوبائی آرڈی نینسوں کی مدد سے کیا گیا جو ویسٹ پاکستان پریس اینڈ پبلیکیشنز ترمیمی آرڈی نینس ۱۹۶۳ء اور ایسٹ پاکستان پریس اینڈ پبلیکیشنز ترمیمی آرڈی نینس ۱۹۶۳ء کے نام سے معروف ہے۔

۲ ستمبر ۱۹۶۳ء کو اس زمانے کے صوبائی وزیر قانون غلام نبی میمن نے لاہور میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ویسٹ پاکستان پریس اینڈ پبلیکیشنز ترمیمی آرڈی نینس کا اعلان کیا جس کی مدد سے اخبارات کی کارکردگی کو کنٹرول کیا جا سکے گا۔[۲۴] یہ آرڈی نینس جو ۷۴ دفعات پر مشتمل تھا ان تمام قوانین کا ملغوبہ تھا جو ۱۸۲۳ء سے لیکر ۱۹۶۰ء تک نافذ کئے گئے تھے اس قانون کا سب سے اہم نازک پہلو یہ تھا کہ اس کے ذریعے ان قوانین میں شامل وہ تمام دفعات منسوخ کر دی گئی تھی جن کا تعلق آزادی صحافت سے تھا یہ آرڈی نینس ۸ ستمبر ۱۹۶۳ء کو نافذ العمل ہوا۔اس کی چیدہ چیدہ شقیں درج ذیل ہیں جن کی وجہ سے پریس حکومت روابط ایوبی دور حکومت میں کشیدہ رہے۔[۲۵]

☆ پی پی او کے نفاذ سے قبل ڈیکلریشن کا حصول آسان تھا لیکن پی پی او کے نفاذ کے بعد ایوبی دور میں ڈیکلریشن کا حصول جوئے شیر لانے کے مترادف تھا ڈیکلریشن کے لئے درخواستیں مہینوں بلکہ سالوں تک ہر لحاظ سے مکمل ہونے کے باوجود پڑی رہتی تھیں۔

☆ پی پی او کے تحت حکومت نے ڈیکلریشن دینے یا نہ دینے اور منسوخ کرنے کا اختیار بھی اپنے پاس رکھا اخبارات کی معمولی سی کوتاہی پر ان کی اشاعت بند کر دی جاتی اور پریس مالکان اخبارات کے مدیر و ناشر کے خلاف کاروائی کی جاتی۔

☆ اس قانون کے تحت ڈیکلریشن حاصل کرنیوالے کو ضلعی مجسٹریٹ ڈپٹی کمشنر کے روبرو لکھ پتی اور کروڑ پتی ثابت ہونے کے لئے ثبوت پیش کرنا ضروری تھا۔

☆ پی پی او کے تحت ضمانت کی رقم ۱۰۰۰۰ سے بڑھا کر ۳۰۰۰۰ کردی بعض صورتوں میں عدالتی اور پارلیمانی کاروائی کی اشاعت پر پابندی عائد کردی جاتی۔

☆ پی پی او میں ایک شق یہ بھی شامل کی گئی تھی کہ انتظامیہ کی کسی کاروائی کو عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

☆ اس کے علاوہ یہ شق بھی آرڈی نینس کا حصہ تھی کہ اگر حکومت چاہے تو بعض حالتوں میں کسی اخبار یا چھاپے خانے یا دونوں کو عارضی طور پر اپنے قبضے میں لے لیں۔

پی پی او کی وجہ سے صحافت پر منفی اثرات مرتب ہوئے اور پریس حکومت تعلقات انتہائی کشیدہ رہے ایوبی دور کا اخبارات کو ملنے والا یہ تحفہ ایک غیر جمہوری اور ناپسندیدہ صحافتی قانون تھا اور یہ آرڈی نینس پاکستان کے آئین میں دیئے گئے شہریوں کے بنیادی حقوق سے بھی متصادم تھا اس قانون کا مقصد صحافت کو مستقل خوف و ہراس کا شکار رکھنا تھا اور یہ کہ پریس بالکل بھی حکومت کے خلاف چوں چراں نہ کرسکے نتائج یہ برآمد ہوئے کہ اکثر روزنامے ہفت روزوں اور پندرہ روزوں میں تبدیل ہوگئے کچھ فوری طور پر منظر عام سے غائب ہوگئے اور جو باقی بچے ان کی ضمانتیں بغیر وجہ بتائے ضبط کرلی گئیں۔ پاکستان کے تمام اخبارات نے پی پی او کو صحافت کا کالا قانون قرار دیا اور کچھ اخبارات نے اس آرڈی نینس کو آزادی صحافت پر کالا دھبہ کہا۔

برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں پی پی او جیسا سخت قانون پہلے نہ کبھی نافذ رہا اور نہ کسی نے نافذ کیا اسے یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ فیلڈ مارشل ایوب خان نے پریس کو لگام ڈالنے میں انگریز سامراجی حکمرانوں کو بھی مات دے دی۔ اس قانون کے ذریعے ایوب خان نے صحافت کو قریب المرگ کردیا۔ ایوب خان اور پی پی او صحافتی تاریخ میں لازم و ملزوم کی حیثیت اختیار کرچکے ہیں۔ آمریت کی آہنی گرفت کے باوجود ملک کے دونوں بازوؤں کے کارکن صحافیوں نے اپنی تنظیم پی ایف یو جے اور اس سے ملحقہ یونینوں کے ذریعے اس قانون کو چیلنج کیا اور اپنی قراردادوں میں اس کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔ سی پی این ای نے بھی اس آرڈی نینس کی منسوخی کے لئے چلائی جانے والی مہم میں پی ایف یو جے کا ساتھ دیا۔ ڈان کے مدیر الطاف حسین نے حکومت پر طنز کرنے کی غرض سے نیوز روم کو ہدایت کردی کہ وہ تمام پریس نوٹ اور ہینڈ آؤٹ بغیر کسی تبدیلی کے شائع کریں۔

۴ ستمبر ۱۹۶۳ء کو ڈان میں ایک پریس نوٹ شائع ہوا، جس کی ایک سطر بھی حذف نہیں کی گئی تھی اس کا خاکہ

یوں تھا پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ آف پاکستان راولپنڈی فون نمبر ۶۲۲۷۶ کراچی فون ۲۶۷۴ ڈھاکہ فون ۳۰۵۰ ہینڈ آؤٹ نمبر ۱۲۲۱ اس کے بعد وہ سرخی تھی جو ہینڈ آؤٹ کے متن کے اوپر درج تھی اختتام پر اسٹینوٹائپسٹ کا نام وقت اور تاریخ بھی درج کی گئی تھی یہ احتجاج کا ایک منفرد طریقہ تھا جس نے نئے آرڈی نینس کو مذاق بنا کر رکھ دیا تھا۔

۶ ستمبر ۱۹۶۳ء کو PFUJ کی اپیل پر پورے ملک میں ۲۴ گھنٹے کی ہڑتال کی گئی ڈان میں ہڑتال کے اعلان پر جو سرخی لگائی گئی وہ بہت معنی خیز تھی۔[۲۶]

There Will be no Dawn Tomorrow

صحافیوں کے پرزور احتجاج پر ۱۰ ستمبر کو ایوب خان نے ایڈیٹروں کے ایک وفد سے ملنے پر آمادگی ظاہر کی چند منٹ تک غصہ اور ناخوشی کا اظہار کرنے کے بعد انہوں نے نئے آرڈینینس کے دشوار، ناقابل عمل اور بے حد سخت ہونے کے بارے میں ایڈیٹروں کا موقف سنا اور اس آرڈی نینس پر عمل ایک مہینے کے لئے روک دیا گیا۔

عبدالسلام خورشید ''داستان صحافت'' میں لکھتے ہیں کہ مارشل لاء کے خاتمہ کے بعد ۱۱۳ اخبارات اور رسالوں کو دو ماہ سے چھ ماہ تک کے لئے بند کر دیا گیا ایک اخبار سے ضمانت طلب کی گئی۔ ایک جنسی رسالہ کا ڈیکلریشن منسوخ ہوا۔ معاشرہ کی اصلاح کے لئے حکومت کا یہ اقدام قابل تحسین تھا۔ ۳۲۳ اخبارات کو وارننگ دی گئی۔[۲۷]

پی پی ایل پر قبضے کے ٹھیک پانچ سال بعد اپریل ۱۹۶۴ء میں نیشنل پریس ٹرسٹ وجود میں آیا۔ مشرق پرائیویٹ کے درج ذیل اخبارات ٹرسٹ کی زیرنگرانی آ گئے۔[۲۸]

(۱-۴) روزنامہ مشرق لاہور کراچی، پشاور، کوئٹہ ایڈیشن (۵) روزنامہ مشرق (شام کا اخبار) کراچی، (۶) ہفت روزہ اخبار خواتین کراچی (۷) اُردو ماہنامہ مستقبل لاہور۔

ٹرسٹ کے اخبارات بطور حکومتی پروپیگنڈا آرگن کے کام کر رہے تھے حکومت نے اپنے اس حربے کے ذریعے صحافت کو پابہ زنجیر کر دیا تھا اور ٹرسٹ کی اخبارات حکومت کے ہر غلط اور صحیح اقدام کی تعریف میں رطب اللسان تھے جبکہ وہ اخبارات جو نجی ملکیت میں تھے صورتِ حال کو بھانپتے ہوئے محتاط ہو گئے تھے اور انہوں نے اپنا رویہ نرم کر دیا پاکستان میں نجی ملکیت میں شہرت پانے والے اخبارات کی تعداد صرف تین رہ گئی تھی جو درج ذیل ہیں:

۱۔ روزنامہ جنگ کراچی

۲۔ انگریزی روزنامہ ڈان

۳۔ روزنامہ نوائے وقت لاہور

اس صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو نجی ملکیت کے اخبارات کی نرم پالیسی وقت کی ضرورت تھی کیونکہ جو اخبارات ٹرسٹ کے زیر سایہ شائع ہونے تھے وہ تو حکومت کے خلاف تنقید نہیں کر سکتے تھے تو ایسی صورت میں نجی ملکیت کے اخبارات بند ہو سکتے تھے۔ان حالات میں کوئی بھی ایسا اخبار باقی نہ بچتا جو حکومت کی کوتاہیوں کی نشاندہی کرتا جیسا کہ بعد کے حالات میں یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ نجی ملکیت کے اخبارات نے صدارتی الیکشن میں مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کو کافی حد تک سپورٹ کیا۔

این پی ٹی کا ادارہ بظاہر تو خود مختار تھا لیکن اصل میں یہ ادارہ وفاقی وزارت اطلاعات کی نگرانی میں کام کرنے لگ گیا۔ایک فائدہ اس ٹرسٹ کی وجہ سے صحافیوں کو یہ ہوا کہ اس کے تحت ایک ویج بورڈ تشکیل دیا گیا اور ٹرسٹ کے اخبارات میں کام کرنے والے کارکنان کو درج ذیل فوائد دیئے گئے:

(۱)ان کی ملازمتوں کو تحفظ دیا گیا (۲) کارکنان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا (۳)اور ہر سال ان کے مالی مشاہرے میں بھی اضافہ کیا جاتا رہا۔ایوبی حکومت کے اس اقدام کا مقصد ٹرسٹ کے اخبارات کے صحافیوں کو اپنے کنٹرول میں رکھنا اور ان کی خوشنودی حاصل کرنا تھا اور حکومت اپنے مقصد کے حصول میں کافی حد تک کامیاب بھی رہی۔[۲۹]

ایوب خان کے مارشل لاء دور میں مارشل لاء کی خلاف ورزی کرنے والے دو اخبارات کے مدیروں کو چھ ماہ قید کی سزا سنائی گئی مگر صحافتی اور سیاسی دباؤ پڑنے پر حکومت کو یہ حکم واپس لینا پڑا ایک سروے کے مطابق کل ۱۳ اخبارات اور رسائل کو دو سے چھ ماہ تک کے لئے نہ صرف بند کیا گیا بلکہ ان کی ضمانتیں ضبط کر کے نئی ضمانتیں بھی طلب کی گئیں ان کے علاوہ ۱۳۵ اخبارات کو حکومت کی طرف سے وارننگ نوٹس جاری کئے گئے اور نوائے وقت کے سرکاری اشتہارات بند کرنے کی سزا دی گئی۔[۳۰]

الطاف گوہر اپنی کتاب ''ایوب خان۔فوجی راج کے دس سال'' میں رقم طراز ہیں کہ میرے ناقدین کا خیال ہے کہ ایوب دور میں پریس کو پابہ زنجیر رکھنے میں میرا دخل ہے۔الطاف گوہر اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اس نے کبھی PPO کی علی الاعلان مخالفت نہیں کی اور اس دور کے اخبارات اس امر کے گواہ ہیں کہ میں نے سیکرٹری اطلاعات کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ایوب خان کو اس آرڈی نینس کو طاق نسیاں پر سجانے کا مشورہ دیا تھا جب میں نے ایوب خان کو یہ باور کروانے کی کوشش کی کہ اس قانون کی بعض دفعات قطعی طور پر ناقابل عمل ہیں تو ایوب خان نے یہ جواب دیا ''تم نئے نئے آئے ہو، تمہیں کیا خبر ہے کہ ہمارا پریس کس قسم کا ہے۔اخبارات کے مالک انتہائی موقع پرست اور

پیسے کے پجاری ہیں اور بقول الطاف گوہر میں نے ایوب خان کو اس بات کے لئے قائل کیا کہ بعض دفعات کو منسوخ کریں۔[۳۱]

ایوب خان کے دورِ حکومت میں اخبارات پر دباؤ ڈالنے کے لیے ہر قانونی وغیر قانونی حربہ اختیار کیا گیا مثلاً اقبال حسن برنی کی زیر ادارت شائع ہونے والے ہفتہ وار ''آؤٹ لک'' کراچی اور لاہور کا ہفت روزہ ''اقدام'' دونوں حکومتوں کی جانب سے دباؤ پڑنے کے باعث ۱۰ اگست ۱۹۶۴ء کو بند ہو گئے۔ The New York Times نے ۱۳/اگست ۱۹۶۴ء کی اشاعت میں ان دونوں اخبارات کے بند کئے جانے پر یہ لکھا کہ اس کارروائی کے بعد مغربی پاکستان میں حکومت کی پالیسی پر تنقید کرنے والا ایک اخبار بھی باقی نہیں بچا ہے البتہ مشرقی پاکستان میں اپوزیشن کے چار اخبارات ابھی تک نکل رہے ہیں۔ پی پی اے (اب پی پی آئی) لاہور کے نیوز منیجر ضمیر قریشی کو نامعلوم افراد نے گولی مار کر ہلاک کر دیا (ڈان ۲۹ جنوری ۱۹۶۵ء) ملک بھر کے صحافیوں نے قریشی کے قتل پر غم وغصہ کے اظہار کے لئے ایک دن کی ہڑتال کی (ڈان ۳۰ جنوری)۔ ۷ نومبر ۱۹۶۳ء کو حکومت مغربی پاکستان نے لاہور اور ملتان سے شائع ہونے والے روزنامہ کوہستان کی اشاعت پر تین ماہ کی پابندی عائد کر دی اور اس کے مدیر نسیم حجازی کو گرفتار کر لیا (ڈان ۸ نومبر ۱۹۶۳ء)۔ حکومت کی اس کارروائی کا سبب اخبار میں ایک غلط اور بے بنیاد رپورٹ کی اشاعت تھی دراصل اس کی پشت پر اور بھی بہت کچھ تھا جس میں عملہ کے اندرونی اختلافات بھی شامل تھے۔[۳۲]

۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے دنوں میں پریس ایڈوائس کا نظام نافذ کیا گیا۔ ہنگامی حالات ملک میں یا سرحدوں پر کسی غیر معمولی صورتحال کے دوران یا دو ملکوں میں کھلی جنگ کی صورت میں دنیا بھر کو اخبارات پر ی سنسر شپ برداشت کرنا پڑتی ہے یا بعض ہدایات کی پابندی کرنی پڑتی ہے اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ دشمن کے ہاتھ ایسی اطلاعات نہ لگ جائیں جن سے وہ فائدہ اُٹھا سکیں اور ایسی رپورٹیں گردش نہ کریں جن سے قومی سلامتی یا حوصلے کا خطرے میں پڑنے کا اندیشہ ہو۔ حکومتوں کو حاصل ان اختیارات کا ہدف دشمن ہوتا ہے نہ کہ اخبارات۔[۳۳]

اس پریس ایڈوائس کے حربے کی وجہ سے پریس اور حکومت کے مابین تعلقات انتہائی کشیدہ رہے جو اخبارات پریس ایڈائس کی خلاف ورزی کرتے۔ (۱) ان اخبارات کو اشتہارات سے محروم کر دیا جاتا۔ (۲) نیز پرنٹ کوٹہ میں نمایاں کمی کر دی جاتی۔ (۳) اور حکومت صحافت سے متعلق درآمد ہونے والی مشینری یا سامان کا لائسنس منسوخ کر دیتی درآمد شدہ سامان اپنے قبضے میں لے لیتی۔ اس پریس ایڈوائس کے ذریعے بعض اوقات اخبارات کو حکومت کے خلاف سیاسی جماعت کے لیڈر کا بیان شائع کرنے کی اجازت نہ تھی۔ سرکاری دفتر سے جاری ہونے

والے ہینڈ آؤٹ اور پریس نوٹ کو ہر صورت میں بغیر کسی تبدیلیٔ متن کے اخبار کے تازہ شمارے میں شائع کرنے کا پابند ٹھہرایا گیا۔ پریس ایڈوائس بذات خود قانون سے کم نہیں تھا کیونکہ جس اخبار نے اس قانون کی تعمیل نہ کی اس کو حکومتی ہتھکنڈوں کا شکار ہونا پڑا۔

۱۔ روزنامہ کوہستان کو طلباء کے ہنگاموں کے متعلق خبر شائع کرنے پر دو ماہ کے لئے بند ہونا پڑا۔

۲۔ پریس ایڈوائس پر اخبار ہلال پاکستان کو حکومت کے خلاف ایک خبر چھاپنے کے الزام میں چھ ماہ کے لئے بند کر دیا گیا۔

۳۔ روزنامہ کوہستان کے ایک بار پھر سرکاری اشتہارات بند کر دیئے گئے اور حکومت پر نکتہ چینی کرنے کے الزام میں ۴۲ روز کے لئے بند کر دیا گیا۔

۴۔ روزنامہ کوہستان کی جب مالی حالت پتلی ہوگئی تو اس کے مالکان نے ۵۲ فیصد حصص برسر اقتدار پارٹی کنونشن مسلم لیگ کو فروخت کر دیئے بالاخر اس اخبار کو حکومت کے حق میں خبریں شائع کرنے کے لئے آمادہ کیا گیا۔[۳۴]

۲۵ ستمبر ۱۹۶۶ء کو مشرقی پاکستان کی حکومت نے کھلنا (مشرقی پاکستان کے شہر کا نام تھا) سے نکلنے والے دو ہفتہ وار رسالوں "The Wave" اور ’’دیشر ڈاک‘‘ پر پابندی کے احکام واپس لے لیے۔ ۲۸ مارچ کو ڈھاکہ کے روزنامہ سنگ باد کا ڈیکلریشن مشرقی پاکستان حکومت کے احکام پر ڈی پی آر (ڈیفنس آف پاکستان رولز) کے تحت منسوخ کر دیا گیا اخبار کے مدیر نصیر الدین احمد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی سی نے ڈیکلریشن کی بحالی کی درخواست مسترد کر دی۔ ڈھاکہ ہائی کورٹ نے ڈپٹی کمشنر کا حکم کالعدم قرار دے دیا اس کے ساتھ ساتھ فاضل ججوں نے حکومت کی طرف سے فیصلے کے خلاف اپیل کی اجازت کی درخواست مسترد کر دی۔[۳۵]

نومبر ۱۹۶۸ء میں عوامی تحریک گھن گرج کے ساتھ جاری تھی تو تحریک کے ابتداء میں حکومت نے صحافت کو اپنے تابع کرنے کی کوشش کی اور جب یہ ناکام رہی تو اسے کھلا چھوڑ دیا چنانچہ اس وقت ملکی صورتحال کچھ یوں تھی، اندرون خانہ ملکی معیشت انتہائی شدید بحران کا شکار تھی، امن عامہ کی چادر تار تار تھی، ایک مشتعل ہجوم نے کراچی ریس کورس پر حملہ کر کے وہاں کے ہر شعبے کو تہس نہس کر دیا، P.I.D.C سرکاری نیم سرکاری اور پرائیویٹ تجارتی اداروں کے علاوہ سب چھوٹی بڑی صنعتیں ملیں اور فیکٹریاں بھی گھیراؤ جلاؤ کی زد میں آئی ہوئی تھی ۱۳ مارچ ۱۹۶۹ء کو کراچی سٹاک ایکسچینج بند ہوگی۔ ڈھاکہ میں آدم جی جوٹ ملز اور پاکستان تمبا کو کمپنی پر مزدوروں نے قبضہ جما لیا مشرقی

اور مغربی پاکستان کا شہر شہر گلی گلی کوچہ کوچہ 'ایوب کتا ہائے ہائے ایوب کتا مردہ باد' کے فلک شگاف نعروں سے گونج رہا تھا۔اس تحریک کو پروان چڑھانے میں پریس نے اہم کردار ادا کیا۔ بالآخر کابینہ کے آخری اجلاس کے بعد ۲۵ مارچ ۱۹۶۹ءکو یحییٰ خان نے ملک میں مارشل لاء نافذ کر دیا۔[۳۶]

عبدالسلام خورشید داستان صحافت میں رقم طراز ہیں:''کیا ٹرسٹ کے اخبارات اور کیا دوسرے اخبارات سبھی نے تحریک کی خبریں بڑھ چڑھ کر چھاپیں اور آخر کار صدر ایوب کا تختہ اُلٹ دیا گیا اور اس کی جگہ مارشل لاء آ گیا۔''[۳۷]

یحییٰ خان کے مارشل لاء سے ملک میں اظہار رائے کی آزادی مل گئی۔ یحییٰ خان نے اعلان کیا کہ میرے دور میں جمہوریت پھلے پھولے گی صرف مارشل لاء کے نظم و نسق پر نکتہ چینی کے علاوہ اخبارات کو ہر طرح کی بندھنوں سے آزاد کر دیا حتیٰ کہ اخبار نکالنے کے لئے ڈیکلریشن کے حصول کی تمام تر رکاوٹیں بھی دور کر دی گئیں، ہر فرد کا نقطہ نظر سامنے آنے لگ گیا جن حقائق کو ایوب خان کے دور حکومت میں چھپایا گیا تھا اخبارات کے ذریعے وہ بھی سامنے آنے لگ گئے ملکی سلامتی کے خلاف کھلم کھلا خبریں اور مضامین شائع ہونے لگ گئے جو بعد میں مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا سبب بنے۔[۳۸]

یحییٰ دَور کی آزادیوں کا نتیجہ تقابلی صورت میں اس طرح سامنے آتا ہے کہ ۱۹۶۲ء میں روزناموں کی تعداد ۷۵ تھی جب کہ ۱۹۷۰ء میں یحییٰ خان کے دور حکومت میں ۱۱۷ ہو چکی تھی علاوہ ازیں ۱۹۷۰ء تک ہفت روزوں اور ماہناموں کی تعداد ۱۴۵ تھی۔[۳۹]

یحییٰ دور میں سیاسی جماعتوں کے اخبارات بھی منظر عام پر آئے اس دور میں بے شمار سیاسی جرائد منظر عام پر آ گئے تھے جو اپنی پسند کی سیاسی جماعتوں اور لیڈروں کی حمایت میں مہم چلا رہے تھے، چند ایک جرائد ایسے بھی تھے جنہوں نے سیاست کی اس گرم بازاری میں اخلاقی ضابطوں کو بھی نظر انداز کر دیا تھا اور اپنے مخالفین کی کردار کشی میں ضابطۂ اخلاق کو سبوتاژ کر رہے تھے۔ مرکزی وزیر اطلاعات نے سرکاری اخبارات سے ترقی پسند صحافیوں کو نوکریوں سے نکال دیا تھا اور سرکاری ذرائع ابلاغ کا جھکاؤ دیگر اخبارات کے ساتھ ساتھ دائیں بازو کی سیاست کی مکمل حمایت کی طرف تھا، اس دور میں بہت سے نئے اخبارات کا اجرا ہوا۔

۵ مئی ۱۹۶۹ء کو صوبائی حکومتوں نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو مرکزی اطلاعات کی ہدایت لئے بغیر ڈیکلریشن کے سلسلے میں تمام کیسوں کا فیصلہ کرنے کا اختیار دے دیا، (ڈان، ۶ مئی ۱۹۶۹ء)[۴۰]

۷۰۔۱۹۶۹ء کے دوران حکومت نے ''۱۲۲۰'' روزنامے ہفت روزے، ماہنامے اور سہ ماہی رسائل و جرائد شائع کرنے کی اجازت دی[۴۱]۔ ''جنرل یحییٰ خان کے دور حکومت میں صحافت کو جس قدر زیادہ آزادی حاصل تھی، اس کی مثال برصغیر کی صحافت کی (۱۵۰) ڈیڑھ سو سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔'' گو کہ یحییٰ خان کی حکومت مارشل لا سے عبارت تھی لیکن صحافتی آزادی کافی حد تک تھی اور پریس نے اس آزادی کا غلط استعمال کیا پریس نے ملک میں طبقاتی کشمکش کو ہوا دی۔

۱۹۷۰ء کو انتخابی مہم کے دوران ایک بار پھر یہ واضح ہوا کہ ہمارے اخبارات عموماً رائے عامہ کی نمائندگی کرنے میں کامیاب نہیں ہے، روزنامہ آزاد، روزنامہ مساوات اور روزنامہ پیپل ڈھاکہ کے علاوہ دیگر تمام اخبارات نے جو دعوے کئے تھے، اور جس قسم کے مضامین، خبریں اور کالم وغیرہ شائع کئے تھے۔ وہ سب غلط ثابت ہوئے اور انتخابات کے نتائج ان کے دعوؤں سے بالکل مختلف آئے۔ سیاسی جریدوں میں الفتح (۲) معیار، (۳) لیل و نہار (۴) نصرت (۵) زندگی (۶) ترجمان (۷) ''چٹان'' نے انتخابی مہم میں بھرپور حصہ لیا۔

راولپنڈی کی خصوصی فوجی عدالت نے ۲۰ فروری ۱۹۷۱ء کو راولپنڈی کے ہفتہ وار انٹرونگ (Inter Wing) کے ایڈیٹر اے آر شمس اور اخبار کے کالم نگار سید نجی اللہ کو پی پی او کی دفعہ ۲۴۔اے اور مارشل لاء ریگولیشن نمبر (۲) اے اور ۶ کے تحت سزا سنائی، انہیں ۲۰ دسمبر ۱۹۷۰ء کو اخبار میں ایک قابل اعتراض مضمون لکھنے اور شائع کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا، نجی اللہ کو جو اس وقت ''پاکستان آبزرور'' اور ''ڈھاکہ'' کے نمائندے بھی تھے، پانچ سال قید بامشقت اور پانچ ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جبکہ اخبار کے مدیر کو تین سال قید بامشقت اور ۳۵۰۰۰ ہزار روپے جرمانے کی سزا دی گئی۔

PFUJ اور اس سے ملحقہ یونینوں کی جانب سے شدید احتجاج پر ۱۳ مارچ کو دونوں کو رہا کر دیا گیا۔[۴۲]

PFUJ نے حکومت سے پریس پر عائد تمام پابندیاں ختم کرنے کا مطالبہ کیا یونین کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا کہ اخبار نویس ایسے تمام انتظامی احکام اور ایڈوائس کی خلاف ورزی کریں گے جن سے معروضی رپورٹنگ کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو، PFUJ (مغربی پاکستان) کے عہدے داروں نے مشرقی پاکستان کی صحافی برادری کے ساتھ اپنی مکمل ہم آہنگی کا اظہار کیا انہوں نے پریس پر عائد پابندیوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔ (ڈان، ۶، مارچ ۱۹۷۱ء)

۲۲ مارچ ۱۹۷۱ء کو جنرل یحییٰ نے مکمل پریس سنسر شپ نافذ کر دی گئی، ڈھاکے سے واپسی پر بھٹو نے اخبار نویسوں کو بتایا خدا کے فضل سے پاکستان بچ گیا ہے۔

یحییٰ خان نے مارشل لاء ریگولیشن ۷۷ بھی جاری کیا جس میں کہا گیا تھا کہ پہلے سے سنسر کرائے بغیر کوئی خبر، پوسٹر یا پمفلٹ پریس میں نہیں چھاپا جا سکے گا۔(ڈان،۲۳ مارچ ۱۹۷۱ء)[۴۳]

اس کے علاوہ اخبارات نے ایسے اشتہارات بھی شائع کیے جو اس بات کی غمازی کرتے تھے کہ مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن چکا ہے۔

۲۰ دسمبر ۱۹۷۱ کو ذوالفقار علی بھٹو نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے چوتھے صدر اور دنیا کے پہلے سویلین چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے طور پر اقتدار سنبھالا۔[۴۴]

عبدالسلام خورشید داستان صحافت میں رقم طراز ہیں کہ ہم نے اسے جمہوری دور ان معنوں میں کہا ہے کہ زمام اقتدار عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کے ہاتھوں میں آ گئی لیکن ایک لحاظ سے جمہوری دور نہیں تھا کیونکہ مارشل لاء بدستور قائم رہا اور صدر مملکت پہلے مارشل لاء کے ناظم اعلیٰ کے عہدے پر بھی فائز تھے مارشل لاء کے تمام ریگولیشن موجود تھے۔[۴۵]

ذوالفقار علی بھٹو نے بطور صدر مملکت پہلے خطاب میں کہا میں پاکستان کی تاریخ کے ایک فیصلہ کن لمحے میں آیا ہوں ہم اپنی تاریخ کے بدترین اور مہلک بحران کا سامنا کر رہے ہیں ہمیں کرچیاں، بہت چھوٹی چھوٹی کرچیاں، چننی پڑیں گی، مگر ہم ایک نیا پاکستان بنائیں گے۔۔۔۔میں چاہتا ہوں کہ ہمارا معاشرہ پھلے پھولے، میں چاہتا ہوں کہ لوگ سانس لے سکیں، میں چاہتا ہوں کہ گھٹن کا خاتمہ ہو۔۔۔۔ہمیں اپنی حکومت کو جواب دہ بنانا ہے، ہمیں اس بحران کا سامنا اس لئے کرنا پڑا کہ جواب دہی کا وجود نہیں تھا۔(''ڈان''،۲۱ دسمبر ۱۹۷۱ء) [۴۶]

۱۹۶۸ء میں پاکستان پیپلز پارٹی کے اساسی اصولوں میں بھٹو نے حقیقی آزادی اظہار اور آزادی اجتماع کا وعدہ کیا تھا انہوں نے اصرار سے کہا تھا کہ حقیقی آزادی اظہار صحافت کی آزادی کے بغیر عمل میں نہیں آ سکتی......صحافت کا منصب عوام تک درست اطلاعات پہنچانا ہے نہ کہ غلط اطلاعات پہنچانا......آج کل پریس کو دھوکا دینے کا معاوضہ دیا جاتا ہے اور اگر وہ ایسا کرنے سے انکار کر دے تو اسے سزا دی جاتی ہے......

ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے خطاب میں کہا......ہمیں ایک ایسی صورتحال پیدا کرنا ہو گئی جب کوئی عام آدمی گلی کا کوئی غریب آدمی مجھ سے برملا کہہ سکے کہ تم جہنم میں جاؤ میں تمہاری بات نہیں مانتا میں تمہیں پسند نہیں کرتا......مجھ پر یقین کیجئے ہمیں اپنی حکومت کو جواب دہ بنانا ہوگا......(''ڈان''،۲۱ اکتوبر ۱۹۷۱ء) [۴۷]

اس کے ساتھ ساتھ بھٹو نے پریس سے شکوہ کیا اخباروں نے میرے بارے میں ہر طرح کے غلط تاثر پیدا

کیئے انہوں نے میرے بیانات کو مسخ کر کے پیش کیا انہوں نے میرے اور میری پارٹی کے خلاف ایک زبردست مہم چلائی صرف اس لئے کہ ہم جمہوریت اور سماجی انصاف کے لئے جدوجہد کر رہے تھے۔[۴۸]

ذوالفقار علی بھٹو نے اقتدار سنبھالنے کے فوراً بعد پاکستان ٹائمز کے چیف ایڈیٹر مسٹر زیڈ اے سلہری کو ایک انتظامی حکم کے ذریعے برطرف کر دیا نیشنل پریس ٹرسٹ کی افادیت کو سمجھتے ہوئے اسے جوں کا توں رہنے دیا بلکہ ایک آرڈی نینس کے تحت این پی ٹی کے تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کو برطرف کر دیا۔ ٹرسٹ کے چیئرمین کی تقرری کا اختیار صدر مملکت کو سونپ دیا۔[۴۹] ۴ جنوری ۱۹۷۲ء کو کراچی میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا: ''پریس پر عائد تمام پابندیاں اور کنٹرول ختم کر دئے گئے اور پریس آزاد ہے...... پریس کو آزادی ہے کہ جو چاہے کہے جو چاہے لکھے...... ہماری حکومت سے اگر کوئی غلطیاں ہوئی ہیں تو ہمیں معاف کر دیجئے اس بات کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ ہماری حکومت ابھی نئی ہے۔''[۵۰]

ذوالفقار علی بھٹو جس نے اقتدار میں آنے سے قبل این پی ٹی کو توڑنے کا عہد کیا تھا لیکن اقتدار میں آنے کے پانچ ہفتے بعد یعنی ۱۵ فروری ۱۹۷۲ء کو ایک مارشل لاء آرڈر جاری کیا۔ ایم ایل او ۵۳ کی رو سے بورڈ آف ٹرسٹیز کو توڑ دیا گیا اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو معطل کر دیا گیا حکومت نے این پی ٹی کو قومی مملکت میں لے لیا اس طرح ٹرسٹ کے تمام اخبارات حکومت کی تحویل میں آ گئے ان اخبارات کے نام درج ذیل ہیں:

(۱۔۴) روزنامہ مشرق (لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ)

(۵۔۶) روزنامہ امروز (لاہور، ملتان)

(۷۔۸) پاکستان ٹائمز (لاہور، راولپنڈی)

(۹) مارننگ نیوز، (کراچی)

(۱۰) اخبار خواتین (کراچی)

(۱۱) سپورٹس ٹائمز (لاہور)

اخبار خواتین ہفت روزہ ہے اور سپورٹس ٹائمز ماہنامہ ہے ٹرسٹ کے آٹھ روزناموں کی اشاعت پاکستان کے تمام روزناموں کی مجموعی اشاعت کا ۲۰ فیصد تھی[۵۱]۔ ٹرسٹ کے تمام اخبارت نے ''عوامی مارشل لاء'' نافذ ہونے پر اپنی وفاداری کا رخ عوامی صدر اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی جانب موڑ دیا۔ ۲۷ جولائی ۱۹۷۲ء کو وزیر اطلاعات مولانا کوثر نیازی نے کوئٹہ کے ایڈیٹروں اور سینئر صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی نے

این پی ٹی کے توڑے جانے کا موقف اس لئے اختیار کیا تھا کہ اس وقت پیپلز پارٹی کی حکومت نہیں تھی اور ٹرسٹ عوام دشمن طاقتوں کے ہاتھ میں تھا موجودہ حکومت عوام کی منتخب کردہ حکومت ہے اور اسے عوام کی حمایت حاصل ہے انہوں نے فخریہ انداز میں کہا کہ یہ کہنے میں کوئی شرمندگی نہیں کہ میں این پی ٹی پر حکومت کے کنٹرول کے حق میں ہوں ۱۹۷۳ء کے آئین نے ایم ایل او ۵۳ کو خصوصی تحفظ فراہم کر کے ان قوانین میں شامل کر دیا جن کی منسوخی یا جن میں ترمیم کے لئے صدر کی پیشگی منظوری لازمی ہے۔[۵۲]

ذوالفقار علی بھٹو نے آزادی صحافت، سچ کو برداشت کرنے اور حکومتی اقدام پر تنقید کو برداشت کرنے کے جتنے بلند و بانگ دعوے کئے تھے وہ سب ریت کے گھروندے ثابت ہوئے۔ بھٹو نے پریس کو جو سبز باغ دکھائے تھے ان پر بالکل عمل نہ کیا۔ بھٹو نے اپنی کہی ہوئی بات پر بالکل عمل نہیں کیا اور بعد کے حالات نے یہ بات ثابت کر دی کہ جبر و تشدد میں بھٹو بھی ایوب خان سے پیچھے نہیں رہے۔ ''قائد عوام'' نے جو کچھ صحافت کے ساتھ کیا وہ جمہوریت کے شایان شان نہیں تھا۔

ذوالفقار علی بھٹو کا دور حکومت صحافیوں کے لئے بھاری ثابت ہوا، اس دور میں پریس اور صحافیوں کے ساتھ جو سلوک روا رکھا گیا اس کا اندازہ درج ذیل واقعات سے لگایا جا سکتا ہے۔[۵۳]

۶ فروری ۱۹۷۲ء کو مارشل لاء ضابطہ ۲۸ کے تحت روزنامہ ڈان کراچی کے چیف ایڈیٹر مسٹر الطاف گوہر (وہ ایوب خان کے دور میں سیکرٹری اطلاعات بھی رہے ہیں) کو گرفتار کر لیا گیا۔ ۲۴ فروری کو حکومت پنجاب نے ''پنجاب پنچ'' کا ڈیکلریشن منسوخ کر دیا۔ ڈیکلریشن منسوخ ہونے کی وجہ صرف یہ تھی کہ پنجاب یونیورسٹی کے کیمپس میں ایک جلسہ کے دوران بھٹو کے پرانے دوست اور ہمدرد صحافی حسین نقی نے یہ سوال کہ انہوں نے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بننے کا انتخاب کیوں کیا، اس پر بھٹو نے چلا کر حسین نقی کو خاموش کر دیا۔ بھٹو نے یہ دلیل دی کہ تم اتنے عرصے تک چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹروں کو برداشت کر چکے ہو تبدیلی کی خاطر ایک سویلین چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر میں کیا حرج ہے حسن نقی کو اپنی گستاخی کی بھاری قیمت ادا کرنا پڑی پی پی پی حکومت خاص طور پر گورنر پنجاب اور مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر زون بی غلام مصطفیٰ کھر پر تنقید کرنے کے جرم میں پی پی او کے تحت ان کے ہفتہ وار اخبار پنجاب پنچ کا ڈیکلریشن منسوخ کر دیا گیا۔

یکم اپریل ۱۹۷۲ء کو لاہور کے ہفتہ وار رسالہ، زندگی، اور ماہنامہ اردو ڈائجسٹ کے ڈیکلریشن مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر زون بی کے حکم سے منسوخ کر دیے گئے دونوں رسالوں کے ایڈیٹروں مجیب الرحمان شامی اور الطاف حسین

قریشی نے نام نہاد ضابطہ اخلاق کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ ۱۵ اپریل ۱۹۷۲ کو، زندگی، کے ایڈیٹر مجیب الرحمان، اُردو ڈائجسٹ کے مدیر اور پبلشر اعجاز حسین قریشی کو مارشل لاء ریگولیشن ۸۹ اور ۱۶ (۲۱) کے تحت جیل بھیج دیا گیا۔ اسی روز پنجاب پنچ کے ایڈیٹر اور پبلشر حسین نقی کو گرفتار کر لیا گیا ۷ اپریل ۱۹۷۲ء ایک اور حکم کے ذریعے انہیں کسی بھی لحاظ سے نئے جریدے کو جاری کرنے سے روک دیا گیا۔

ذوالفقار علی بھٹو نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لئے حکومتی مشینری کے علاوہ پارٹی ورکروں کو بھی استعمال کیا مثال کے طور پر ۲۷ مارچ ۱۹۷۲ء کو راولپنڈی کے اخبار ''دی ٹائمز'' کے دفتر پر پی پی پی کے ایک گروہ نے حملہ کیا۔ حکومت پنجاب نے نوائے وقت اور امروز کو اظہار وجوہ کے نوٹس جاری کئے کہ کیوں نہ انہیں حکومت کے خلاف نفرت پھیلانے کے جرم میں ساٹھ ساٹھ ہزار روپے کی ضمانت پیش کرنے کے لئے کہا جائے۔ (مساوات ۱۹ جولائی ۱۹۷۲)

۸ اپریل ۱۹۷۲ء کو روزنامہ جسارت کراچی کے نیوز پرنٹ کے کوٹہ میں ۷۵ فیصد کمی کر دی مشرقی پاکستان کی علیحدگی سے بنگال کے شہر کھلنا سے اخباری کاغذ آنا بند ہو گیا اب یہ کاغذ دوسرے ممالک سے درآمد کر کے کوٹہ سسٹم کے ذریعے حکومت تمام اخبارات کو تقسیم کرتی تھی۔ ۱۱ جولائی ۱۹۷۲ء کو ڈیفینس آف پاکستان رولز کے تحت حکومت سندھ نے صوبہ سندھ سے جاری ہونے والے اخبارات و جرائد اور خبر رساں اداروں پر سنسر شپ عائد کر دی۔ ۱۷ جولائی ۱۹۷۲ء کو ڈیفیسن آف پاکستان رولز کے تحت انگریزی اخبار، سن، کراچی اور لاہور کا ڈیکلریشن منسوخ کرتے ہوئے اس کے چھاپے خانے کو حکومت نے اپنے قبضہ میں لے لیا۔

حکومت بلوچستان نے جنگ کوئٹہ کا نیوز پرنٹ کوٹہ مکمل طور پر بند کر دیا صوبائی حکومت نے اخبار کو انتباہ کیا کہ اگر اخبار کی انتظامیہ نے اخبار شائع کرنے کی کوشش کی تو پی پی او کے تحت مزید کارروائی کی جائے گی۔ بھٹو کے عوامی دَور میں پریس اور صحافیوں پر مختلف طرح کی قدغنیں لگائی گئیں۔ اس دَور کی چند جھلکیاں درج ذیل ہیں: [۵۴]

- ☆ ۳۱ جولائی ۱۹۷۲ء کو روزنامہ جسارت کراچی کا اخباری کوٹہ بند کر دیا گیا۔
- ☆ ۴ اگست ۱۹۷۲ء کو اسلام آباد کے ادارے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کو حکومت کے تمام سرکاری و نیم سرکاری اشتہارات کی تقسیم کا اختیار دے دیا گیا۔
- ☆ ۲۱ اگست ۱۹۷۲ کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ہفت روزہ چٹان کے ایڈیٹر آغا شورش کاشمیری کو گرفتار کر لیا گیا۔

☆ ۱۰ ستمبر ۱۹۷۲ء کو آغا شورش کاشمیری کو رہا کیا گیا اور ۲۴ ستمبر کو دوبارہ آغا صاحب کو ڈی پی آر کے تحت گرفتار کرلیا گیا۔

☆ ہفتہ وار، اداکار، لاہور کا ڈیکلریشن ڈی سی لاہور نے پی پی او کے تحت منسوخ کردیا (جسارت ۳۱ اگست ۱۹۷۲) اس کے مدیر مجیب الرحمان شامی تھے رسالے کے پرنٹر اور پبلشر خواجہ صادق کاشمیری کو پی پی او کے تحت گرفتار کرلیا گیا (جنگ ۱۴ ستمبر ۱۹۷۲)

☆ ہفتہ وار اذان حق کے ۱۳ ستمبر شمارے کی کاپیاں ڈی سی لاہور کے حکم پر ضبط کرلی گئیں۔ (جسارت، ۱۴ دسمبر ۱۹۷۲)۔

☆ پولیس نے جنگ، اعلان، اور جسارت کے فوٹو گرافوں کی سندھ بلوچستان ہائی کورٹ کے احاطے میں پٹائی کی جب وہ سیاسی قیدیوں کی تصویریں لے رہے تھے بعد میں پولیس نے ان کے کیمرے بھی چھین لیے۔

☆ حکومت پنجاب نے پی پی او کے تحت ہفتہ وار اذان حق سرگودھا کا ڈیکلریشن منسوخ کردیا (بزنس ریکارڈ ۱۴ اکتوبر ۷۲ء) اس سے قبل رسالے کے پبلشر خان زمان خان کو گرفتار کرلیا گیا (نوائے وقت ۱۰ اکتوبر ۷۲ء)

☆ ۹ اکتوبر کو حکومت پنجاب کے حکم پر اُردو ہفتہ وار پیپلز ڈائجسٹ کا ڈیکلریشن منسوخ کردیا گیا (مساوات ۱۰/ اکتوبر ۷۲ء) سید غلام رسول شاہ ایڈیٹر ہفت روزہ سرتاج میرپور خاص کو نظر بند کردیا گیا۔

☆ پی پی او کے تحت ہفت روزہ، کہانی، لاہور کے نام اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کیا گیا (جنگ ۱۴/ اکتوبر ۷۲ء)

☆ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کوئٹہ کے حکم پر روزنامہ، آزادی، کوئٹہ کا ڈیکلریشن منسوخ کردیا گیا۔

☆ ۱۵/ اکتوبر کو ہفتہ روزہ چٹان کے اخباری کاغذ کے کوٹہ میں ۲۵ فیصد کمی کی گئی۔

قائداعظم اور لیاقت علی خان کے بعد پاکستان (موجودہ) کے سب سے مقبول عوامی سیاسی رہنما ذوالفقار علی بھٹو اپنی تمام تر مقبولیت اور عوامی نفسیات کو سمجھنے کی صلاحیت کے باوجود اس امر سے بے خبر رہے کہ وہ آزاد اخبارات و جرائد کے خلاف کاروائیوں کے نتائج کا صحیح اندازہ لگا سکتے چنانچہ بکھری ہوئی اور متضاد الخیال اپوزیشن کے بے مثال اتحاد کے علاوہ ان کی ''عوامی حکومت'' کے زوال میں صحافیوں اور اخبارات کو دبا کر اور خوفزدہ رکھنے کی پالیسی کے نتائج بہت مہلک ثابت ہوئے خود ان کے اپنے سیاسی فلسفہ کے حامی صحافی بھی ان کی اپوزیشن بن گئے، بھٹو مرحوم کی مضبوط عوامی حکومت ختم کرنے میں دیر نہ لگی مارشل لاء دور کے فوجی حکمران سے یہ توقع نہیں رکھی جاسکتی ہے کہ وہ صحافت کو آزاد رکھیں گے اور صحافیوں کے اظہار رائے پر کوئی پابندی عائد نہیں کریں گے لیکن ہمارے سول اور جمہوری

ادوار کے حکمران بھی مارشل لاء سے اپنی نفرت کے اظہار اور جمہوریت کے مسلسل دعووں کے باوجود یہ ہرگز گوارا نہیں کرتے کہ ان کے دور حکومت میں صحافی آزادی سے اپنے پیشہ وارانہ فرائض انجام دے سکیں چنانچہ ان سول جمہوری حکومتوں کا یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنے اپنے ادوار میں صحافت کو خائف رکھنے یا اس کی ناجائز سرپرستی کے لئے غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کرتے رہیں۔ اس کی اہم اور بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ بھٹو مرحوم سمیت سول حکمرانوں میں ایک بھی ایسا نہیں آیا جو پریس کو آزادی دینے کے نتیجہ میں عوام میں اپنے لئے پیدا ہونے والی خیر سگالی اور اپنی ہی حکومت کے استحکام کا اندازہ کر سکیں۔ یہ حکمران ہمیشہ پریس کو ایک طاقت سمجھ کر اس سے خوفزدہ رہے ہیں کہ اس کے آزاد ہونے سے ان کی حکومت ختم ہو جائے گی۔ ان میں اور ان کے وزیروں، مشیروں کی سوچ یہاں تک پہنچ ہی نہیں پاتی کہ قومی پریس کی احتسابی طاقت کو تسلیم کرنے اور اس کی عمل داری کا موقع فراہم کرنے سے ایک تو خود حکومت درست پٹڑی پر رہتی ہے دوسرے یہ کہ حکمرانوں کی اس جمہوریت پسندی کا فائدہ اس نقصان سے کہیں زیادہ ہوتا ہے جو وہ پریس کے خلاف غیر جمہوری حربوں سے اٹھاتے ہیں۔ [۵۵]

جماعت اسلامی کے سرکاری ترجمان جسارت کے سابق ایڈیٹر محمد صلاح الدین مرحوم کے مطابق یہ اخبار پی پی پی کے چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو کے اقتدار میں آنے سے پہلے ہی ان کے غیظ وغضب کا ہدف تھا بھٹو نے ۱۹۷۰ء میں معظم علی، الطاف حسین قریشی اور جسارت کو فکس اپ کرنے کی دھمکی دی تھی۔ اپریل ۱۹۷۲ء میں اخبار کے نیوز پرنٹ کوٹے میں ۷۵ فیصد کمی کر دی گئی اور اسے ۲۶ ریل سے ۶ ریل بنا دیا گیا (نوائے وقت ۱۲ اپریل ۷۲ء)۔ اس سے قبل ۷ اپریل کو پیپلز پارٹی کے ۵۰ کارکنوں نے جسارت کے دفتر کے باہر پرشور مظاہرہ کیا اور اخبار کے عملے کو پی پی پی کی بابت اپنی پالیسی تبدیل نہ کرنے کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ (جسارت ۱۸ اپریل ۱۹۷۲)

☆ ۳۰ جولائی کو اخباری نیوز پرنٹ کوٹہ ۶ اپریل سے مزید کم کر کے دوایل کر دیا گیا۔

☆ ۱۵ مارچ کو اخبار کی اشاعت پر غیر معینہ عرصے کے لئے پابندی عائد کر دی گئی۔

☆ ۲۶ مارچ کو سندھ بلوچستان ہائی کورٹ نے ایک پٹیشن پر فیصلہ دیتے ہوئے پابندی کے حکم کو دائرہ اختیار سے باہر اور قانونی بنیادوں سے عاری قرار دے دیا۔

☆ لیکن بھٹو کی ''عوامی حکومت'' نے اسی شام اخبار پر دوبارہ پابندی لگا دی۔ [۵۶]

بھٹو دور حکومت میں نوائے وقت کا شمار حکومت کے سرفہرست مخالف اخباروں میں ہوتا تھا اور بھٹو دور میں نوائے وقت کو طویل عرصے تک اشتہارات سے محروم رکھا گیا تمام سرکاری نیم سرکاری اشتہارات اگست ۱۹۷۳ء سے

۸ جولائی ۱۹۷۴ء تک بند رکھے گئے، صرف اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقع پر اشتہارات کی پابندی اٹھائی گئی۔ ''پہلے ۷۳۔۷۴ء میں گیارہ مارہ تک اشتہارات نہیں دیئے گئے پھر ۷۶۔۷۷ء میں چودہ ماہ تک اشتہارات کی بندش کی گئی۔''[۵۷] ۲۷؍اپریل ۱۹۷۶ء سے ۵ جولائی ۱۹۷۷ء تک اخبارات کو اشتہارات سے محروم رکھا گیا۔

مجید نظامی صاحب بھٹو دور کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ ''جہاں تک بھٹو دور کا تعلق ہے تو میرے خیال میں ایوب خان کے دور سے بھی بدتر دور تھا اگرچہ میرے ان کے ساتھ ذاتی تعلقات بھی رہے ہیں دوستانہ تعلقات بھی رہے ہیں سب جانتے ہیں کہ جب وہ ایوب کی وزارت سے باہر آئے تو نوائے وقت نے انہیں سب سے زیادہ کوریج دی، میں انہیں مذاقاً کہا کرتا تھا بھٹو صاحب! یہ ہم آپ کو کوریج نہیں دے رہے ہیں بلکہ ایک فوجی ڈکٹیٹر سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ تو وقت ثابت کرے گا کہ آپ ہمیں استعمال کر رہے ہیں، جہاں تک اشتہارات، نیوز پرنٹ یا دوسرے معاملات کا تعلق ہے تو میرا خیال یہ ہے کہ یہ دور پہلے دور سے زیادہ سخت تھا۔[۵۸]

۱۹۷۳ء کے آئین کی دفعہ ۱۹ کے تحت ہر فرد اور ہر پاکستانی کو نہ صرف اظہار کی آزادی بلکہ صحافت کو بھی آزادی مل گئی لیکن مندرجہ بالا واقعات اس حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں کہ حکومت نے آزادیٔ صحافت کا گلا گھونٹنے میں ہر طرح کے حربے اختیار کیے یہاں تک کہ پاکستان کے آئین نے اس ملک کے شہریوں کو آزادی رائے کے ضمن میں جو قانونی تحفظ فراہم کیا تھا اس کا بھی پاس نہ رکھا گیا حالانکہ ۱۹۷۳ء کے آئین کی دفعہ ۱۹ میں اس بات کی ضمانت دی گئی تھی۔ دفعہ ۱۹ کے مطابق ہر شہری کو آزادیٔ تقریر اور آزادیٔ اظہار حاصل ہوگی صحافت کو بھی آزادی حاصل ہوگی لیکن یہ ایسی مناسب پابندیوں کے تابع ہوگی جو شوکت اسلام کے مفاد میں اور پاکستان کی سالمیت، سلامتی اور ملک کے یا اس کے کسی حصہ کے دفاع کے مفاد میں از روئے قانون نافذ کی جائیں یا جو قانونی پابندیاں دوسری مملکتوں سے دوستانہ روابط، امن عامہ، شائستگی، یا اخلاق یا توہین عدالت، ہتک عزت یا جرم کے ارتکاب کے لئے استعمال کے سلسلہ میں لگائی جائیں گی۔[۵۹]

بھٹو دَور میں صحافیوں اور اخبارات کے ساتھ کیا گزری اس کا اندازہ درج ذیل چند واقعات سے لگایا جا سکتا ہے[۶۰]:

☆ حکومت پنجاب نے ہفت روزہ لیل و نہار کی اشاعت پر ایک سال کے لئے پابندی لگا دی (ڈان ۱۰ اکتوبر ۱۹۷۵)

☆ حکومت پنجاب نے اُردو ڈائجسٹ کی طباعت اور اشاعت پر فوری طور پر پابندی عائد کر دی (مارننگ نیوز،

اانومبر ۱۹۷۵ء)۸دسمبر ۱۹۷۵ء کو پی ایف یو جے نے صحافت پر عائد پابندیوں کے خلاف احتجاج کے طور پر اخباری کارکنوں سے دو گھنٹے کی علامتی ہڑتال کرنے کی اپیل کی پی ائی ڈی نے اخبارات کو ایڈوائس کے ذریعے اس کی خبر چھاپنے کی ممانعت کردی۔ان تمام پابندیوں کے باوجود کچھ اخبارات اورصحافی حکومتی تعریف میں رطب اللسان تھے مثلاً پاکستان ٹائمز۔۱۰دسمبر ۱۹۷۵ء کا اداریہ ملاحظہ کریں:''پی پی پی کی حکومت کا رویہ پریس کے ساتھ مجموعی طور پر دوستانہ رہا ہے......دوستانہ رویہ رکھنے والی حکومت سے محاذ آرائی بے حد ناعاقبت اندیشی کی بات ہوگی اور ممکن ہے اس سے صحافت کی آزادی کے مقصد کو فائدے کی بجائے نقصان پہنچے۔''

- ☆ اُردو ڈائجسٹ کے ایڈیٹر اور پبلشر الطاف حسین قریشی اور پرنٹر ڈاکٹر اعجاز حسین قریشی کو ڈی پی آر کے تحت گرفتار کرلیا گیا(ڈان ۱۲دسمبر ۱۹۷۵ء)۔
- ☆ ۳۰دسمبر کو حکومت پنجاب نے اُردو ڈائجسٹ کا ڈیکلریشن منسوخ اور اس کے پریس کو سربمہر کردیا۔
- ☆ پنجاب اسمبلی کے سامنے''اداکار''،''الحدید''اور''طاہر''نامی رسالوں کے کارکنوں کے ایک مظاہرے پر پولیس نے لاٹھی چارج کیا۔
- ☆ ''سعادت''،فیصل آباد کے ایڈیٹر ناسخ صفی اور اخبار کے کاتب محمد یونس کو ڈی پی آر کے تحت گرفتار کرلیا گیا، (ڈان،۱۰جنوری ۱۹۷۶ء)
- ☆ پابندی شدہ ہفتہ وار طاہر کے مدیر پرویز طاہر کو کراچی جاتے ہوئے ساہیوال ریلوے اسٹیشن پر گرفتار کرلیا، (''حریت''۱۸جنوری ۱۹۷۶ء)
- ☆ ۲۷جنوری ۱۹۷۶ء کو لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس اسلم ریاض حسین نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور کی جانب سے ۱۶ جنوری کو جاری کئے گئے ایک حکم پر عمل درآمد معطل کردیا جس کی رو سے ہفت روزہ''طاہر'' کا ڈیکلریشن منسوخ کردیا گیا تھا۔
- ☆ حکومت سندھ کے حکم پر روزنامہ صداقت کی اشاعت پر دو مہینوں کے لئے پابندی لگادی گئی (''جنگ''۱۵ مارچ ۱۹۷۷ء)
- ☆ KUJ کے ایک اجلاس میں ۷ مارچ کو ایک جلسے کو کور کرتے ہوئے پریس فوٹو گرافر اختر اسرائیلی پر حملے کی مذمت کی۔(ڈان،۱۶مارچ ۱۹۷۷ء)

☆ ۱۹مارچ ۱۹۷۷ء کو سندھ کے وزیر اعلیٰ غلام مصطفیٰ جتوئی نے صداقت کراچی پر پابندی کا حکم واپس لے لیا۔

☆ ۱۷مارچ ۱۹۷۷ء کو سندھ کے محکمہ داخلہ نے صوبے میں شائع ہونے والے تمام اخباروں کے نام حکم جاری کیا جس کی رو سے انہیں پاکستان قومی اتحاد کے رہنماؤں کا کوئی بیان ان کی گرفتاری سے متعلق کوئی خبر شائع کرنے کی ممانعت کر دی گئی۔

☆ ڈی پی آر کے ضابطہ ۵۴ اور ضابطہ ۲۱۳ کے تحت یہ حکم دیا گیا کہ یہ حکم نامہ کسی اخبار یا دستاویز میں شائع نہیں کیا جا سکے گا۔

☆ ممانعت کا یہ حکم صرف ۱۹مارچ کے نوائے وقت لاہور میں شائع ہوا۔

☆ ممانعت کے اس حکم کے اجراء کے صرف ۲۴ گھنٹے بعد سندھ کے اخباروں کے نام ایک اور حکم جاری کیا گیا جس میں ۱۷مارچ کا حکم فوری طور پر واپس لے لیا گیا۔

پریس ایڈوائس کے نظام کے تحت صحافت کی محکومی کا عروج ملک بھر کے تمام اخباروں میں ۱۹ جنوری ۱۹۷۷ء کو ظاہر ہوا جب لاڑکانے کی قومی اسمبلی کی نشست پر بھٹو کے بلا مقابلہ منتخب ہونے کا اعلان کیا گیا، آدھی رات کے بعد اخبارات کے دفاتر کو آدھے گھنٹے کے دوران یہ ہدایت نامہ موصول ہوا[۶۱] جس کے مطابق PID کی جانب سے بھٹو کا ایک پورٹریٹ فراہم کیا جائے گا جسے پہلے صفحے پر شائع کرنا ہوگا اس کا(Caption) کیپشن یہ ہوگا:

۱۔ ''اعلیٰ ترین لیڈر''، ''غیر متنازعہ لیڈر''، عظیم لیڈر ''راسے لفظ بہ لفظ چھاپنا ہوگا، تصویر کا سائز //8x6 ہوگا۔

۲۔ بھٹو کے بلا مقابلہ منتخب ہونے کی خبر صفحہ اول پر شائع ہوگی بلا مقابلہ منتخب ہونے والے باقی افراد (ممتاز بھٹو وغیرہ) کی خبریں اندر کے صفحات پر شائع کی جائیں گی۔

المختصر بندشوں کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ بھٹو کے آخری دَور میں پیش آنے والے چند واقعات جن کا تعلق صحافیوں اور اخبارات سے تھا درج ذیل ہیں:[۶۲]

☆ روزنامہ صداقت کراچی کے ایڈیٹر بشیر احمد رانا کو DPR کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔ (''اسٹار''، ۱۱۔مئی ۱۹۷۷ء)

☆ ۱۲مئی کو حکومت سندھ نے اخباروں کو حکم دیا کہ وہ PNA کے رہنماؤں اور وزیر اعظم کے درمیان خط و کتابت ''محکمہ داخلہ کی پیشگی جانچ پڑتال کے بغیر شائع نہ کریں۔

☆ ۱۶مئی ۱۹۷۷ء کو نوائے وقت کے تحت ہفت روزہ ''چٹان'' لاہور اور اسلامی جمہوریہ ساہیوال کے ڈیکلریشن

اس بناء پر منسوخ کردیئے کہ انہوں نے PNA کی تحریک سے متعلق رپورٹیں متعلقہ حکام کی منظوری کے بغیر شائع کی تھیں۔(''نوائے وقت''، ۱۲مئی ۱۹۷۷ء)

☆ ممتاز احمد طاہر، ایڈیٹر ''روزنامہ آفتاب'' ملتان کو DPR کے تحت گرفتار کرلیا گیا۔(''ڈان'' ۲۸ مئی ۱۹۷۷ء)

☆ ۹ جون کو لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس جاوید اقبال نے ہفت روزہ اسلامی جمہوریہ پر پابندی کے سرکاری حکم پر عمل درآمد معطل کردیا۔

☆ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس ذکی الدین پال نے اُردو ڈائجسٹ کے مدیر اور پرنٹر اعجاز حسین قریشی کی جیل میں نظر بندی کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا حکم دیا۔(''ڈان''، ۱۷۔ جون ۱۹۷۷ء)

پاکستان قومی اتحاد نے الیکشن میں دھاندلی کا الزام لگایا اور حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک شروع کی اور یہ تحریک نفاذ نظام مصطفیٰ میں تبدیل ہوگئی، اس تحریک کی لیڈر شپ جماعت اسلامی، نیشنل عوامی پارٹی جمیعت العلمائے پاکستان کے ہاتھ میں تھی، صوبہ سرحد کی مخلوط حکومت کو مرکزی حکومت نے برطرف کردیا تھا جس پر بلوچستان کی مخلوط حکومت نے بھی احتجاجاً استعفیٰ دے دیا، اور حکومت کے خلاف شہری علاقوں میں تحریک اپنے عروج پر پہنچ گئی۔ امن وامان کی حالات ابتر ہوگئی اور جس وقت قومی اتحاد اور پیپلز پارٹی کے درمیان مذاکرات کا سلسلہ جاری تھا اس وقت فوج نے ایک بار پھر اقتدار سنبھال کر ملک میں ۵ جولائی کو مارشل لاء نافذ کردیا۔[۶۳]

''جس وقت ملک کے حالات ابتر تھے بعض اخبارات اعلیٰ ترین رہنما، متفقہ رہنما، عظیم رہنما کی شخصیت کا سحر قائم کرنے میں مصروف تھے، پریس کو ایک بار پھر جھوٹ بولنے اور غلط اطلاعات دینے اور بدنام کرنے کا حکم دیا گیا کہیں کہیں اگر پابند پریس نے عوامی ردِعمل کے خوف سے تھوڑی بہت جنبش کرنے کی کوشش کی تو آہنی ہاتھوں سے اس کا گلا گھونٹ دیا گیا۔'' بھٹو کئی اعتبار سے خود ہی اپنے بدترین دشمن...... مطلق العنان فرماں روا، مقدس شخصیت بن چکے تھے اور اقتدار کے بھوکے اور موقع پرست درباریوں میں سے کسی میں، کسی بھی ایک شخص میں انہیں یہ بات بتانے کی ہمت نہیں تھی[۶۴]۔ لارنس زائرنگ اپنی کتاب Pakistan The Enigma of Politicial Development میں رقم طراز ہیں: ''وہ شخص جو پاکستان کو نئے سانچے میں ڈھالنے والا تھا خود اپنے آپ کو نئے سانچے میں نہ ڈھال سکا...... جب جولائی ۱۹۷۷ء میں بھٹو کو معزول کیا گیا تو ان کے پاس اقتدار کے پانچ سے زیادہ برسوں کے عوض میں پیش کرنے کو لفاظی اور سماجی انتشار کے سوا کچھ نہ تھا۔''[۶۵] ہمایوں ادیب اپنی کتاب

''صحافت پاکستان'' میں بھٹو دور کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے اس طرح سے رقم طراز ہیں کہ پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں اخبارات کے خلاف استبدادی کاروائیوں کا اگر ماضی میں اس قسم کے اقدامات سے موازنہ کیا جائے تو بھٹو حکومت کا پلڑا ڈیڑھ سو سالہ برطانوی سامراج کی زیادتیوں سے بھی بھاری نظر آئے گا۔[٦٦]

اس مضمون میں پاکستان میں پریس حکومت تعلقات اور آزادیٔ صحافت کی صورت حال کا جائزہ تین اَدوار حکومت: فیلڈ مارشل جنرل ایوب خان کا دورِ حکومت، جنرل یحییٰ خان اور ذوالفقار علی بھٹو کے جمہوری دَورِ حکومت کے تناظر میں شواہد اور اعداد و شمار پیش کیے گئے ہیں۔ اس ضمن میں حتمی طور پر حقائق کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ تینوں ادوار میں پریس کے ساتھ ناروا سلوک رکھا گیا، آمرانہ اور جمہوری دَور میں مجموعی طور پر آزادیٔ صحافت پر قدغنیں لگانے کے لیے ہر جائز و ناجائز قانونی، معاشی، سیاسی اور معاشرتی ہتھکنڈے استعمال کیے گئے۔ اس تحقیق سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ جمہوری حکومت نے بھی پریس کو کنٹرول کرنے کے لیے آمرانہ دَور کے آزمودہ نسخہ اور طریقہ ہائے کار استعمال کیے۔ الختصر یہ تحقیق حقائق کی بنا پر ظاہر کرتا ہے کہ پریس حکومت تعلقات مجوزہ دَور میں کشیدہ رہے اور آزادیٔ صحافت کی صورت حال بھی دگرگوں تھی۔

ماخذ و حوالہ جات

١۔ عالی خالد محمود (١٩٩٧ء) ''پاکستان کے صحافتی قوانین''، بہاول پور، عالی پبلی کیشنز، ص ۴۴۔

٢۔ ناز احسن اختر (١٩٩٥ء) ''صحافتی قوانین''، لاہور، اے ایچ پبلشرز، ص ۵١۔

٣۔ ایضاً

۴۔ ایضاً ص ۵٢۔

۵۔ حسن مہدی (١٩٩۵ء) ''جدید ابلاغ عام''، اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، ص ٩٧۔

٦۔ نیازی ضمیر (١٩٩۴ء) ''صحافت پابند سلاسل''، کراچی، آج، ص ٩۵۔

٧۔ عالی خالد محمود (١٩٩٧ء) حوالہ بالا، ص ٦٩۔

٨۔ نیازی ضمیر (١٩٩۴ء) حوالہ بالا، ص ١٠٢۔

٩۔ خورشید عبدالسلام (١٩٨٩ء) ''داستان صحافت''، لاہور، کاروان پریس، ص ١۴٦۔

۱۰۔ علی شہزاد، ’’پریس حکومت تعلقات ۱۹۴۷ء سے ۱۹۹۷ء تک تاریخی جائزہ‘‘، غیر مطبوعہ تحقیقی مقالہ ایم اے ابلاغیات (۹۷-۱۹۹۵ء)، زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

۱۱۔ گوہر الطاف (۱۹۹۵ء) ’’ایوب خان فوجی راج کے دس سال‘‘، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، ص ۵۲۔

۱۲۔ Khan, M. Ayub (1967) "Friends not Masters", Karachi: Oxford University Press, P.84.

۱۳۔ Ibid P.161.

۱۴۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا، ص ۱۱۹۔

۱۵۔ حسن مہدی (۱۹۹۵ء) حوالہ بالا، ص ۱۴۶۔

۱۶۔ Mujahid Al Sharif (1991) "Press System in Pakistan", Media Asia, Vol.18, No.3.

۱۷۔ شہاب قدرت اللہ (۱۹۹۰ء) ’’شہاب نامہ‘‘، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، ص ۸۰۳۔

۱۸۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا، ص ۱۲۰۔

۱۹۔ علی شہزاد، ’’پریس حکومت تعلقات ۱۹۴۷ء سے ۱۹۹۷ء تک تاریخی جائزہ‘‘، غیر مطبوعہ تحقیقی مقالہ ایم اے ابلاغیات (۹۷-۱۹۹۵ء)، زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

۲۰۔ شہاب قدرت اللہ (۱۹۹۰ء) حوالہ بالا، ص ۸۰۰۔

۲۱۔ ایضاً ص ۸۰۲۔

۲۲۔ ایضاً ص ۸۰۶، ۸۰۷۔

۲۳۔ گوہر الطاف (۱۹۹۵ء) حوالہ بالا، ص ۱۹۵۔

۲۴۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا، ص ۱۴۸۔

۲۵۔ عالی خالد محمود (۱۹۹۷ء) حوالہ بالا، ص ۵۴۔

۲۶۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا، ص ۱۵۰، ۱۵۱۔

۲۷۔ خورشید عبدالسلام (۱۹۸۹ء) حوالہ بالا، ص ۱۴۷۔

۲۸۔ Mujahid Al Sharif (1991) "Press System in Pakistan"

۲۹۔ عالی خالد محمود (۱۹۹۷ء) حوالہ بالا، ص ۶۰۔

۳۰۔ شہاب قدرت اللہ (۱۹۹۰ء) حوالہ بالا، ص ۸۳۶۔

۳۱۔ گوہرالطاف(۱۹۹۵ء)حوالہ بالا،ص۸۔

۳۲۔ علی شہزاد،''پریس حکومت تعلقات ۱۹۴۷ء سے ۱۹۹۷ء تک تاریخی جائزہ''،غیرمطبوعہ تحقیقی مقالہ ایم اے ابلاغیات (۹۷-۱۹۹۵ء)،زکریایونیورسٹی،ملتان۔

۳۳۔ نیازی ضمیر(۱۹۹۴ء)حوالہ بالا،ص۱۷۸۔

۳۴۔ عالی خالد محمود(۱۹۹۷ء)حوالہ بالا،ص۵۸۔

۳۵۔ نیازی ضمیر(۱۹۹۴ء)حوالہ بالا،ص۱۹۹۔

۳۶۔ شہاب قدرت اللہ(۱۹۹۰ء)حوالہ بالا،ص۸۱۵۔

۳۷۔ خورشید عبدالسلام(۱۹۸۹ء)حوالہ بالا،ص۱۴۷۔

۳۸۔ عالی خالد محمود(۱۹۹۷ء)حوالہ بالا،ص۵۸۔

۳۹۔ Mujahid Al Sharif (1991) "Press System in Pakistan"

۴۰۔ Niazi Zamir (1992) "The Press Under Siege", Karachi: Press Club, P.26.

۴۱۔ ادیب ہمایوں(۱۹۹۷ء)''صحافت پاکستان میں''،لاہور،عزیز پبلشرز،ص۵۵۔

۴۲۔ Niazi Zamir (1992) Op.Cit, P.28.

۴۳۔ Ibid P.29.

۴۴۔ بھٹو بے نظیر(۱۹۹۵ء)''مشرق کی بیٹی''،اسلام آباد،مساوات پبلی کیشنز،ص۹۸۔

۴۵۔ خورشید عبدالسلام(۱۹۸۹ء)حوالہ بالا،ص۱۴۸۔

۴۶۔ نیازی ضمیر(۱۹۹۴ء)حوالہ بالا،ص۲۱۱۔

۴۷۔ ایضاً

۴۸۔ ایضاً

۴۹۔ عالی خالد محمود(۱۹۹۷ء)حوالہ بالا،ص۸۲۔

۵۰۔ نیازی ضمیر(۱۹۹۴ء)حوالہ بالا،ص۲۱۲۔

۵۱۔ خورشید عبدالسلام(۱۹۸۹ء)حوالہ بالا،ص۱۴۹۔

۵۲۔ نیازی ضمیر(۱۹۹۴ء)حوالہ بالا،ص۱۳۶۔

۵۳۔ علی شہزاد،''پریس حکومت تعلقات ۱۹۴۷ء سے ۱۹۹۷ء تک تاریخی جائزہ''،غیرمطبوعہ تحقیقی مقالہ ایم اے ابلاغیات

(۹۷-۱۹۹۵ء)، زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

۵۴۔ ایضاً

۵۵۔ مجاہد منصوری (۱۹۹۲ء) ''پریس حکومت تعلقات ایک تاریخی جائزہ''، روزنامہ جنگ، لاہور، اکتوبر ۱۹۔

۵۶۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا ص ۲۲۶۔

۵۷۔ A White Paper on Misuse of Media, 1971-1977, Govt. of Pakistan, P.85.

۵۸۔ مجید نظامی کا انٹرویو: گولڈن جوبلی اشاعت روزنامہ نوائے وقت، ملتان، ۲۰ اپریل ۱۹۹۰ء۔

۵۹۔ Constitution of Pakistan 1973, Govt. of Pakistan.

۶۰۔ علی شہزاد، ''پریس حکومت تعلقات ۱۹۴۷ء سے ۱۹۹۷ء تک تاریخی جائزہ''، غیر مطبوعہ تحقیقی مقالہ ایم اے ابلاغیات (۹۷-۱۹۹۵ء)، زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

۶۱۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا ص ۱۷۸۔

۶۲۔ علی شہزاد، ''پریس حکومت تعلقات ۱۹۴۷ء سے ۱۹۹۷ء تک تاریخی جائزہ''، غیر مطبوعہ تحقیقی مقالہ ایم اے ابلاغیات (۹۷-۱۹۹۵ء)، زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

۶۳۔ احمد غفور (۱۹۹۰ء) ''اور الیکشن نہ ہوسکے''، لاہور، جنگ پبلشرز، ص ۸۔

۶۴۔ نیازی ضمیر (۱۹۹۴ء) حوالہ بالا ص ۲۱۳۔

۶۵۔ Ziaring Lawrance (1980) "Pakistan: The Enigma of Political Development", London: W and Sons, P.147.

۶۶۔ ادیب ہمایوں (۱۹۹۷ء) حوالہ بالا ص ۲۷۔